فاطمہ زہراؑ اسلام کی مثالی خاتون

مؤلف

آیۃ اللہ ابراہیم امینی

مترجم

حجۃ الاسلام اختر عباس

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مؤسسہ انصاریان للطباعۃ والنشر
شارع شہدا۔ قم ایران

نام کتاب ــــــــ فاطمہ زہراؑ (اسلام کی مثالی خاتون)
مولف ــــــــ ابراہیم امینی
مترجم ــــــــ اختر عباس
کتابت ــــــــ صفدر حسن خاں مہندی
ناشر ــــــــ انصاریان پبلیکیشنز، خیابان صفائیہ جنب کوچہ ابراہیمیہ
قم ۔ اسلامی جمہوریہ ایران
تعداد ــــــــ ۳۰۰۰
تاریخ اشاعت ــــــــ جون ۱۹۹۱ء
اشاعت ــــــــ بار دوم
قیمت ــــــــ

اہداء

اسلام کی نمونہ مستورات کے لئے

اور

ایران کی شہید پرور خواتین کے لئے

ایک ہدیہ

فہرست

نمبر شمار	عنوانات	صفحات
۱	انتساب	۹
۲	پیش لفظ	۱۰
باب ۱	حصّہ اوّل: ولادت سے ازدواج تک	[illegible]
۳	فاطمہؑ کی ماں	۱۳
۴	خدیجہ کی تجارت	۱۷
۵	مستقل مزاج عورت	۱۹
۶	فداکار عورت	۲۲
۷	اسلام کا پہلا خانوادہ	۲۳
۸	آسمانی دستور	۲۵
۹	حمل کا زمانہ	۲۷
۱۰	ولادت فاطمہؑ	۲۸
۱۱	پیدائش کی تاریخ	۲۹
۱۲	جناب رسول خداؐ اور جناب خدیجہ کی آرزو۔	۳۴
۱۳	کوثر	۳۶
۱۴	ماں کا دودھ	۳۷
۱۵	دودھ پینے کا زمانہ	۳۹
۱۶	ماں کی وفات	۴۲
۱۷	تیمیہ	۴۳
۱۸	ماں کی وفات کے بعد	۴۳
۱۹	فاطمہؑ مدینہ کی طرف	۴۷
باب ۲	حصّہ دوم: جناب فاطمہؑ کی شادی	[illegible]
۲۰	حضرت علیؑ کی پیشکش	۵۲
۲۱	ابوبکر کی جلد بہ جلد رجوع تا ہے	۵۴
۲۲	علیؑ خواستگاری کے لئے جاتے ہیں	۵۵
۲۳	موافقت	۵۷
۲۴	خطبۂ عقد	۵۸
۲۵	داماد کا انتخاب	۵۹
۲۶	حضرت زہراؑ کا مہر	۶۰
۲۷	عملی سبق	۶۱
۲۸	حضرت زہراؑ کا جہیز	۶۲
۲۹	مسلمانوں کے لئے درس	۶۳
۳۰	حضرت علیؑ کے گھر کا اثاثہ	۶۴
۳۱	عروس کے متعلق گفتگو	۶۶
۳۲	رخصتی کا جشن	۶۸

نمبر شمار	عنوانات	صفحات
43	حجلہ کی طرف	69
44	فاطمہؑ کا دیدار	72
	۳ حصہ سوم : فاطمہؑ علیؑ کے گھر میں	[illegible]
45	امور خانہ داری	79
46	شوہر کے ہمراہ	81
47	بچوں کی تعلیم و تربیت	87
48	تربیت کی اعلیٰ درسگاہ	89
49	پہلا درس : محبت	90
40	دوسرا درس : شخصیت	93
41	تیسرا درس : ایمان اور تقویٰ	99
42	چوتھا درس : نظم اور دوسروں کے حقوق کی مراعات	102
43	پانچواں درس : ورزش اور کھیل کود	103
	۴ حصہ چہارم : فضائل حضرت زہراؑ	[illegible]
44	فاطمہؑ کا علم و دانش	114
45	فاطمہؑ کا ایمان اور عبادت	118
46	بابرکت ہار	120
47	پیغمبرؐ کی فاطمہؑ سے محبت اور ان کا احترام	123
48	فاطمہؑ اور علیؑ کی سخت زندگی	127
49	عمل و ثروت	131

نمبر شمار	عنوانات	صفحات
50	حضرت زہراؑ کی عصمت	132
51	اعتراضات و جوابات	138
52	عورت جناب زہراؑ کی نظر میں	143
	۵ حصہ پنجم : جناب فاطمہؑ باپ کے بعد	[illegible]
53	تعب اور تبسم	152
54	زائری پرستش	154
55	فاطمہ باپ کے بعد	157
56	حضرت زہراؑ کے ضمن مبارزے	159
57	مختصر مبارزہ	167
58	تیسرا امر علۂ فدک	169
59	رسول خداؐ نے فدک کیلئے جناب فاطمہؑ کو بخشا	172
60	فدک لینے کے اسباب	173
61	جناب زہراؑ کا ردعمل	178
62	بحث اور استدلال	181
63	پھر بھی استدلال	184
64	خلیفہ سے وضاحت کا مطالبہ	186
65	جناب فاطمہؑ کی دہلا دینے والی تقریر	188
66	خلیفہ کا ردعمل	200
67	ابوبکر کا جواب	202
68	جناب فاطمہؑ کا جواب	203
69	خلیفہ کا ردعمل	204
70	جناب ام سلمہ کی حمایت	206
71	قطع کلامی	207
72	شب میں تدفین	211
73	نتیجہ	212
	۶ حصہ ششم : جناب فاطمہؑ موت کے نزدیک	[illegible]
74	فاطمہؑ بیماری کے بستر پر	220

صفحات	عنوانات	نمبر شمار
۲۲۲	زیادہ غم و اندوہ	۷۵
۲۲۳	ناپسندیدہ عبادت	۷۶
۲۲۵	فاطمہؑ کی وصیت	۷۷
۲۲۹	آپ اپنی زندگی کے آخری لمحات میں	۷۸
۲۳۳	آپ کا دفن اور تشییع جنازہ	۷۹
۲۳۴	حضرت علیؑ جناب زہراؑ کی قبر پر	۸۰
۲۳۸	وفات کی تاریخ	۸۱
۲۴۱	جناب فاطمہؑ کی قبر مبارک	۸۲
	حصہ ہفتم: حضرت زہراؑ کا ابو بکر سے اختلاف اور اس کی تحقیق	
۲۴۳	اختلاف اور نزاع کا موضوع	۸۳
۲۴۸	پیغمبرؐ کے شخصی اموال	۸۴
۲۵۱	فدک	۸۵
۲۵۴	فدک جناب فاطمہؑ کے پاس	۸۶
۲۶۰	فدک دینے کا طریقہ	۸۷
۲۶۲	فدک کے واقعے میں قضاوت	۸۸
۲۷۳	رسول خداؐ کے مدینہ میں اموال	۸۹
۲۷۵	خیبر کے خمس کا بقایا	۹۰
۲۷۸	رسول خداؐ کی وراثت	۹۱
۲۷۹	قرآن میں وراثت	۹۲
۲۸۰	جناب ابو بکر کی حدیث	۹۳
۲۸۲	قرآن کی مخالفت	۹۴
۲۸۶	اشکالات	۹۵
۲۸۹	تنبیہ	۹۶

فون | انتشارات انصاریان خیابان صفائیہ قم ایران | ۷۷۴۴۲۱۴

انتساب

پروردگارا تیرے سوا شہید کے حقیقی مرتبے سے کوئی واقف نہیں کہ انہوں نے اپنی ہستی کو تیری راہ میں قربان کر دیا۔ ان کا انسانیت پر عظیم احسان ہے کہ جس کا یہ عوض تو ہی دے سکتا ہے۔

خداوندا اگر اس معمولی کوشش کا تیرے نزدیک کوئی ثواب ہو تو میں اسے اسلام کے پاکیزہ شہداء اور بالخصوص ایران کے انقلاب اسلامی کے شہداء اور انقلاب کے عظیم رہبر حضرت آیت اللہ العظمیٰ نائب امام زمان آقا خمینی کے ایثار گر رفقاء کو ہدیہ کرتا ہوں اور یہ معمولی ہدیہ پیش کرتے ہوئے امیدوار ہوں کہ وہ پروردگار کے سامنے نگاہ لطف کریں گے۔ معذرت خواہ۔

۔ مولف ۔

مترجم کی تمنا بھی وہی ہے جو کہ مولف کی ہے۔

۔ مترجم ۔

MOWLANA NASIR DEVJANI
MAHUVA, GUJARAT, INDIA
PHONE : 0091 2844 28711
mail : devjani@netcourrier.com

پیش لفظ

جن لوگوں کو تاریخ سے لگاؤ رہا ہے اور جنہوں نے اپنی عمر کا کچھ حصہ مردوں اور مشہور عورتوں کے حالات زندگی کے مطالعہ میں صرف کیا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ اس میں ان کے مختلف اغراض ہوں۔

بعض لوگوں کی تاریخی کتابوں کے مطالعے سے غرض وقت کا کاٹنا ہوتا ہے اور وہ فراغت کا وقت تاریخی کتابوں کے مطالعے میں صرف کرتے ہیں وہ تاریخ اس غرض سے پڑھتے ہیں کہ وقت گزاری کے ساتھ تعجب آور اور جاذب نظر کہانیاں یاد کر لیں اور پھر انہیں دوستوں کی محفل میں آب و تاب سے بیان کریں لیکن

ایک گروہ کی غرض تاریخ کے مطالعے سے اس سے بالاتر اور قیمتی ہوا کرتی ہے۔ وہ بزرگوں کے حالات کا اس غرض سے مطالعہ کرتے ہیں کہ ان سے زندگی کا درس حاصل کریں۔ وہ تاریخ میں ان کی عظمت اور کامیابی کا راز معلوم کرتے ہیں تاکہ ان کے اعمال اور افعال کو اپنی زندگی کے لئے مشعل راہ قرار دیں اسی طرح قوموں کی اور افراد کی شکست اور انحطاط کے عوامل و اسباب معلوم کرتے ہیں تاکہ خود ان میں گرفتار نہ ہوں اور اپنے معاشرے کو اس سے محفوظ رکھیں۔ اسی طرح جو عظیم پیغمبروں کے مفصل حالات اور ائمہ اطہار اور دوسرے دینی افراد کی زندگی کا مطالعہ کرتے ہیں دو قسم کے ہوتے ہیں۔

ایک گروہ کا مقصد سوائے وقت گزاری اور مشغول رہنے کے اور کچھ نہیں ہوتا وہ پیغمبروں اور اماموں کے مناقب اس لئے پڑھتے ہیں کہ عجیب اور قصے حفظ کریں اور

ان کا مجالس میں تذکرہ کریں اور ساتھ وقت بھی کٹ جائے وہ عجیب و غریب واقعات کے پڑھنے سے لذت اندوز ہوتے ہیں اور تذکرہ اہل بیت کے مراثی اور فضائل کے سننے کے ثواب پر ہی قناعت کرتے ہیں۔

لیکن دوسرا گروہ ایک ایسے انسانوں کا ہے جو اللہ تعالیٰ کی برگزیدہ ہستیوں کے حالات کا مطالعہ اس غرض کے لئے کرتے ہیں تاکہ ان کی عظمت اور محبوبیت کے راز کو معلوم کریں اور ان کی زندگی اور روش کے راستے جو در حقیقت دین کا صراط مستقیم ہے حاصل کریں اور ان کے اعمال اور کردار سے زندگی کا درس حاصل کریں۔

افسوس اس بات پر ہے کہ اکثر لوگ جو ائمہ علیہم السلام کی تاریخ کی طرف رجوع کرتے ہیں وہ پہلی قسم کے لوگ ہوتے ہیں۔

غالباً پیغمبروں اور ائمہ اطہار کے مناقب کی کتابیں تعجب خیز بلکہ بسا اوقات مبالغہ آمیز واقعات سے مملو پائی جاتی ہیں۔ لیکن ان کی اجتماعی اور سیاسی اور اخلاقی زندگی کو اور ان کی رفتار اور کردار اور گفتار کو بطور اختصار بیان کر دیا جاتا ہے ہر ایک مسلمان نے پیغمبر اور ہر ایک امام کی کئی اور تعجب انگیز داستانیں تو یاد کر رکھی ہوں گی لیکن ان کی اجتماعی زندگی اور ان کے انفرادی اعمال و کردار اور ان کا ظالموں اور اسلام دشمن حکومت کے برتاؤ سے مطلع تک نہ ہوں گے۔

اس کتاب کے لکھنے کی وجہ یہ ہے کہ حضرت زہرا علیہا السلام کی زندگی کے دوسرے پہلو کی تحقیق کی جائے اور اسے مورد تجزیہ اور تحلیل قرار دیا جائے اسی وجہ سے اگر بعض مناقب یا قصے بیان ذکر نہیں کئے گئے تو اس پر اعتراض نہ کیا جائے۔ کیونکہ اصل غرض یہ ہے کہ آنحضرت کی شخصیت کو زندگی اور اخلاق اور رفتار کے لحاظ سے واضح کیا جائے۔

افسوس ہوتا ہے کہ اس بزرگوار کی زندگی اس قدر مبہم رکھی گئی ہے کہ جس کا ذکر

اسلام کے ابتدائی مدارک میں بہت کم ملتا ہے۔ آپ کی زندگی کو ابہام میں رکھنے کی کئی ایک وجوہ ہیں۔

پہلی وجہ: آپ کی زندگی مختصر تھی اور اٹھارہ سال سے متجاوز نہ تھی آپ کی آدھی زندگی ہونے سے پہلے کی بہت زیادہ مورد توجہ قرار نہیں پائی۔ بلوغ سے موت تک کا فاصلہ بہت زیادہ نہ تھا۔

دوسری وجہ: چونکہ آپ کا تعلق صنف نازک سے تھا اور آپ کی اکثر زندگی گھر کی چہار دیواری کے اندر بیتی کئی لہٰذا بہت تھوڑے لوگ تھے جو آپ کی داخلی زندگی کے صحیح طور پر واقف تھے۔

تیسری وجہ: اس زمانے کے لوگوں کے افکار اتنے بلند نہ تھے کہ وہ پیغمبر اسلام کی دختر جو اسلام کی مثالی خاتون تھی کی قدر و قیمت سے واقف ہوتے قائل ہوتے کہ ان کی زندگی کے جزئیات کو محفوظ کر لینے کو اہمیت دیتے۔

بہر حال اگرچہ آپ کی زندگی کے جزئیات کو خاص طور پر اور آپ کے رفتار و کردار پر جو اسلام کی خاتون کا نمونہ تھے مکمل طور پر محفوظ نہیں کیا گیا لیکن ہم نے اس مقدار پر جو اس وقت تاریخ میں موجود ہیں ان سے آپ کی شخصیت کا تجزیہ کر کے بیان کیا ہے۔ اسی بنا پر بعض اوقات مجبور ہو کر بعض معمولی تاریخ نویسوں کے حوالے اور نقل پر اکتفا کر کے نتیجہ اخذ کیا ہے اور اسے مورد تجزیہ اور تحلیل قرار دیا ہے۔

مثالی خاتون

اسلام نے عورتوں کے ترقی اور ترقی کے لئے خاص احکام اور قوانین وضع کئے ہیں ایک دستور ہے کہ جس سے اسلام کی شائستہ خاتون اور اس کی اصولی تربیت کے آثار اور نتائج کو دیکھا جا سکتا ہے یہ ہے کہ صدر اسلام کی ان خاتون کی زندگی کو کامل طور پر معلوم کیا جائے کہ جس کی تربیت وحی کے مکتب نے کی ہو اور ان کی زندگی کے

تمام جزئیات کا دقیق نظر سے مطالعہ کیا جائے۔

حضرت زہرا؟ تمام اسلامی خواتین میں درجہ اول پر فائز ہیں کیونکہ صرف یہی وہ ایک خاتون ہیں کہ جن کا باپ معصوم ہے اور شوہر معصوم اور خود بھی معصوم ہیں آپ کی زندگی اور تربیت کا ماحول عصمت و طہارت کا ماحول تھا، آپ کا عہد طفلی اس ذات کے زیر سایہ گزرا جس کی تربیت بلا واسطہ پروردگار عالم نے کی تھی۔

امور خانہ داری اور بچوں کی پرورش کا زمانہ اسلام کی دوسری عظیم شخصیت یعنی علی بن ابی طالب علیہ السلام کے گھر میں گزارا اسی زمانے میں آپ نے دو معصوم امام حسن اور امام حسین علیہم السلام کی تربیت فرمائی اور دو جرات مند و شیر دل اور فداکار بیٹیاں جناب زینب اور جناب ام کلثوم کو اسلامی معاشرہ کے سپرد کیا۔ ایسے گھر میں واضح طور سے احکام اسلامی اور تہذیب اسلامی کے رواج کا مشاہدہ کیا جا سکتا ہے اور اس میں اسلام کی پاکیزہ اور مثالی خاتون کو تلاش کیا جا سکتا ہے۔

ہماری روش:

لکھنے والے کئی قسم کے ہوتے ہیں۔

ایک گروہ ہے کہ جو ان مطالب کو معتبر اور پر ارزش شمار کرتا ہے جو اہلسنت کی کتابوں اور مدارک میں موجود ہوں اور ان مطالب کو کہ جو صرف شیعوں کی کتابوں میں پائے جاتے ہوں نقل کرنے سے بالکل پرہیز کرتا ہے بلکہ ان کو بری نگاہ سے دیکھتا ہے۔

ایک گروہ وہ ہے جو صرف ان مطالب کو صحیح اور معتبر قرار دیتا ہے جو شیعوں کی کتابوں میں موجود ہوں اور ان مطالب کے نقل کرنے سے گریز کرتا ہے جو صرف اہلسنت کی کتابوں میں پائے جاتے ہوں۔

لیکن ہماری نگاہ میں دونوں افراط اور تفریط میں مبتلا ہیں۔ بہت سے حقائق کو

نظر انداز کر جاتے ہیں، چونکہ وہ صرف اہلسنت کی کتابوں میں پائے جاتے ہیں۔ ایسے حقائق بھی پیدا کئے جا سکتے ہیں جو شیعوں کی کتابوں میں موجود نہیں ہوتے اور شیعوں کی کتابوں میں ایسے حقائق بھی معلوم کئے جا سکتے ہیں جو اہلسنت کی کتابوں میں موجود نہیں ہوتے۔ شیعوں نے بھی کتابیں لکھی ہیں اور بہت سے مطالب کو ائمہ طاہرینؑ اور پیغمبرؐ کے اہل بیتؑ سے چونکہ یہی حضرات علم کے لئے مرجع بتلائے گئے ہیں، نقل کیا ہے۔

زمانہ کے لحاظ سے شیعہ مولف سنی مؤلفین سے مقدم ہیں یہ انصاف سے دور نظر آتا ہے کہ بعض سنی مؤلفین، شیعوں کی کتابوں اور مدارک سے قطع نظر کرتے ہوئے ان مطالب کے نقل سے گریز کریں جو سنی کتابوں اور ماخذ میں نہ پائے جاتے ہوں یہ حضرات حد سے زیادہ اہلسنت کی کتابوں کے متعلق حسن ظن رکھتے ہیں۔ یہ خیال کرتے ہیں کہ ان کتابوں کے تمام لکھنے والے حقیقت کے عاشق اور ہر قسم کے تعصب سے خالی اور مبرا تھے، اور انہوں نے تمام حقائق و واقعات کو لکھ ہی دیا ہے، جب ان کتابوں میں کوئی مطلب نہ پایا جاتا ہو تو وہ لازماً مطلب بے بنیاد ہوگا حالانکہ ایسی سوچ صحیح نہیں ہے کیونکہ جو شخص بھی غیر جانبدار ہو کر اہلسنت کی کتابوں اور مدارک کا دقت سے مطالعہ کرے بلکہ ایک ہی کتاب کی متعدد طباعت دیکھے تو اس کا یہ حسن ظن اور خوش فہمی بے بنیاد نظر آئے گا۔ اور اس طرح نظر نہیں آئے گا کہ تمام لکھنے والے تعصب اور خود غرضی سے خالی تھے۔

بنابرایں، ہم نے اس کتاب میں اہل سنت کی کتابوں سے بھی استفادہ کیا ہے اور شیعوں کی کتابوں اور مدارک سے بھی بعض ایسے مطالب کہ جن کے نقل کرنے سے سنی مؤلفین نے احتراز کیا ہے یا بطور اجمال اور اشارہ کے نقل کیا ہے ہم نے انہیں شیعوں کی کتابوں اور مدارک سے نقل کیا ہے۔

ابراہیم امینی

حصہ اول

ولادت سے ازدواج تک

ہر انسان کی شخصیت ایک حد تک اس کے خاندان اور اپنے ماں، باپ کے اخلاق اور جس ماحول میں وہ نشو و نما پاتا ہے اس سے اس کی زندگی وابستہ ہوا کرتی ہے، ماں، باپ ہی ہوتے ہیں کہ جو کسی انسان کی شخصیت کی داغ بیل ڈالتے ہیں اور اسے اپنے روحی آداب اور اخلاق میں ڈھال کر معاشرہ کے سپرد کرتے ہیں کہ در حقیقت کہا جا سکتا ہے کہ ہر ایک فرزند اپنے ماں باپ کے اسوہ کا پورا آئینہ دار ہوتا ہے۔

جناب فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کے باپ کی تعریف و توصیف و وضاحت اور تشریح کی محتاج نہیں ہے کیونکہ پیغمبر اسلامؐ کا فوق العادہ شخصیت کا مالک ہونا اور آپ کی عظمت روحی اور پسندیدہ اخلاق اور بلند ہمت اور فداکاری کسی مسلمان فرد بلکہ کسی بھی با اطلاع انسان پر مخفی نہیں ہے آپ کی عظمت کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ خداوند عالم نے آپ کے بارے میں ارشاد فرمایا ہے کہ اے محمدؐ آپ خلق عظیم کے مالک ہیں۔

اگر ہم یہاں پیغمبر اسلامؐ کی تعریف اور توصیف اور اخلاق کا ذکر کرنا شروع کر دیں تو اصل مطلب سے دور ہٹ جائیں گے۔

فاطمہؑ کی ماں

آپ کی والدہ ماجدہ جناب خدیجہ بنت خویلد تھیں جناب خدیجہ

۔ قریش کے ایک شریف اور معزز خاندان میں پیدا ہوئی اور اسی ماحول میں پرورش پائی۔ آپ کے خاندان کے سارے افراد دانشمند اور اہل علم تھے اور وہ خانہ کعبہ کی حمایت کرنے والوں میں شمار ہوتے تھے۔

جس زمانے میں یمن کے بادشاہ تبع نامی نے حجر اسود کو خانہ کعبہ سے اکھاڑ کر یمن لے جانے کا ارادہ کیا تھا تو جناب خدیجہ کے والد ہی تھے جو ان کے دفاع کے لئے کھڑے ہو گئے تھے اور آپ کی فداکاری اور مبارزہ کے نتیجہ میں تبع نے اپنے ارادے کو ترک کر دیا اور حجر اسود سے صرف نظر کر لیا[۱]

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جناب خدیجہ کے خاندان والے صاحب فکر گہری سوچ کے مالک اور جناب ابراہیم علیہ السلام کے دین کے گرویدہ تھے۔

خدیجہ کی تجارت

گرچہ تاریخ نے جناب خدیجہ کی زندگی کے جزئیات محفوظ نہیں کئے لیکن جو کچھ بعض تاریخوں سے ملتا ہے اس سے آپ کی شخصیت واضح ہو جاتی ہے۔ ملتا ہے کہ جناب خدیجہ نے جوانی کی ابتدا میں عتیق بن عائذ نامی شخص سے شادی کی لیکن تھوڑے ہی عرصہ کے بعد عتیق فوت ہو گیا اور جناب خدیجہ کے لئے بہت زیادہ مال و دولت چھوڑ گیا۔ آپ نے ایک مدت تک شوہر نہیں کیا لیکن بنی تمیم کے ایک بڑے آدمی ہند بن نباش سے آپ نے بعد میں شادی کر لی، لیکن یہ ہند بھی جوانی کے عالم میں فوت ہو گیا اور جناب خدیجہ کے لئے کافی ثروت چھوڑ گیا۔

ایک ایسی بات کہ جس سے جناب خدیجہ کی بزرگی اور بلند ہمتی اور آزادی اور

۱۔ الروض الانف ۔ ج ۱ ص [illegible]۔

استقلال نفس کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے وہ یہ ہے کہ جناب خدیجہ کو پہلے شوہر اور دوسرے شوہر سے جو بے پناہ دولت ملی تھی اسے آپ نے یوں ہی روک نہیں رکھا اور نہ ہی اسے ربا اور سود پر اٹھا دیا تھا کہ جو اس زمانے میں مروج اور عام کاروبار شمار ہوتا تھا بلکہ آپ نے اسے تجارت میں لگا دیا اور اس کے لئے آپ نے دیانت دار افراد کو ملازم رکھا اور ان کے ذریعے سے تجارت کرانی شروع کر دی۔ آپ نے جائز تجارت کے ذریعے بہت زیادہ دولت کمائی، لکھا ہے کہ ہزاروں اونٹ آپ کے نوکروں کے ہاتھ میں تھے کہ جن سے وہ مصر، شام اور حبشہ میں تجارت کرتے تھے۔[1]

ابن ہشام لکھتے ہیں کہ جناب خدیجہ ایک شریف اور مالدار عورت تھیں وہ ایسی سرمایہ دار تھیں کہ جو تجارت کیا کرتی تھیں، بہت سے افراد ان کے یہاں ملازمت کرتے تھے، جو آپ کے لئے تجارت کیا کرتے تھے۔[2]

یہ واضح رہے کہ اتنے بڑے کاروبار کو چلانا اور وہ بھی اس زمانے میں اور بالخصوص جزیرۃ العرب میں کوئی معمولی کام نہ تھا اور وہ بھی ایک عورت کے لئے اور اس زمانے میں جب کہ عورتیں تمام اجتماعی حقوق سے محروم تھیں اور بہت سنگدل مرد اپنی بے گناہ لڑکیوں کو زندہ دفن کر دیتے تھے، لامحالہ یہ کہنا پڑے گا کہ عورت ایک غیر عادی ذہن اور شخصیت اور استقلال نفسانی کی مالک ہونی چاہیئے کہ جس کے پاس کافی معلومات ہوں گے تاکہ وہ اتنی بڑی وسیع و عریض تجارت کو چلا سکے۔

---

[1] بحار الانوار۔ ج [illegible]، ص [illegible]۔

[2] سیرۃ ابن ہشام۔ ج [illegible]۔ ص [illegible]۔

مستقل مزاج عورت

جناب خدیجہ کی روشن زندگی کا برجستہ نکتہ آپ کا جناب رسول خدا سے ازدواج کا قصہ ہے، جب آپ کے پہلے اور دوسرے شوہر وفات پا گئے تو آپ میں ایک مستقل مزاجی اور مخصوص قسم کی آزادی پیدا ہو گئی، آپ عاقل ترین اور رشید ترین مردوں سے جو تجارت میں ماہر تھے شادی کرنے پر بھی حاضر نہیں ہوتی تھیں حالانکہ آپ سے شادی کرنے کے خواہشمندوں میں خاندانی لحاظ سے نجیب اور بہت زیادہ سرمایہ دار ہوتے تھے اور اس بات پر تیار رہتے تھے کہ آپ کے لئے بہت زیادہ گراں مہر ادا کر کے بھی شادی کر لیں لیکن آپ سختی سے شادی کی مخالفت کیا کرتی تھیں۔ لیکن دلچسپ و جاذب نظر نکتہ یہ ہے کہ یہی خدیجہ جو اشراف عرب اور سرمایہ داروں سے شادی کرنے پر تیار نہ ہوتی تھیں، کمال شوق اور فراخ دلی سے جناب محمدؐ کے ساتھ جو یتیم اور تہی دست تھے شادی کر لیتی ہیں۔

جناب خدیجہ ان عورتوں میں سے نہ تھیں کہ جس کا چاہنے والا کوئی نہ ہو بلکہ تاریخ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کے خواستگار بڑی شخصیت کے مالک اور معزز لوگ تھے بلکہ بادشاہ اور سرمایہ دار آپ کے پاس شادی کرنے کی خواہش لے کر آتے اور آپ ان سے شادی کرنے پر راضی نہ ہوتی تھیں، لیکن پیغمبر علیہ السلام کے ساتھ ازدواج کرنے پر نہ فقط راضی ہوئیں بلکہ خود انہوں نے بہت زیادہ اصرار اور علاقہ مندی سے اس کی پیشکش کی اور حق مہر کو بھی اپنے مال سے ہی قرار دیا جب کہ یہی چیز آپ کے لئے استہزاء اور سرزنش کا باعث بھی بنی۔

جب کہ دیکھا یہ جاتا ہے کہ عورتیں اکثر مال اور زندگی کی آرائش اور تجملات سے بہت

[illegible]

[illegible]

[illegible]

سمجھ ۔

[illegible] تاریخ میں [illegible] جناب خدیجہ [illegible]

کہ جناب محمدؐ [illegible] روانہ ہو گئے [illegible]

ہو چکی تھی جب [illegible] جناب محمدؐ [illegible]

[illegible]

سفر کے دوران جناب محمدؐ کے [illegible]

[illegible]

[illegible] آپ سے شادی کر دیں ۔

[illegible]

گو [illegible] آپ گفتگو کرے [illegible] آپ

[illegible]

[illegible] آپ [illegible] کر دیں [illegible]

[illegible]

تاریخ کی کتب [illegible] جناب خدیجہ [illegible]

[illegible] جناب محمدؐ [illegible] جناب خدیجہ کو بشارت سنائی [illegible] جناب محمدؐ اور ان کے رشتہ داروں کو آپ سے شادی کرنے پر [illegible] جناب خدیجہ [illegible] قیمت پانچ سو اشرفی تھی

جب جناب محمدؐ آپ کے گھر سے باہر نکلنے لگے تو جناب خدیجہ نے عرض کی کہ میرا گھر آپ کا گھر ہے [illegible] آپ جس وقت چاہیں اس گھر میں تشریف لائیں۔

پیغمبر علیہ السلام کے لیے یہ شادی [illegible] تھی کیونکہ ایک طرف تو آپ خود [illegible] تھے [illegible] دوسری [illegible] کی عمر تک شادی نہ کر سکے [illegible] دوسری طرف آپ کے پاس کوئی گھر نہ تھا [illegible] اس مبارک شادی سے آپ کا فقر دور ہو گیا اور آپ کو ایک [illegible] گھر مل گیا ۔

[illegible]

[illegible]

فداکار عورت

جی ہاں جناب محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور جناب خدیجہ نے [illegible]

[illegible]

پہلی عورت جو جناب رسول خدا پر ایمان لائیں جناب خدیجہ تھیں۔ اس عظیم خاتون نے اپنے تمام مال اور بے حساب ثروت کو بغیر کسی قید و شرط کے جناب رسول خدا کے اختیار میں دے دیا۔ جناب خدیجہ [illegible] فکر و غور [illegible] مستحقوں کے دیکھتے ہیں [illegible] شوہر کی پروا نہیں کرتیں اور [illegible] خرچ کرنے سے دریغ کرتی ہیں۔ جناب خدیجہ پیغمبر علیہ السلام کے عالی مقصد سے [illegible] تھیں اور آپ سے عقیدت رکھتی تھیں [illegible] اپنے تمام مال کو [illegible] کے اختیار میں دے دیا اور کہا کہ آپ جس طرح مصلحت دیکھیں اس کو خدا کے دین کی ترویج اور اشاعت میں خرچ کریں۔

ہشام نے لکھا ہے کہ جناب رسول خدا کو جناب خدیجہ سے بہت زیادہ محبت تھی اور آپ ان کا احترام کرتے تھے اور اپنے کاموں میں ان سے مشورہ [illegible] وہ [illegible] رشید اور روشن فکر خاتون آپ کے لیے ایک [illegible] دوسری [illegible] جب تک جناب خدیجہ زندہ رہیں [illegible] سے دوسری شادی نہیں کی۔[1]

جناب رسول خدا فرمایا کرتے تھے کہ جناب خدیجہ بہشت کی عورتوں میں سے بہترین عورت ہیں۔[2]

[1], [2] تذکرۃ الخواص [illegible] ۔ بحار [illegible] ۔ ص [illegible] ۔

جناب عائشہ کہتی تھیں کہ جناب پیغمبر علیہ السلام جناب خدیجہ کا اتنی اچھائی سے ذکر کرتے تھے کہ ایک دن میں نے عرض کی یا رسول اللہ خدیجہ ایک بوڑھی عورت تھیں اللہ تعالیٰ نے اس سے بہتر آپ کو عطا کی ہے۔ پیغمبر اسلام غضبناک ہوئے اور فرمایا خدا کی قسم اللہ نے اس سے بہتر مجھے عطا نہیں کی۔ خدیجہ اس وقت مجھ پر ایمان لائیں جب دوسرے کافر تھے۔ اس نے میری اس وقت تصدیق کی جب دوسرے میری تکذیب کرتے تھے۔ اس نے اپنے مال سے [illegible] میری مدد کی [illegible] خدا نے میری نسل اس سے چلائی ــــــ جناب عائشہ کہتی ہیں کہ میں نے [illegible] ارادہ کر لیا کہ اس کے بعد خدیجہ کو برا نہیں کہوں گی۔[1]

روایات میں وارد ہوا ہے کہ جب جبرئیل پیغمبر پر نازل ہوتے تھے تو عرض کرتے تھے کہ خدا کا پیغام جناب خدیجہ کو پہنچا دیجئے اور [illegible] کہہ دیجئے کہ بہشت [illegible] عورت [illegible] جنت میں تمہارے لئے بنایا گیا ہے۔[2]

اسلام کا پہلا خانوادہ

اسلام میں پہلا گھر اور کنبہ کہ جس کی بنیاد [illegible] جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور خدیجہ کا گھر تھا۔ اس گھر کا خانوادہ [illegible] افراد پر مشتمل تھا جناب رسول خدا، جناب خدیجہ اور حضرت علی علیہ السلام۔ یہ گھر [illegible] کا مرکز تھا جس پر [illegible] ہوتی تھی اس کے [illegible]

[1] تذکرۃ الخواص ص [illegible] ۔

[2] تذکرۃ الخواص ص [illegible]

توحید کے دین کو دنیا میں پھیلانا تھا۔ تمام عالم میں ایک گھر ایسا ہو [illegible] کوئی مشرک گھر موجود نہ تھا لیکن توحید کی چلتی پھرتی [illegible] کے علاوہ کار سپاہیوں کا [illegible] دور تھا کہ [illegible] کے دلوں کو فتح کر کے ان پر عقیدۂ توحید کا پرچم لہرائیں گے۔ [illegible] چہاد [illegible] سے بس [illegible] تھی جناب رسول خدا [illegible] کے دشمن کے متعلق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ [illegible] تو خلق عظیم کا مالک ہے۔

آپ جناب خدیجہ کو بہت چاہتے تھے اور ان کا احترام کرتے تھے یہاں تک کہ ان کی سہیلیوں کو تحفہ بھیجتے تھے۔

کہتے ہیں کہ جب کبھی آپ کے لیے ہدیہ لایا جاتا تھا تو آپ فرماتے کہ اسے فلاں عورت کے گھر لے جاؤ کیونکہ وہ جناب خدیجہ کی سہیلی تھیں۔

اس گھر کی دوسری مدبر اور سردار جناب خدیجہ تھیں وہ جناب رسول خدا کے مقصد و مقدس ہدف پر پورا ایمان رکھتی تھیں اور اس مقدس ہدف تک پہنچنے کے لئے کسی بھی کوشش اور فداکاری سے دریغ نہیں کرتی تھیں۔ اپنی تمام دولت کو جناب رسول خدا کے اختیار میں دے رکھی تھی اور [illegible] کہ یہ گھر اور اس کا تمام مال آپ کا ہے [illegible] آپ کی [illegible] وقت [illegible] کے وقت جناب رسول خدا کو تسلی دیا کرتیں اور ہدف تک پہنچنے میں مدد کیا کرتیں۔ [illegible] آپ کو [illegible] کا باعث بنا [illegible] جناب خدیجہ کی محبت و شفقت کی وجہ سے تمام پریشانیوں کو فراموش کر دیتے تھے [illegible] مشکلات میں [illegible] ہونے سے مسرور [illegible] کر لیتے تھے۔

[illegible]

[illegible]

جی ہاں اس برکت کے باعث [illegible] پیغمبر کا [illegible] مستحکم ہوتا تھا [illegible] اسلام کے [illegible] اور آپ کے باعث گھر [illegible] گرم [illegible] جناب فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا متولد ہوئیں۔

آسمانی دستور

ایک دن جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ابطح میں بیٹھے ہوئے تھے کہ جبرئیل نازل ہوئے اور عرض کی: خداوند عالم نے آپ پر سلام بھیجا ہے اور فرمایا ہے کہ چالیس دن تک آپ جناب خدیجہ سے علیحدہ [illegible] اور تہجد میں مشغول رہیں۔ پیغمبر اسلام [illegible] تعالیٰ کے حکم کے مطابق چالیس دن تک جناب خدیجہ کے گھر نہ گئے اور اس مدت میں رات کو [illegible] عبادت میں مشغول رہتے تھے اور دن میں روزے رکھتے تھے۔

آپ نے عمار کے توسط سے جناب خدیجہ کو پیغام بھیجا کہ اے محترمہ خاتون! میری [illegible] ناراض نہ ہونا [illegible] کسی دشمنی [illegible] کی وجہ سے [illegible] میرے [illegible] علیحدگی [illegible] آخر میں [illegible] کے حکم کی پیروی کی [illegible] خدا [illegible] ہر روز [illegible] میرے وجود سے اپنے دوستوں پر فخر کرتا ہے [illegible] گھر کا دروازہ بند کر کے اپنے بستر پر [illegible] میں [illegible] کے حکم کا منتظر ہوں [illegible] مدت [illegible] گھر [illegible] گا۔

جناب خدیجہ علیہا السلام [illegible] کے مطابق عمل کرتی رہیں لیکن اس مدت میں [illegible] کرتی رہیں۔

جب اسی طرح چالیس دن مکمل ہو گئے تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے فرشتہ نازل ہوا

[illegible]

پھر [illegible] جناب خدیجہ کے گھر کی طرف روانہ ہوئے [illegible]

[illegible] گھر میں داخل ہوئے اور بہت زیادہ وقت نہیں گزرا تھا کہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کا نور [illegible] کے صلب سے [illegible] منتقل ہو گیا

حمل کا زمانہ

[illegible]

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں [illegible]

بحار الانوار [illegible]

[illegible]

[illegible] جناب خدیجہ سے بیان کیا اور اس خبر سے خدیجہ کو خوشی [illegible] آپ کو خوشنود کیا

[illegible]

اس قسم کی بشارت سنی [illegible] اس قسم کی بڑی سعادت سے نوازا کہ جب [illegible] کے معصوم [illegible] آپ کا دل خوشی سے باغ باغ ہو گیا [illegible] آپ کی [illegible] کی [illegible] وہ فخر کرتی تھیں [illegible] شکم مبارک میں [illegible]۔

ولادت فاطمہؑ

جناب خدیجہ کی حاملگی کی مدت ختم ہوئی اور ولادت کا وقت پہنچا جناب خدیجہ [illegible] کسی کو [illegible] قریش کی عورتوں کے پاس [illegible] اس خطرناک موقع پر میری [illegible] بچے کی ولادت [illegible] تھوڑی دیر کے بعد وہ شخص [illegible] جناب خدیجہ کے پاس [illegible] گھر کا دروازہ [illegible] کھٹکھٹایا [illegible] کرنے سے سب نے [illegible] کہ خدیجہ [illegible] کی تھی [illegible] کے خلاف ایک یتیم سے شادی کر لی [illegible] آ سکتے ہیں اور نہ تمہاری مدد کر سکتے ہیں۔

جب جناب خدیجہ نے [illegible] عورتوں کا [illegible] جسم [illegible] وقت اللہ کے فرشتے [illegible] جنت کی حوریں [illegible] فاطمہ سلام اللہ علیہا [illegible] کا چمکنا [illegible] قدم رکھا [illegible] ولادت [illegible]

دور مسرور کر دیا۔

پیدائش کی تاریخ

حضرت فاطمہؑ کی پیدائش کی تاریخ میں علما کے درمیان اختلاف ہے لیکن علمائے شیعہ کے درمیان مشہور [illegible] جمعہ کے دن [illegible] کے بعد پانچ سال [illegible] پیدا ہوئیں۔

[illegible] آپ کی پیدائش کو بعثت کے پہلے سال [illegible] بعض بعثت سے پانچ سال پہلے۔

[illegible] کے حاشیہ پر لکھا ہے کہ فاطمہؑ [illegible] پیغمبر [illegible]

[illegible] فاطمہؑ بعثت سے پہلے [illegible]

[illegible]

[illegible] دلائل الامامہ [illegible] ص [illegible]۔

چھتیس سال بعد ہم جناب خدیجہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں کہ [illegible] سے کتنی [illegible]
[illegible] کی [illegible] سے [illegible] جناب خدیجہ سے [illegible]
[illegible] آپ [illegible] پوچھیں [illegible] کی [illegible] کے حالات [illegible]
[illegible] شیعہ علماء کی کثیر تعداد [illegible] منقول ہے [illegible] کے صفحہ [illegible] کلینی نے
کافی کی جلد [illegible] صفحہ [illegible] کی جلد [illegible] کے صفحہ [illegible]
کی جلد [illegible] کے صفحہ [illegible] مجلسی [illegible] کی جلد [illegible] کے صفحہ [illegible]
[illegible] کے صفحہ [illegible] کی جلد [illegible] کے صفحہ [illegible]
[illegible] کے صفحہ پر بعض [illegible] کی جلد [illegible] کے صفحہ [illegible]
دیگر علماء نے لکھا ہے کہ جناب فاطمہ بعثت کے پانچ سال بعد متولد ہوئیں [illegible]
[illegible] سے نقل کی ہے۔

ابو بصیر سے روایت کی ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا [illegible]
[illegible] بیس سال کی عمر [illegible]
[illegible] آپ [illegible]
[illegible] اپنے باپ کے بعد [illegible] وفات پا گئیں۔

[illegible] آپ کی وفات [illegible] آپ کا
[illegible]
[illegible]
[illegible]

[illegible] کہ جناب فاطمہ [illegible] پیغمبر اسلام [illegible] کی بعثت کے پانچ سال بعد متولد ہوئیں۔

آپ کی وفات کے وقت اٹھارہ سال پیشتر [illegible] کے گھر [illegible] تھے [illegible] اصول کافی
کی جلد [illegible] صفحہ [illegible] پر موجود ہے۔ ایک روایت کے مطابق آپ کی شادی نو سال کی عمر
میں کی گئی۔

سعید بن مسیب سے [illegible] کہ میں نے امام زین العابدین علیہ السلام کی خدمت میں عرض
کی [illegible] جناب فاطمہ کی شادی حضرت علی علیہ السلام کے ساتھ کس سن
میں کی [illegible] اس وقت حضرت فاطمہ [illegible]
کی [illegible] کافی [illegible] کی جلد [illegible] کے صفحہ [illegible] پر موجود ہے۔

اس قسم کی احادیث سے مستفاد ہوتا ہے کہ جناب فاطمہ رسول خدا کی بعثت کے
بعد متولد ہوئیں۔ صاحب کشف الغمہ [illegible] ایک روایت نقل کی ہے کہ [illegible]
[illegible] امام محمد باقر علیہ السلام سے [illegible]
کہ جناب فاطمہ رسول خدا کی بعثت کے پانچ سال بعد متولد ہوئیں [illegible]
[illegible] قریش خانہ کعبہ تعمیر [illegible] میں مشغول تھے [illegible] آپ کی عمر وفات کے وقت [illegible] سال
[illegible] کشف الغمہ کی جلد [illegible] صفحہ [illegible] پر موجود ہے۔

آپ خود ملاحظہ کر رہے ہیں کہ اس حدیث میں واضح تناقض موجود ہے کیونکہ
ایک طرف تو اس میں یہ کہا گیا ہے کہ جناب فاطمہ رسول کی بعثت کے پانچ سال بعد
متولد ہوئیں [illegible] وفات کے وقت آپ کی عمر [illegible]
اسی روایت میں یہ کہا گیا ہے کہ آپ کی ولادت کے وقت قریش خانہ کعبہ تعمیر کر رہے
تھے [illegible] دونوں مطلب [illegible] دیکھئے کیونکہ [illegible] پیغمبر علیہ [illegible]
کی بعثت کے پانچ سال پہلے ہوئی تھی [illegible] بعثت کے بعد

بہرحال اس حدیث میں اشتباہ ہوا ہے [illegible] قبل البعثۃ کو بعد البعثۃ نقل کیا گیا
ہے [illegible] قریش خانہ کعبہ کی تعمیر کر رہے تھے کا جملہ [illegible]

[illegible] سلام [illegible] ہوگا [illegible]

کہ فاطمہ [illegible] بعثت کے دوسرے سال [illegible]

[illegible]

[illegible] علیہا السلام کے درمیان جناب فاطمہ

کی ولادت کے سلسلے میں [illegible]

کی ولادت بعثت کے پانچ سال بعد [illegible]

مقدم ہوگا کیونکہ [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] کی ولادت [illegible]

[illegible] بعثت کے پانچ سال بعد [illegible]

[illegible] جناب فاطمہ [illegible]

[illegible]

اس اعتراض کا جواب دیا جاسکتا ہے پہلے [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] کی عمر میں جناب [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] کی ولادت کے وقت [illegible]

[illegible] سال کی عمر [illegible] فاطمہ کا [illegible] بعثت میں [illegible]

[illegible] عورت [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] کی عمر [illegible]

[illegible] فاطمہ [illegible]

[illegible]

[illegible] سال [illegible]

[illegible] قریش

خاندان کی ایک اہم فرد تھیں۔

[illegible] عورت کا [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] زیادہ [illegible]

یہ مطلب ایران کے اخبار اطلاعات کے ۲۸ [illegible] میں درج ہے۔

ایک عورت [illegible] سال کی عمر

[illegible]

[illegible] اس عورت [illegible]

چھبیس سال کا ہے اور سب بڑا لڑکا پچاس سال کا ہے۔ ساری روایات سے [illegible]

[illegible] جس سے یہ پتہ چلتا ہے یہ ہی نقل کیا ہے۔

اس کے بعد کیا یہ ہو سکتا ہے کہ جناب خدیجہ کی اسی برس [illegible] فرزند

میں سے ایک بھی ایسا کہ جو اس عمر میں حاملہ ہو گئی ہوں۔

دوسری یہ [illegible] موجود [illegible] جناب فاطمہ زہرا

کی ولادت کے سال میں موجود ہے اس کا [illegible] آپ کی عمر کے بھی [illegible] آپ کی

عمر میں شادی اور وفات کے وقت میں بھی اختلاف ہو جاتا ہے کیونکہ اگر آپ

کی پیدائش بعثت سے پانچ سال پہلے تسلیم کی جائے تو آپ کی عمر شادی کے وقت

تقریباً اٹھارہ سال اور وفات کے وقت اٹھائیس سال ہوتی ہے۔ اگر آپ کی پیدائش

بعثت کے پانچ سال بعد مان لی جائے تو پھر آپ کی عمر شادی کے وقت نو سال

اور وفات کے وقت اٹھارہ سال کی ہوگی۔

جناب رسول خدا اور جناب خدیجہ کی آرزو

[illegible] فطرت سے

امور فطرت میں سے ایک راز یہ ہے کہ ہر انسان چاہتا ہے کہ اس کی اولاد اور نسل کا سلسلہ ہو تاکہ

اسے اپنی نسب منتقل کرے اور اپنی یادگار چھوڑ جائے۔ انسان اولاد کو اپنے

وجود کا باقی رہنا خیال کرتا ہے [illegible] کے وقت آپ کو [illegible] ہو جاتا ہے

[illegible] زندگی کو [illegible] موت کے پیچھے

سے آپ کو ختم سمجھتا ہے [illegible] پیدائش کو یوں سلسلہ نسل [illegible] کا وسیلہ

قرار [illegible] تاکہ نسل [illegible] ہو جائے [illegible] محفوظ رہ جائے۔

جی ہاں پیغمبر اور جناب خدیجہ بھی اس قسم کی تمنا رکھتے تھے۔ جناب خدیجہ جو [illegible]

وہ بشریت کی عادت کے [illegible] سے [illegible] تھیں اور پیغمبر کے فرزند [illegible]

کو [illegible] جاتے ہیں [illegible] اور دوست [illegible] سے بھی [illegible]

مگر یہ [illegible] تھیں [illegible] جناب رسول خدا کی [illegible] کے [illegible]

[illegible] جیسا اس کی [illegible] کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

[illegible] اسلام کا حامی اور اس کی اشاعت [illegible]

[illegible] کے حال [illegible] کو شاد [illegible]

پیغمبر [illegible] سے آپ کے دوست [illegible] آپ [illegible] اور [illegible]

[illegible] کو [illegible] کر سکتے [illegible] کے دشمن کو

[illegible] سکتے [illegible] ہے کہ آپ کا دل بھی چاہتا ہو

[illegible] جو ان کی [illegible] سے [illegible] موجود رہ

جائیں۔

جب محمد مصطفیٰ اور جناب خدیجہ اسی قسم کی [illegible] تمنا اور خواہش رکھتے ہوں

گے [illegible] کہ آپ کے بیٹا ہو [illegible] کہ جس کا عبداللہ اور قاسم کے

نام [illegible] دونوں بچپن ہی میں فوت ہو گئے [illegible] جناب رسول خدا اور جناب

خدیجہ [illegible] کی وفات سے [illegible] آپ کے دشمن خوش [illegible]

[illegible] کی نسل کو ختم [illegible] آپ کو ابتر یعنی

لاولد کے نام سے پکارتے تھے۔

جب آپ کے فرزند عبداللہ فوت ہوئے تو عاص بن وائل سہمی نے کہا

کہ آپ کو آپ کے فرزند کی موت پر [illegible] آپ کو ابتر

اور لاولد کہتا تھا اور کہتا تھا کہ جب محمد مر جائیں گے تو ان کا کوئی وارث

نہ ہوگا۔ وہ [illegible] کے [illegible] سے جناب پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اور جناب خدیجہ کا دل زخمی کیا کرتا تھا۔[1]

کوثر

[illegible] پیغمبر [illegible] کی کرم آپ کو [illegible]

[illegible] سورہ کوثر [illegible]

فرمایا کہ [illegible] آپ کو کوثر عطا کیا پس [illegible]

[illegible] آپ کا دشمن ہی لاولد ہے۔[2]

پیغمبر اسلام کو [illegible] اولاد [illegible] بیٹیوں کا سر [illegible] ہو گی۔ جب اللہ تعالیٰ کا وعدہ پورا ہو [illegible] جناب فاطمہ زہرا [illegible] دنیا میں تشریف لائیں [illegible] روایت ہے [illegible] جناب خدیجہ کو ایک لڑکی عنایت فرمائی [illegible] آپ کا [illegible] دل سے [illegible] ہو گیا [illegible] لڑکی [illegible] نسل [illegible] آپ کا [illegible] ہو گیا [illegible] فرمانے لگے۔

[illegible] پیغمبر کرم [illegible] کو تاریکی [illegible] جاہلیت کے [illegible] کے [illegible] بیٹی [illegible] بیٹے کو [illegible]

[1] [illegible]

[2] سورہ کوثر

سے سوچا جاتے تھے [illegible]۔

[illegible] لوگوں کے علاوہ [illegible] وقعت کے [illegible] کا [illegible] عورت [illegible] معاشرہ کی [illegible] معاشرہ کی عظمت [illegible] کوشش [illegible] حقیقت کی [illegible]

[illegible] عورت کی [illegible] وقعت [illegible] نسل [illegible] لڑکی [illegible] اسلام کے [illegible] جناب فاطمہ زہرا کی نسل سے [illegible] لڑکی [illegible] مضبوط [illegible]۔

ماں کا دودھ

[illegible] جناب خدیجہ [illegible] دودھ [illegible]

[1] [illegible]

ایسا رویہ تھا کہ جس سے جناب فاطمہؑ نے بھی طرح نمو اور رشد پایا۔[1]

نیز جناب خدیجہ ان خود پسند اور نادان عورتوں جیسی نہیں کہ جو بغیر کسی عذر و بہانے کے اپنے نوزائیدہ کو ماں کے دودھ سے کہ جسے قدرت نے پیدا کیا ہے، محروم کر دیتی ہیں۔ جناب خدیجہ کو خود علم تھا یا پیغمبر اسلامؐ سے سن رکھا تھا کہ بچوں کی غذا اور صحت کے لئے کوئی غذا بھی ماں کے دودھ کے برابر نہیں ہو سکتی کیونکہ ماں کا دودھ ہی [illegible] اور جس کے خاص مزاج کے لئے کافی مناسب اور سازگار ہوا کرتا ہے جو بچے میں اثر [illegible] کرتی ہے بچہ تو جیسے نو ماہ ماں کے رحم میں ماں کی غذا اور ہوا وغیرہ میں شریک رہتا ہے وہ ولادت کے بعد ماں سے رزق حاصل کرتا ہے اسی لیے ماں کے دودھ کے اجزائے ترکیبی بچے کے مزاج سے کافی مناسب ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ ماں کے دودھ میں کسی قسم کی ملاوٹ کا شائبہ [illegible] ہو سکتا اور اسی میں بچے کے [illegible] بیماری کا موجب ہو سکتے ہیں سبب ہوا کرتے ہیں۔[2]

جناب خدیجہ کو علم تھا کہ ماں کا پُر محبت دامن [illegible] بچے کا [illegible] پستانوں سے دودھ پینا [illegible] بچے کی زندگی [illegible] سعادت اور نیک بختی میں کچھ قابل توجہ اثرات نقش بناتے ہیں اسی لیے آپ نے یہ [illegible] کیا کہ جناب فاطمہ زہراؑ کو اپنی آغوش محبت میں پرورش اور تربیت کرے اور اپنے پاک دودھ سے جو شرافت، نجابت، علم، عصمت، بردباری، فداکاری، شجاعت کا منبع اور سرچشمہ ہے غذا دے۔ یقیناً ہے کہ جناب خدیجہ کے دودھ کے علاوہ

---

[1] دلائل الامامہ ص ۸
[2] [illegible]

کوئی اور دودھ اس قسم کا پاک عنصر اور شجاعت اور بزرگواری کی تربیت کر سکتا تھا کہ جو بعد کے پر برکت وجود کو ثمر ور کر دیتا؟

دودھ پینے کا زمانہ

جناب فاطمہ زہراؑ کے دودھ پینے کا زمانہ [illegible] کا جب سخت خطرناک [illegible] اسلام کے [illegible] سے تھی [illegible] جس سے [illegible] [illegible] چھوڑ [illegible] کے ایک گروہ نے [illegible] ثبوت کو پکا چکا تھا [illegible] [illegible] آپ کے [illegible] [illegible] [illegible] اسلام کے [illegible] [illegible] [illegible] کو [illegible] کر سکیں کہ جس میں [illegible] [illegible] حاصل کی ہے۔

[illegible] جانتی ہیں [illegible] سعوت [illegible] رسالت [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] سال تک خفیہ تبلیغ کی [illegible] [illegible] جرأت کر سکتے تھے [illegible] حکم [illegible] کی طرف [illegible] دعوت [illegible] [illegible]

[illegible] [illegible] حکم سے [illegible] دعوت کو عام کر [illegible]

[illegible]

ان لوگوں کو اسلام کے متعلق [illegible] جن کی طرف دعوت دینی شروع کی [illegible] مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ ہونا شروع ہو گیا۔

جب پیغمبر [illegible] کی تبلیغ علی الاعلان ہونے لگی تو [illegible] حضرت [illegible] وہ مسلمانوں کو [illegible] کرنے اور ان پر ظلم و ستم ڈھانے [illegible] بعض مسلمانوں کو [illegible] کی دھوپ میں [illegible] ان کے سینے پر [illegible] رکھ دیتے تھے اور بعض مسلمانوں کو قتل کر دیتے تھے۔

مسلمانوں پر [illegible] تنگ [illegible] ہو گئے [illegible] کہ وہ اپنے گھر [illegible] کسی دوسرے ملک [illegible] چنانچہ مسلمانوں کے ایک گروہ نے جناب رسول خدا [illegible] ہجرت کی [illegible] روانہ ہو گیا[1]

جب [illegible] ظلم [illegible] اسلام [illegible] کو روک [illegible] مسلمانوں [illegible] اسلام کے عقیدہ [illegible] کیا [illegible] کہ جناب محمد کو قتل کر دیا جائے۔

جب جناب ابو طالب کو ان کے خطرناک منصوبے کا علم [illegible] جناب رسول خدا کی جان کی حفاظت کی خاطر [illegible] کے ساتھ [illegible] منتقل ہو گئے

جناب [illegible] جناب رسول خدا [illegible] کرنے [illegible] جناب حمزہ [illegible]

[1] سیرۃ ابن ہشام [illegible] تاریخ کامل [illegible]

کیا کرتے تھے [illegible] دشمن پیغمبر خدا کے قتل کرنے [illegible] ہو گئے انہوں نے شعب [illegible] میں [illegible] دشمن [illegible] مسلمانوں [illegible] [illegible] کیا [illegible]

جناب [illegible] کے [illegible] [illegible] جناب [illegible]

[illegible] جناب ابو طالب [illegible] آپ کے باپ کی حفاظت کر رہے تھے۔

[illegible] سال تک [illegible] اور [illegible] رہا۔

جناب [illegible] کی عمر [illegible] جب پیغمبر [illegible] شعب [illegible] اپنے گھروں کو واپس لوٹے [illegible] جناب [illegible] کے لئے باعث مسرت تھا۔

ماں کی وفات

افسوس صد افسوس کہ جناب فاطمہؑ کے ہوش کے زمانے میں دیر تک [illegible] آپ نے [illegible] ماحول میں سانس لینا چاہا تھا کہ آپ کی عمر [illegible] ماں جناب خدیجہ کا انتقال ہو گیا۔

ابھی ایک سال بھی نہ گزرا تھا کہ [illegible] آپ کے اصحاب شعب کی قید سے آزاد ہوئے تھے کہ جناب خدیجہ اس دنیا سے رخصت ہو گئیں [1]

اس جانگداز حادثہ نے کس قدر جناب فاطمہؑ کے دل پر اثر کیا اور آپ کے [illegible] کو پژمردہ کر دیا اور آپ کی روح کو شدید صدمہ پہنچا۔ جناب فاطمہؑ ایسے ناقابل برداشت حادثہ کا ہرگز احتمال بھی نہ رکھتی تھیں۔

نتیجہ

بچپن کے غیر معمولی واقعات اور تلخ حوادث نے [illegible] کس طرح سے جناب زہراؑ کی حساس روح پر اثر چھوڑا اور آپ کی [illegible] زندگی اور [illegible] اور افعال کا ربط انہیں واقعات سے مربوط ہے جو آپ کو بچپن میں پیش آئے اور آپ کی شخصیت نے اس سرچشمہ سے غذا لی [illegible] انہیں واقعات سے مندرجہ ذیل نتیجے اخذ کیے جا سکتے ہیں۔

۱۔ جو شخص اس قسم کے پژمردہ ماحول میں نشوونما پائے اور زندگی کے آغاز میں ہی اتنے بڑے واقعات سے دوچار ہو تو لامحالہ وہ افسردہ خاطر اور غمگین ہی [illegible] ہوگا

[1] مناقب ابن شہر آشوب [illegible] ص [illegible]

اس لیے جناب فاطمہؑ کے حالات میں لکھا ہے کہ آپ ہمیشہ محزون اور غمگین رہا کرتی تھیں۔

۲۔ جو شخص اس قسم کے [illegible] ماحول میں پروان چڑھا ہو یہاں تک کہ دودھ پینے اور بچپن کی [illegible] آپ کو پہچاننا شروع [illegible] مقصد [illegible] مقصد کو چھوڑ [illegible] اور [illegible] تکالیف [illegible] کی پرواہ نہیں کرے گی اور میدان نہیں چھوڑے گی۔

۳۔ [illegible] دین کی شاعت [illegible] تکالیف برداشت [illegible] مسلمانوں [illegible] کوشش [illegible] نہ ہوں۔

ماں کی وفات کے بعد

بعثت کے دسویں سال بہت تھوڑے [illegible] وفات ہو جا [illegible]

[illegible]

ان دو غم انگیز واقعات سے جناب پیغمبرؐ کو صدمہ پہنچا اور آپ نے اس سال کا نام عام الحزن رکھا۔[1]

کیونکہ ایک طرف تو آپ کا ایک غمگسار اور داخلی و خارجی امور میں معتمد و آپ کی اولاد کی ماں جناب خدیجہؑ کا انتقال ہو جاتا ہے اور دوسری طرف آپ کا ایک سب سے بڑا حامی اور مددگار اور مدافع جناب ابوطالبؑ اس دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں جس سے آپ کی بیرونی حمایت اور داخلی دلجوئی کا سلسلہ [illegible]

ان دو حامیوں کے فوت ہو جانے سے دشمنوں کے حوصلے بلند ہو گئے اور طرح طرح آپ کو تکالیف دینا شروع کر دیں کبھی آپ کو پتھر مارتے اور کبھی آپ کے سر اور صورت پر خاک ڈالتے اور کبھی راستے میں کانٹے بچھاتے اور کبھی آپ کے جسم مبارک کو زخمی کرتے اکثر اوقات آپ خاک آلود سر کے ساتھ گھر میں داخل ہوتے اور آپ کی بیٹی جناب فاطمہؑ جب کہ جناب فاطمہؑ ابھی کمسن تھیں ماں کے فراق میں غمگین رہتی تھیں اور آنسو بہاتی تھیں۔ جناب فاطمہؑ جب کبھی گھر میں ... [illegible] کبھی دیکھتیں کہ لوگ آپ کے ساتھ [illegible] ... ایک دن دیکھا کہ آپ [illegible] ... [illegible] آگاہ کیا۔[2]

ایک دن مشرکین میں سے ایک [illegible] گوسفند کی اوجھڑی آپ کے چہرے اور سر پر ڈال دی [illegible]

[1] مناقب شہر آشوب۔ ج ۱ ص [illegible]

[2] مناقب شہر آشوب ج ۱ [illegible]

جاتے۔ آپ کی دختر جناب فاطمہؑ جلدی سے آتیں اور پانی لا کر اشک بار آنکھوں سے آپ کے سر مبارک کو دھوتیں۔ پیغمبرؐ فرماتے: بیٹی! روؤ مت، خدا تیرے باپ کو دشمنوں کے شر سے محفوظ رکھے گا اور کامیابی عطا فرمائے گا۔[1]

ایک دن پیغمبرؐ مسجد الحرام میں مشغول عبادت تھے۔ مشرکین کا ایک گروہ آپ کا مذاق اڑا رہا تھا اور آپ کو اذیت دینا چاہتا تھا۔ ان مشرکین میں سے ایک نے اونٹ کی اوجھڑی اٹھا کر جو کثافت و گندگی سے پر تھی آپ کی پشت مبارک پر جب آپ سجدے میں تھے ڈال دیا۔ جناب فاطمہؑ اس وقت مکہ میں موجود تھیں جب آپ نے یہ منظر دیکھا تو آپ کو سخت قلق ہوا۔ آپ نے پشت مبارک سے اوجھڑی کو ہٹا کر دور پھینک دیا۔ پیغمبر اسلامؐ نے سجدے سے سر اٹھایا اور ان کے بعد اس گروہ پر نفرین کی۔[2]

جناب فاطمہؑ بچپن ہی میں اس قسم کے ناگوار واقعات دیکھ رہی تھیں اور اپنے باپ کی مددگار اور اپنے باپ کے ساتھ ہمدردی کا سلوک کیا کرتی تھیں۔

جناب خدیجہؑ کے انتقال کے بعد بہت سے گھر کے کام کاج کی ذمہ داری جناب فاطمہؑ کے کندھے پر آن پڑی تھی۔ کیونکہ یہ توحید کا وہ پہلا گھر تھا جس کا سرپرست رخصت ہو چکا تھا۔ بس گھر میں جناب فاطمہؑ کے علاوہ اور کوئی مددگار موجود نہ تھا۔ تاریخ سے یہ واضح نہیں ہوتا کہ اس زمانے میں پیغمبرؐ کے گھر کی حالت کیسی رہی اور ان کی زندگی کس طرح گزری۔ لیکن بصیرت کی آنکھوں سے اس گھر کی رقت بار حالت کو دیکھا جا سکتا ہے۔

[1] تاریخ طبری۔ ج ۲۔ ص [illegible]۔

[2] مناقب شہر آشوب۔ ج ۱۔ ص [illegible]

پیغمبر اسلامؐ نے جناب خدیجہؑ کے بعد سودہؓ سے شادی کر لی۔ اس کے علاوہ اور کئی عورتیں تھیں۔ جو تمام کی تمام جناب فاطمہؑ سے اظہار محبت کیا کرتی تھیں۔ لیکن پھر بھی ایک یتیم بچے کے لئے بہت سخت گزرتا ہے جب وہ اپنی ماں کی جگہ کو خالی دیکھے اور اس کی جگہ کسی دوسری عورت کو رہتا دیکھے۔ کیونکہ ہو سکتا ہے مہربان اور اچھی کیوں نہ ہو پھر بھی وہ محبت اور خالص شفقت جو ماں کی طرف سے ہوتی ہے وہ اس بچے کو نہیں دے سکتی۔ صرف ماں ہی ہے کہ جو اور وسعت شفقت و محبت سے بچے کے دل کو تسکین دے سکتی ہے۔

جناب فاطمہؑ کو جس شدت سے محرومی کا احساس ہو رہا تھا اسی شدت سے پیغمبرؐ بھی آپ سے اظہار محبت فرماتے تھے۔ کیونکہ پیغمبرؐ جانتے تھے کہ فاطمہؑ کو ماں کی کمی کا احساس ہے اور اس کی کو پورا ہونا چاہیے۔ اس وجہ سے پیغمبرؐ کی وجود کی بنا پر روایت میں وارد ہوا کہ پیغمبرؐ جب تک اپنی بیٹی کو نہ چوم لیتے رات کو نہیں سوتے تھے[1]

یہ تھوڑے سے آٹھ سال کے واقعات ہیں جو پیغمبرؐ کی بیٹی جناب فاطمہؑ پر کم سنی میں وارد ہوئے ہیں۔

واضح رہے کہ اگرچہ اس قسم کے واقعات اور حوادث جو کسی بچے کی روح پر وارد ہوں تو اس کے اعصاب کو کمزور کر دیتے ہیں اور اس کی فکری صلاحیت اور جسمی قوت کو کم کر دینے کے لئے کافی ہوا کرتے ہیں لیکن اس قسم کا حکم ہر ایک انسان کے لئے کرنا صحیح نہیں ہے۔

کیونکہ یہی ناگوار واقعات اور دکھ کر دینے والی پریشانیاں اور مسلسل سختیاں ممتاز اور شائستہ انسانوں کی روح کو تقویت پہنچاتے ہیں اور ان کی اندرونی استعداد اور پوشیدہ

[1] کشف الغمہ ج ۲ ص ۹۲۔

صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہوئے مشکلات کے مقابلے کے لئے ثابت قدم بنا دیتے ہیں۔ جب تک پتھر پر غیر معمولی حرارت صرف نہ ہو وہ خالص اور بیش بہا قیمت سونا نہیں بن سکتا۔

جی ہاں! جناب زہراؑ کی زندگی کے دوران خطرناک حوادث اور ناگوار واقعات نے آفتاب کی روح کو صرف ضعیف جسم کو نکھار اپنے وجود کے گوہر کو صیقل کر کے تابناک اور درخشاں بنا دیا اور آپ کو ہر قسم کے حالات سے مقابلہ کرنے کے لئے آمادہ اور طاقتور بنا دیا تھا۔

فاطمہؑ مدینہ کی طرف

پیغمبر خداؐ بعثت کے تیرہویں سال جان کے خطرے کی وجہ سے مجبور ہو گئے کہ مکہ کو چھوڑ دیں اور مدینہ کی طرف ہجرت کر جائیں۔ چنانچہ آپ نے جاتے وقت حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؑ کو مکہ میں چھوڑا اور حضرت علیؑ سے فرمایا کہ لوگوں کی امانتیں واپس کر کے میری دختر فاطمہؑ اور اپنی ماں فاطمہ بنت اسد اور چچا حمزہ کی بیٹی فاطمہ کو اور دوسری مستورات کو ساتھ لے کر مدینہ کی طرف جلد از جلد چلے آنا، میں تب تک انتظار کروں گا۔ آپ نے یہ فرمایا اور مدینہ کی طرف روانہ ہو گئے۔

حضرت علیؑ پیغمبرؐ کے دستور کے مطابق جناب فاطمہؑ اور دوسری مستورات کو سوار کر کے مدینہ کی طرف روانہ ہو گئے۔ راستے میں ابو واقد اونٹوں کو چلا رہے تھے۔ اونٹوں کو تیزی کے ساتھ چلا رہے تھے حضرت علی علیہ السلام نے ان سے فرمایا کہ عورتوں کے ساتھ نرمی کرو اور اونٹوں کو آہستہ چلاؤ کیونکہ عورتیں کمزور ہوا کرتی ہیں جو سختی کو برداشت نہیں کر سکتیں۔ ابو واقد نے عرض کی کہ میں دشمنوں سے ڈرتا ہوں کوئی ہمارا تعاقب نہ کر رہا ہو تو ہم تک پہنچ۔ حضرت علی علیہ السلام نے جواب دیا پیغمبرؐ نے مجھ

فرمایا کہ تمہے دشمن کی طرف سے کوئی اذیت نہ پہنچے گی ۔

جب آپ ضجنان کے قریب پہنچے تو آٹھ سوار پیچھے سے آئے حضرت علی علیہ السلام نے عورتوں کو محفوظ اور امن کی جگہ کر دیا اور تلوار لے کر ان دشمنوں پر حملہ کر دیا اور ان کو پراگندہ و متفرق کر دیا پھر عورتوں کو سوار کیا اور مدینہ کی طرف روانہ ہو گئے۔ پیغمبر اسلام جب قبا پہنچے تو وہاں دو دن تک ٹھہرے رہے یہاں تک کہ حضرت علی علیہ السلام جناب فاطمہؑ اور دوسری مستورات کو لے کر آنحضرت کی خدمت بابرکت میں پہنچ گئے[1]

پیغمبر خدا نے مکہ میں اور ایک روایت کے مطابق مدینہ میں جناب سودہ سے شادی کی اور جناب فاطمہؑ کو ان کے گھر لے گئے اس کے بعد آپ نے جناب ام سلمہ سے نکاح کیا اور جناب فاطمہؑ کو ان کے سپرد کیا تاکہ آپ ان کی سرپرستی اور نگہداری کریں جناب ام سلمہ کہتی ہیں کہ پیغمبر اکرمؐ نے جناب فاطمہؑ کو میرے سپرد کیا تاکہ میں ان کی تربیت میں کوشش کروں۔ میں بھی آپ کی تربیت و راہنمائی کرتی تھی لیکن خدا کی قسم آپ مجھ سے زیادہ مودب اور سمجھدار تھیں[2]

---

[1] مناقب شہر ابن آشوب ـ جلد [illegible] ص [illegible] ـ

[2] دلائل الامامہ ـ ص [illegible] ـ

حصہ دوم

جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کی شادی

جناب فاطمہؑ پیغمبر خداؐ کی لڑکی اور اپنے زمانے کی ممتاز خواتین سے تھیں قریش کے اصیل اور شریف خاندان سے آپ کے خواستگار تھے۔ جمال ظاہری اور روحانی کمالات اخلاق آپ سے بہتر ماں باپ سے وراثت میں پائے تھے آپ اس مرد کی بیٹی تھیں جس کی ذات سے مربوط تھیں آپ کے والد کی شخصیت دن بدن لوگوں کی نگاہوں میں بلند ہو رہی تھی آپ کی قدرت اور عظمت ظاہر ہو رہی تھی اس لئے آپ کی خبر ایک اعتبار کی ذات بزرگان قریش دولت مند عظمت شخصیت اور ثروت مند حضرات کی نگاہوں میں مورد توجہ قرار پا چکی تھی۔ تاریخ میں ہے کہ اکثر اوقات بزرگان آپ کی خواستگاری کرتے رہتے تھے لیکن پیغمبر اسلامؐ بالکل پسند نہیں فرماتے تھے۔ آنحضرتؐ ان لوگوں سے اس طرح پیش آتے تھے کہ انہیں معلوم ہو جاتا تھا کہ پیغمبر اسلامؐ ان سے ناراض ہیں۔

جناب رسول خداؐ نے فاطمہؑ کو علیؑ کے لئے مخصوص کر دیا تھا اور آپ چاہتے تھے کہ حضرت علیؑ کی طرف سے اس کی پیشکش کی جائے۔

---

[1] کشف الغمہ جلد ۱ ص ۳۵۳

[2] کشف الغمہ ج ۱ ص ۳۵۳۔

پیغمبر اسلامؐ خداوند عالم کی طرف سے مامور تھے کہ نور کا عقد نور سے کریں۔ لکھا ہے کہ جناب ابوبکر بھی خواستگاروں میں سے ایک تھے ایک دن وہ اسی غرض سے جناب رسول خداؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہؐ میں چاہتا ہوں کہ آپ سے وصلت کروں کیا ممکن ہے کہ فاطمہؑ کا عقد آپ مجھ سے کر دیں؟ جناب رسول خداؐ نے فرمایا کہ فاطمہؑ ابھی کمسن ہے اور اس کے لئے شوہر کی تعیین خدا کے ہاتھ میں ہے میں اس کے حکم کا منتظر ہوں۔ جناب ابوبکر مایوس ہو کر واپس لوٹ آئے راستے میں ان کی ملاقات جناب عمر سے ہوگئی تو اپنے واقعہ کو ان سے بیان کیا جناب عمر نے ان سے کہا کہ پیغمبر اسلامؐ نے تمہارے مطلب کو رد کر دیا ہے اور آپ نہیں چاہتے تھے کہ اپنی دختر تمہیں دیں۔

جناب عمر بھی ایک دن جناب فاطمہؑ کی خواستگاری کی غرض سے پیغمبر اسلامؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ جواب سنا کیا پیغمبرؐ نے انہیں بھی یہی جواب دیا کہ فاطمہؑ کمسن ہے اور اس کے شوہر کا معین کرنا خدا کے ہاتھ میں ہے۔ کئی دفعہ ان دونوں صاحبان نے جناب کی درخواست کی جو قبول نہیں کی گئی۔

عبدالرحمن بن عوف اور جناب عثمان بن عفان جو دونوں بہت سرمایہ دار تھے پیغمبر اسلامؐ کے پاس خواستگاری کے لئے حاضر ہوئے عبدالرحمن نے عرض کی یا رسول اللہؐ اگر فاطمہؑ کی شادی مجھ سے کر دیں تو میں سو اونٹ سیاہ رنگ نیلی چشم جن پر مصری کتان کے کپڑے لدے ہوئے اور دس ہزار دینار مہر دیتا۔ میں بھی مہر دینے کے لئے حاضر ہوں جناب عثمان نے عرض کیا میں بھی حاضر ہوں ... اور یہ ایک فضیلت مجھے حاصل ہے کہ میں آپ سے پہلے ایمان لایا ہوں

پیغمبر اسلامؐ ان کی گفتگو سے سخت غضبناک ہوئے اور ... کے لئے

[1] دلائل الامامہ ص ۸۰۔

کرتیں اس سے محبت نہیں رکھتا آپ نے ایک شخص سنگ بدن کی طرف اور عبد الرحمن کی طرف
دیکھتے ہوئے فرمایا کہ تم خیال کرتے ہو کہ میں مال کا پرستار ہوں اور یہ ثروت اور دولت
سے مجھ پر فخر جتا رہا ہو کہ اس دولت کے دباؤ سے میں فاطمہؑ کا عقد تجھ
سے کر دوں گا۔[۱]

حضرت علیؑ کی پیشکش

اصحاب پیغمبرؐ سے ابن شہر آشوب ... جب ... کا ...
جانتا ہے کہ فاطمہؑ کا عقد علیؑ سے کریں لیکن حضرت علیؑ کی طرف سے اس کی پیشکش نہیں
ہو رہی تھی ایک دن جناب عمر اور ابوبکر اور سعد بن معاذ ایک گروہ کے ساتھ مسجد
میں بیٹھے ہوئے تھے اور مختلف موضوعات پر گفتگو کر رہے تھے اسی دوران جناب فاطمہؑ
کا ذکر بھی آگیا ابوبکر نے کہا کہ کافی عرصہ سے عرب کے اعیان و اشراف فاطمہؑ کی خواستگاری
کر رہے ہیں لیکن پیغمبرؐ نے کسی کی درخواست کو قبول نہیں فرمایا اور ان کے جواب میں
یہی فرماتے تھے کہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کا شوہر معین کرنا خدا اور رسول کے ہاتھ میں ہے۔
ابھی تک علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی طرف سے فاطمہؑ کی خواستگاری کی بات نہیں آئی میں گمان
کرتا ہوں کہ علی علیہ السلام کی طرف سے اس اقدام کرنے کی واحد رکاوٹ تنگدستی ہو
سکتی ہے میرا مطلب ہے کہ خدا اور پیغمبرؐ نے فاطمہؑ کو حضرت علیؑ کے لیے
معین کر رکھا ہے۔

اس کے بعد ابوبکر نے عمر اور سعد سے کہا اگر تم آمادہ ہو تو ہم مل کر علیؑ کے
پاس چلیں اور ان کے سامنے اس موضوع کو پیش کریں اور اگر وہ شادی کرنے کی

۱۔ مناقب شہر ابن آشوب ج ۳ ص ۳۴۵ ـ تذکرۃ الخواص ص ۳۰۶۔

جناب رسول خدا نے کئی دفعہ امام حسن اور امام حسین علیہما السلام کے بارے میں فرمایا کہ یہ نوجوانان جنت کے بہترین افراد سے ہیں اور ان کا باپ ان سے بھی بہتر ہے۔[1]

پیغمبر اکرمؐ نے امام حسن اور امام حسین علیہما السلام سے فرمایا کہ تم خدا کے ریحانہ ہو۔[2]

---

[1] [illegible]
[2] [illegible]

جناب ابو بکر کہتے ہیں کہ ایک دن پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم منبر پر تشریف فرما تھے اور جناب امام حسنؑ آپ کے پہلو میں بیٹھے ہوئے تھے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کبھی لوگوں کی طرف دیکھتے اور کبھی جناب امام حسن علیہ السلام کی طرف اور فرماتے تھے کہ حسنؑ سید و سردار ہے شاید اس کی برکت سے میری امت میں صلح واقع ہو۔۱

جابر کہتے ہیں کہ ایک دن رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو دیکھا کہ امام حسن اور امام حسین علیہما السلام جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پشت پر سوار ہیں اور آپ گھٹنوں کے بل چل رہے ہیں اور فرما رہے ہیں کہ تمہاری سواری بہترین سواری ہے اور تم بہترین سوار ہو۔۲

یعلی عامری کہتے ہیں کہ ایک دن رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دیکھا کہ امام حسین علیہ السلام بچوں کے ساتھ کھیل رہے ہیں، آپ نے ہاتھ بڑھائے تاکہ آپ کو پکڑیں جناب امام حسین علیہ السلام کبھی اِدھر اور کبھی اُدھر بھاگتے تھے۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہنستے ہوئے امام حسین علیہ السلام کو بغل میں لے لیا اور اس وقت آپ کا ایک ہاتھ امام حسین علیہ السلام کی ٹھوڑی کے نیچے اور دوسرا ہاتھ گردن کے پیچھے رکھا اور اپنے لب مبارک کو امام حسینؑ کے لبوں پر رکھ کر بوسہ دیا اور فرمایا کہ حسین مجھ سے ہے اور میں حسین سے ہوں۔ جو شخص اسے دوست رکھے خدا اسے دوست رکھتا ہے

۱۔ بحار الانوار ج ۴۳ ص ۲۹۸۔

۲۔ بحار الانوار ج ۴۳ ص ۲۸۵۔

حسینؑ میری بیٹی کا فرزند ہے

حضرت علی بن ابی طالب نے امام حسنؑ اور امام حسینؑ سے فرمایا کہ تم لوگوں کے بیٹو اور جوانان جنت کے سردار ہو اور معصوم ہو خدا اس پر لعنت کرے جو تم سے دشمنی کرے۔۱

جناب فاطمہؑ ایک دن امام حسنؑ اور امام حسینؑ کو جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں لائیں اور عرض کی یا رسول اللہ حسنؑ اور حسینؑ آپ کے فرزند ہیں ان کو کچھ عطا فرمائیے۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا میں نے اپنی سیادت اور ہیبت حسن کو بخشی، اور اپنی شجاعت اور سخاوت حسینؑ کو دی۔۲

سلمان فارسی کہتے ہیں کہ میں نے امام حسینؑ کو دیکھا کہ آپ پیغمبرؐ کے زانو پر بیٹھے ہوئے ہیں اور آپ ان کو بوسہ دے رہے ہیں اور فرماتے ہیں کہ تم سردار اور سردار زادے ہو، امام اور امام کے فرزند اور اماموں کے باپ ہو، حجت ہو اور حجت کے فرزند اور نو حجتوں کے باپ ہو کہ آخری حجت امام مہدیؑ قائم ہوں گے۔۳

چونکہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جناب زہراؑ کی اولاد کی تربیت میں کوشش کرتے تھے جناب زہراؑ اور حضرت علیؑ بھی اس طریقۂ عمل پر آپ کی متابعت کرتے تھے کبھی بھی انہوں نے بچوں کو حقیر نہیں سمجھا اور ان کی شخصیت کو دوسروں کے

۱۔ بحار الانوار ج ۴۳ ص ۲۶۵۔

۲۔ بحار الانوار ج ۴۳ ص ۲۶۳۔

۳۔ بحار الانوار ج ۴۳ ص ۲۹۵۔

سے نکما پھلکا بنا کر پیش نہیں کیا اور ان کے روح اور نفس پر اس قسم کی ضرب نہیں لگائی یہی وجہ تھی کہ آپ کے بہاں سید و سردار نے تربیت پائی

روایت میں آیا ہے کہ ایک آدمی نے ایک گناہ کا ارتکاب کیا کہ جس کی اسے سزا ملنی تھی اس نے اپنے آپ کو جناب رسول خداؐ سے مخفی رکھا یہاں تک کہ ایک دن راستے میں امام حسنؑ اور امام حسینؑ سے اس کی ملاقات ہو گئی اس نے دونوں کو کندھے پر بٹھایا اور جناب رسول خداؐ کی خدمت میں حاضر ہو گیا اور عرض کی یا رسول اللہؐ میں حسنؑ اور حسینؑ کو شفیع اور واسطہ قرار دیتا ہوں پیغمبر اکرمؐ ہنس دیئے اور فرمایا میں نے تمہیں معاف کر دیا اس کے بعد امام حسنؑ اور امام حسینؑ سے فرمایا کہ میں نے تمہاری سفارش اور شفاعت قبول کر لی ہے[1]

یہی عظمت نفس اور بزرگی تھی کہ امام حسین علیہ السلام ایک مختصر فوج سے یزید کے بے شمار لشکر کے سامنے ڈٹ گئے اور مردانہ وار جنگ کی لیکن ذلت اور خواری کو برداشت نہ کیا آپ فرماتے تھے میں غلاموں کی طرح بھاگوں گا نہیں اور ذلت اور خواری کے سامنے سر تسلیم خم نہیں کروں گا۔[2]

اسی تربیت کی برکت تھی کہ زینب کبریٰ ان تمام مصائب کے باوجود یزید کے ظلم و ستم کے سامنے حواس باختہ نہ ہوئیں اور کسی سے مرعوب نہ ہوئیں اور پر جوش خطابت سے کوفہ اور شام کو منقلب کر گئیں اور یزید کی ظالمانہ حکومت کو ذلیل اور خوار کر کے رکھ دیا۔

---

۱ ۔ بحار الانوار ج [illegible] ص [illegible] ۔

۲ ۔ مقتل ابی مخنف، ص [illegible] ۔

تیسرا درس

ایمان اور تقویٰ

تربیت کے ماہرین کے درمیان یہ بحث ہے کہ بچوں کے لئے دینی تعلیمات اور تربیت کس وقت سے شروع کی جائے ایک گروہ کا نظریہ یہ ہے کہ بچہ جب تک بلوغ اور رشد تک نہ پہنچ جائے وہ عقائد اور افکار دینی کو سمجھنے کی استعداد نہیں رکھتا اور بالغ ہونے تک اسے دینی امور کی زحمت نہیں دینی چاہئے۔ لیکن ایک دوسرے گروہ کا عقیدہ یہ ہے کہ بچے بھی اس کی استعداد رکھتے ہیں اور انہیں دینی تربیت دی جانی چاہئے تربیت کرنے والے دینی مطالب اور مذہبی موضوعات کو سادہ اور آسان کر کے انہیں کہیں اور تلقین کریں اور انہیں دینی امور اور عبادت کو بجا لانے پر تشویق دلائیں تاکہ ان کے کان ان دینی مطالب سے آشنا ہوں اور وہ دینی اعمال اور عبادات پر مسلط ہو سکیں اسلام بھی دوسرے نظریئے کی تائید کرتا ہے [illegible] بچوں کو جب وہ سات سال کے ہو جائیں تو انہیں نماز پڑھنے کی تاکید کرو[1]

پیغمبر اسلامؐ نے دینی امور کی تلقین حضرت زہراؑ کے گھر بچوں اور ولادت کے روز سے جاری کر دی تھی۔ جب امام حسن علیہ السلام دنیا میں آئے اور انہیں رسول خداؐ کی خدمت میں لے گئے تو آپ نے انہیں بوسہ دیا اور دائیں کان میں اذان

---

۱ ۔ مستدرک ج [illegible] ص [illegible] ۔

اذان اور بائیں کان میں اقامت، اور امام حسین علیہ السلام کی ولادت کے موقع پر بھی یہی عمل انجام دیا[1]

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں ایک دن پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نماز پڑھنا چاہتے تھے امام حسین علیہ السلام بھی آپ کے پہلو میں کھڑے ہو گئے جب پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تکبیر کہی تو جناب امام حسین علیہ السلام نہ کہہ سکے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سات مرتبہ تکبیر کی تکرار کی یہاں تک کہ امام حسینؑ نے بھی تکبیر کہہ دی[2]

جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دینی تعلیم کو کس طرح موثر جانتے تھے کہ تولد کے آغاز سے ہی آپ نے امام حسنؑ اور امام حسینؑ کے کانوں میں اذان اور اقامت کہی تاکہ اولاد کی تربیت کرنے والوں کے لئے درس ہو جائے یہی وجہ تھی کہ جناب فاطمہؑ جب امام حسنؑ کو کھلایا کرتیں اور انہیں اچھالا کرتیں تو اس وقت یہ جملے پڑھتیں اے حسن تو باپ کی طرح ہو جا اور حق سے دفاع کرنا اور اللہ کی عبادت کرنا، اور ان افراد سے جو کینہ پرور اور دشمن ہوں دوستی نہ کرنا[3]

جناب فاطمہ زہراؑ بچوں کے ساتھ کھیل میں بھی انہیں شجاعت اور دفاع حق اور عبادت الٰہی کا درس دیتی تھیں اور انہیں مختصر جملوں میں چار حساس مطالب بچے کو بتلا دیتی ہیں یعنی باپ کی طرح بہادر بننا اور اللہ کی عبادت کرنا اور

۱۔ بحار الانوار ج [illegible] ص [illegible]۔
۲۔ بحار الانوار ج [illegible] ص [illegible]۔
۳۔ بحار الانوار ج [illegible] ص [illegible]

حق سے دفاع کرنا اور ان اشخاص سے دوستی نہ کرنا جو کینہ پرور اور دشمن ہوں۔

پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مالی تقویٰ اور ناپاک غذا کے موارد میں اتنی سخت سرپرستی فرماتے تھے کہ ابوہریرہ سے نقل کیا ہے کہ جناب رسول خدا کی خدمت میں کچھ خرما کی مقدار زکوٰۃ کے مال سے موجود تھی آپ نے اسے فقراء کے درمیان تقسیم کر دیا جب آپ تقسیم سے فارغ ہوئے اور امام حسنؑ کو کندھے پر بٹھا کر چلنے لگے تو آپ نے دیکھا کہ خرما کا ایک دانہ امام حسنؑ کے منہ میں ہے۔ پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا ہاتھ امام حسن علیہ السلام کے منہ میں ڈال کر فرمایا کخ کخ اے حسن کیا تمہیں معلوم نہیں کہ آل محمد صدقہ نہیں کھاتے[1]

حالانکہ امام حسنؑ بچے اور نابالغ تھے کہ جن پر کوئی تکلیف نہیں ہوا کرتی چونکہ پیغمبر جانتے تھے کہ ناپاک غذا بچے کی روح پر اثر انداز ہوتی ہے لہذا اسے اگلوا دینے کا حکم فرمایا، قاعدتاً بچے کو بچپن سے معلوم ہونا چاہیے کہ وہ کھانے کے معاملہ میں مستقل آزاد نہیں ہے بلکہ وہ حرام اور حلال کا پابند ہے اس کے علاوہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اس عمل سے امام حسن علیہ السلام کی شخصیت اور بزرگی میں جو ہے کی تقویت کی اور فرمایا زکوٰۃ بیچاروں کا حق ہے اور سادات کے سردار [illegible] ان سے مستغنی کر دو حضرت فاطمہ زہراؑ اولاد کی سرپرستی، صحیح اور دینی لحاظ سے تربیت ہونا اس قدر [illegible] تھیں کہ جناب معصومہ نے ویسے ہی گود میں عمل کر دکھایا جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان کے جد نے انجام دیا تھا۔

مسلم نے کہا کہ جس دن امام حسین علیہ السلام کے ہمراہ قید ہو کر کوفہ میں

۱۔ ینابیع المودۃ ص [illegible]۔ بحار الانوار ج [illegible] ص [illegible]۔

لاتے گئے ہیں تو لوگوں میں جیسے کہ بچوں پر ترحم اور شفقت عادت ہوتی اور جو لوگ [illegible] شرارت [illegible] پر ڈانٹ ڈپٹ نہ کریں اور ان سے کہتے تھے کہ دعا کریں، ہمارے بچے ہماری طرح رہیں۔

جناب [illegible] کی [illegible] اور حقوق [illegible] ہمارے [illegible] اور [illegible] بچوں کے ہاتھوں [illegible] وہ [illegible] اور [illegible] فرمایا ہم [illegible]

اگرچہ امام حسینؑ کے بچے تھے [illegible] لیکن شرافت طبع [illegible] کا تقاضا یہ تھا کہ اس قسم کی حد سے حق کو اس موقع پر بھی اس سے حساب لیا جائے تاکہ بزرگی نفس اور شرافت اور پاکدامنی سے تربیت دیئے جائیں

چوتھا درس

نظم اور دوسروں کے حقوق کی مراعات

ایک اہم مطلب کو ماں باپ اور دوسرے لوگوں کی تربیت کرنے والوں کے لیے موردِ توجہ ہونا چاہیے وہ یہ ہے کہ وہ بچے پر نگاہ رکھیں کہ وہ اپنے حق سے تجاوز نہ کرے اور دوسروں کے حق کا احترام کرے بچے کو منظم اور باضابطہ ہونا چاہیے زندگی میں نظم اور ضابطہ کو برقرار رکھنا سیکھے بچپنے سے اس کی اس طرح تربیت کی

۱۔ [illegible] ص [illegible]

جائے کہ اپنے حق سے زیادہ کا طالب نہ ہو اور دوسروں کے حق کو پامال نہ کرے البتہ اس صفت کی بنیاد گھر اور ماں باپ کے ذریعے ہوگی۔ ماں باپ کو اپنی تمام اولاد کے ساتھ یکساں سلوک کرنا چاہیے کسی ایک کو دوسرے پر مقدم نہ کریں۔ لڑکے اور لڑکی کے درمیان، چھوٹے اور بڑے کے درمیان، خوبصورت اور بدصورت کے درمیان، ذہین اور کم ذہن کے درمیان فرق نہ کریں بلکہ محبت کے ظاہر کرنے کے وقت بھی ایک جیسا سلوک کریں تاکہ ان میں حسد اور کینہ کی حس پیدا نہ ہو اور سرکشی اور متجاوز نہ نکلیں۔

اگر بچہ دیکھے کہ گھر میں تمام افراد کے درمیان حقوق کی پوری طرح رعایت کی جاتی ہے تو وہ بھی یہ سیکھے گا کہ جامعہ اور معاشرہ میں بھی ایک دوسرے کے حقوق کی پوری طرح رعایت نہ ہوئی تو اس میں سرکشی اور تجاوز کی عادت تقویت پکڑے گی اگر گھر پر کسی ترتیب اور پروگرام کے تحت [illegible] کسی جگہ نا مرتب مواد ہوتے ہیں یا کوئی اس کے کمرے میں [illegible] جائے بچپنے میں اس ترتیب اور نظم کا خیال رکھے اور دوسروں کے حق کو پامال کرے اور اس کے ماں باپ اس کی تربیت کرنے دیں اگر والدین اس کے اس عمل میں تشویق کریں تو انہوں نے اس معصوم بچے کے حق میں خیانت کی کیونکہ وہ بچپنے سے ہی یہ سیکھے گا کہ دوسروں پر تعدی اور تجاوز بلاوجہ تقدم ایک قسم کی چالاکی اور ہنر ہے۔ یہی بچہ جوان ہو کر جب معاشرہ میں وارد ہوگا یا کسی کام کی ذمہ داری کا عہدہ دار بنایا جائے گا تو اس کی ساری کوشش دوسروں کے حقوق کو ضائع اور پامال کرنا ہوگی اور اپنے ذاتی منافع کے علاوہ اس کا کوئی ہدف نہ ہوگا اس صفت کا درس حضرت زہرا کے گھر میں کامل طور پر اتنی دقت کے ساتھ کہ معمولی سے معمولی لحاظ کی بھی مراعات کی حالت میں دیا جاتا تھا۔

مثال کے طور پر حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ ایک دن پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

[illegible] ہے [illegible] ورزش [illegible] مناسب [illegible] نئے [illegible] دودھ [illegible] وہ کر [illegible] ورزش [illegible] کرنے [illegible] جسم [illegible] [illegible] بچے [illegible] ورزش [illegible] [illegible] جسم [illegible] [illegible] دیکھ [illegible] طرح [illegible] جسم [illegible] درست رکھے [illegible] [illegible] ورزش کو مقدم حاصل ہے [illegible] سے پہلے [illegible] کی مراعات ہونی چاہیئے۔

پانچواں درس

ورزش اور کھیل کود

[illegible] ہیں [illegible] کھیل کود [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] وہ یہ ثابت کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ کھیل جیسے بدن کے رشد کرنے کے [illegible] [illegible] تربیت کے لیے بھی ست تاثیر رکھتا ہے۔

بعض لوگ [illegible] یہ توقع رکھتے ہیں کہ وہ [illegible] کی طرح زندگی گزاریں [illegible] یہ [illegible] سمجھتے ہیں کہ سب [illegible] کھیل کود [illegible] کھیل [illegible] [illegible] مشغول [illegible] بے ادب کچھ [illegible] دیتے ہیں [illegible] چپ چاپ سر جھکا [illegible] اور کھیل کود سے دور [illegible] گوشہ میں بیٹھا رہے [illegible] [illegible] کچھ بھی ہیں۔ لیکن [illegible] اس [illegible] کا عقیدہ ہے کہ بچے کو کھیلنا چاہیے [illegible] [illegible] کی علامت ہے [illegible] کو یہ خیال رکھنا چاہیے کہ جو وہ کھیل کود انجام دے [illegible] [illegible] کے اسباب فراہم کرتا ہو۔

[illegible] بچے کو کھیل کود [illegible] [illegible] [illegible] کھیلیں [illegible] بچے کے [illegible] ہوتا ہے [illegible] محبت کی علامت [illegible] دیتا ہے

[illegible] حسن و حسین کے ساتھ کھیلتے تھے [illegible] [illegible] [illegible] حسین کے [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] [illegible] آپ

کے سینے تک جا پہنچے آپ اپنے لبوں پر رکھ کر بوسہ دیتے اور فرماتے خدایا میں حسنؑ اور حسینؑ کو دوست رکھتا ہوں۔

ابو ہریرہ کہتے ہیں کہ جناب حسنؑ اور حسینؑ پیغمبرؐ کے سامنے کشتی کر رہے تھے پیغمبرؐ امام حسنؑ کو فرماتے شاباش حسنؑ شاباش حسنؑ۔ جناب فاطمہؑ عرض کرتیں یا رسول اللہؐ حسنؑ باوجودیکہ حسینؑ سے بڑے ہیں آپ انہیں حسینؑ کے خلاف شاباش اور تشویق دلا رہے ہیں۔

آپؐ نے جواب دیا کہ حسینؑ باوجودیکہ حسنؑ سے چھوٹے ہیں لیکن شجاعت اور طاقت میں زیادہ ہیں اور پھر جناب جبرئیل حسینؑ کو تشویق اور شاباش دے رہے ہیں۔

جابر کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ رسول خداؐ پاؤں اور ہاتھوں پر چل رہے ہیں اور آپ کی پشت پر حسنؑ اور حسینؑ سوار ہیں اور فرما رہے تھے تمہارا اونٹ سب سے بہتر اونٹ ہے اور تم بہترین سوار ہو۔

امام رضا علیہ السلام نے اپنے اجداد سے روایت کی ہے کہ جناب حسنؑ و حسینؑ کافی رات تک جناب رسول خداؐ کے گھر میں کھیلتے رہتے تھے جناب رسول خداؐ اس کے بعد ان سے فرماتے کہ اب اپنی ماں کے پاس چلے جاؤ جب آپ گھر سے باہر نکلتے تو بجلی چمکتی اور راستہ روشن ہو جاتا اور اپنے گھر تک جا پہنچتے۔ اور پیغمبرؐ نے فرمایا کہ اس اللہ کا شکر کہ جس نے ہم اہلبیت کو محترم قرار دیا ہے۔

۱؎ بحارالانوار ج [illegible] ص [illegible]۔
۲؎۔ بحارالانوار ج [illegible] ص [illegible]۔
۳؎۔ بحارالانوار ج [illegible] ص [illegible]۔
۴؎۔ بحارالانوار ج [illegible] ص [illegible]۔

حصہ چہارم

فضائل حضرت زہراؑ

پیغمبرؐ نے فرمایا ہے کہ بہترین عورتیں چار ہیں مریمؑ دختر عمران، فاطمہؑ دختر محمدؐ، خدیجہؑ بنت خویلد، آسیہ زوجہ فرعون۔

پیغمبرؐ نے فرمایا کہ جنت کی عورتوں میں سے بہترین عورت فاطمہؑ ہیں۔

جناب رسول خداؐ نے فرمایا ہے کہ جب قیامت برپا ہوگی تو عرش سے اللہ کا منادی ندا دے گا لوگو اپنی آنکھیں بند کر لو تاکہ فاطمہؑ پل صراط سے گزر جائیں۔

پیغمبرؐ نے جناب فاطمہؑ سے فرمایا کہ خدا تیرے غضب سے غضب کرتا ہے اور تیری خوشنودی کے ذریعہ خوشنود ہوتا ہے۔

جناب عائشہ فرماتی ہیں کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد

---

۱۰ ۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۹۲ ۔
۱۱ ۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۹۲ ۔
۱۲ ۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۹۳ ۔ ذخائر العقبیٰ ص ۴۸ ۔
۱۳ ۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۹۳ ۔ اسد الغابہ ج ۵ ص ۵۲۲ ۔

کسی کو جناب فاطمہؑ سے زیادہ سچا نہیں دیکھا۔

امام محمد باقرؑ نے فرمایا ہے کہ خدا کی قسم اللہ نے فاطمہؑ کو علم کے وسیلہ سے فساد اور برائیوں سے محفوظ رکھا ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے جناب فاطمہؑ اللہ تعالیٰ کے یہاں نو ناموں سے پکاری جاتی ہے۔ فاطمہ، صدیقہ، مبارکہ، طاہرہ، زکیہ، راضیہ، مرضیہ، محدثہ، زہرا۔ فاطمہؑ کے نام رکھے جانے کی وجہ یہ ہے کہ یہ بی بی شر و فساد سے محفوظ اور معصوم ہیں۔ اگر حضرت علی علیہ السلام نہ ہوتے تو فاطمہؑ کا کوئی ہمسر نہ ہوتا۔

جناب امام محمد باقرؑ سے پوچھا گیا کہ جناب فاطمہؑ کا نام زہرا کیوں رکھا گیا؟ آپ نے فرمایا۔ اس لئے کہ خدا نے آپ کو اپنی عظمت کے نور سے پیدا کیا ہے آپ کے نور سے زمین اور آسمان اتنے روشن ہوئے کہ ملائکہ اس نور سے بے خود ہو گئے اور خدا کے لئے سجدہ میں گر گئے اور عرض کی خدایا یہ کس کا نور ہے؟ حق تعالیٰ نے فرمایا کہ میری عظمت کے نور سے ایک شعلہ ہے جسے میں نے پیدا کیا ہے اور اسے آسمان پر سکونت دی ہے اسے پیغمبروں میں سے بہترین پیغمبرؐ کے صلب سے پیدا کروں گا اور اسی نور سے دین کے امام اور پیشوا پیدا کروں گا۔ جو لوگوں کو حق کی طرف جذب کریں وہ پیغمبرؐ کے جانشین اور خلیفہ ہوں گے۔

---

۱۴ ۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۹۳ ۔ ذخائر العقبیٰ ص ۴۳ ۔
۱۵ ۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۸۹ ۔
۱۶ ۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۸۹ ۔
۱۷ ۔ کشف الغمہ ج ۲ ص ۹۲ ۔

پیغمبرؐ نے جناب فاطمہؑ سے فرمایا: بیٹی خداوند عالم نے دنیا کی طرف پہلی دفعہ توجہ کی اور تیرے باپ کو تمام مردوں پر چنا، دوسری مرتبہ اس کی طرف توجہ کی تو تیرے شوہر علیؑ کو تمام لوگوں پر چنا، تیسری مرتبہ اس کی طرف توجہ کی تو تمہیں تمام جہان کی عورتوں پر برتری اور فضیلت دی، چوتھی مرتبہ توجہ کی تو حسنؑ اور حسینؑ کو جنت کے جوانوں پر امتیاز دیا۔[1]

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بہشت چار عورتوں کے دیکھنے کی مشتاق ہے، پہلی مریم دختر عمران، دوسری آسیہ فرعون کی بیوی، تیسری خدیجہ دختر خویلد، چوتھی فاطمہؑ دختر محمدؐ۔[2]

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ فاطمہؑ میرے جسم کا ٹکڑا ہے جس کی اذیت میری اذیت ہے اور اس کی خوشنودی میری خوشنودی ہے۔[3]

پیغمبرؐ نے اس حالت میں جب کہ فاطمہؑ کا ہاتھ پکڑے ہوئے تھے فرمایا جو شخص اسے پہچانتا ہے تو وہ پہچانتا ہے اور جو نہیں پہچانتا وہ پہچان لے کہ یہ فاطمہؑ پیغمبرؐ کی دختر ہے اور میرے جسم کا ٹکڑا ہے اور میرا دل و جان ہے جو شخص اسے اذیت دے گا اس نے مجھے اذیت دی ہے اور جو شخص مجھے اذیت دے گا اس نے خدا کو اذیت دی ہے۔[4]

جناب ام سلمہ نے فرمایا کہ سب سے زیادہ شباہت پیغمبر اسلامؐ سے

---

۱. کشف الغمہ ج [illegible] ص [illegible]

۲. کشف الغمہ ج [illegible] ص [illegible]

۳. کشف الغمہ ج [illegible] ص [illegible]

۴. کشف الغمہ ج [illegible] ص [illegible] اور فصول المہمہ [illegible]

جناب فاطمہؑ کو تھی۔[1]

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ فاطمہؑ انسانوں کی شکل میں جنت کی حور ہیں۔[2]

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ فاطمہؑ سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گی۔[3]

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ فاطمہؑ کا نام فاطمہ اس لئے رکھا گیا ہے کہ لوگوں کو آپ کی حقیقت کے درک کرنے کی قدرت نہیں ہے۔[4]

پیغمبرؐ فرمایا کرتے تھے کہ اللہ نے مجھے اور علیؑ اور فاطمہؑ اور حسن و حسین کو ایک نور سے پیدا کیا ہے۔[5]

ابن عباس فرماتے ہیں کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا کہ وہ کلمات کہ جو اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو سکھلائے اور ان کی وجہ سے ان کی توبہ قبول ہوئی وہ کیا تھے؟ آپ نے فرمایا کہ جناب آدم نے خدا کو محمدؐ اور علیؑ اور فاطمہؑ اور حسنؑ اور حسینؑ کے حق کی قسم دی تھی جس کی وجہ سے آپ کی توبہ قبول ہوئی۔[6]

---

۱. کشف الغمہ ج [illegible] ص [illegible]

۲. دلائل الامامہ ص [illegible]

۳. بحار الانوار ج [illegible] ص [illegible]

۴. بحار الانوار ج [illegible] ص [illegible]

۵. کشف الغمہ ج [illegible] ص [illegible]

۶. کشف الغمہ ج [illegible] ص [illegible]

پیغمبرؐ نے فرمایا اگر علیؑ پیدا نہ ہوتے تو جناب فاطمہؑ کا کوئی ہمسر نہ ہوتا۔[1]

پیغمبرؐ فرماتے ہیں جب میں معراج پر گیا تو جنت کی سیر کی میں نے جناب فاطمہؑ کا محل دیکھا جس میں ستر محل تھے کہ جو لولو و مرجان سے بنے گئے تھے۔[2]

پیغمبرؐ نے فاطمہؑ سے فرمایا تھا کہ جانتی ہو کہ کیوں تیرا نام فاطمہؑ رکھا گیا ہے؟ حضرت علیؑ نے عرض کی یا رسول اللہ کیوں فاطمہؑ نام رکھا گیا ہے؟ تو آپ نے فرمایا چونکہ آپ اور اس کے پیروکار دوزخ کی آگ سے امان میں ہیں۔[3]

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فاطمہؑ کو زیادہ بوسہ دیا کرتے تھے ایک روز جناب عائشہ نے اعتراض کیا تو پیغمبر اسلام نے اس کے جواب میں فرمایا جب مجھے معراج پر لے جایا گیا تو میں بہشت میں داخل ہوا جبرئیلؑ مجھے طوبیٰ کے درخت کے نزدیک لے گئے اور اس کا میوہ مجھے دیا میں نے اس کو کھایا تو اس سے نطفہ وجود میں آیا جب میں زمین پر آیا اور جناب خدیجہؑ سے ہمبستر ہوا تو اس سے جناب فاطمہؑ کا حمل ٹھہرا اس وجہ سے کہ جب میں فاطمہؑ کو بوسہ دیتا ہوں تو درخت طوبیٰ کی خوشبو میرے مشام میں پہنچتی ہے۔[4]

ابن عباس کہتے ہیں کہ ایک دن علیؑ اور فاطمہؑ اور حسنؑ و حسینؑ پیغمبرؐ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے تو پیغمبرؐ نے فرمایا اے خدا تجھے علم ہے کہ یہ میرے اہلبیت

---

[1] کشف الغمہ ج ۲ ص [illegible]۔

[2] بحار الانوار ج [illegible] ص [illegible]۔

[3] [illegible] کشف الغمہ ج ۲ ص [illegible]۔

[4] بحار الانوار ج [illegible] ص [illegible]

ہیں اور ان سے سب سے زیادہ محبت ہے۔ اے خدا جو ان کے دوستوں سے محبت رکھے ان کے دشمنوں سے دشمنی رکھ ان کی مدد کرنے والوں کی مدد فرما انہیں تمام برائیوں سے پاک رکھ اور ہر گناہ سے محفوظ رکھ اور روح القدس کے ذریعے ان کی تائید فرما اس کے بعد آپ نے فرمایا یا علیؑ تم امت کے امام اور میرے جانشین ہو اور مومنین کو بہشت کی طرف ہدایت کرنے والے ہو گویا میں اپنی بیٹی کو دیکھ رہا ہوں کہ قیامت کے دن ایک نورانی سواری پر سوار ہے اس کے دائیں طرف ستر ہزار فرشتے اور بائیں جانب ستر ہزار فرشتے اس کے آگے ستر ہزار فرشتے اور اس کے پیچھے ستر ہزار فرشتے چل رہے ہیں اور میری امت کی عورتوں کو بہشت میں لے جا رہی ہو گی جو عورت پانچ وقت کی نماز پڑھے اور ماہ رمضان کے روزے رکھے خانہ کعبہ کا حج بجا لائے اور اپنے مال کی زکوٰۃ دے اور اپنے شوہر کی اطاعت کرے اور علیؑ سے محبت کرے وہ جناب فاطمہؑ کی شفاعت سے بہشت میں داخل ہو گی فاطمہؑ دنیا کی عورتوں میں سے بہترین عورت ہے۔

عرض کیا گیا یا رسول اللہ کیا فاطمہؑ اپنے زمانے کی عورتوں سے بہتر ہیں؟ آپ نے فرمایا وہ تو مریم تھیں جو اپنے زمانے کی عورتوں سے بہتر تھیں میری بیٹی فاطمہؑ تو پہلی اور آخری عورتوں سے بہتر ہے جب محراب عبادت میں کھڑی ہوتی ہے تو خدا تعالیٰ کے ستر ہزار مقرب فرشتے اسے سلام کرتے ہیں اور عرض کرتے ہیں اے فاطمہؑ خدا نے تجھے چن لیا ہے اور پاکیزہ کیا ہے اور تمام عالم کی عورتوں پر تجھے برتری دی ہے۔

اس کے بعد آپ علیؑ کی طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا یا علیؑ فاطمہؑ میرے جسم کا ٹکڑا ہے اور میری آنکھوں کا نور اور دل کا میوہ ہے جو بھی اسے تکلیف دے

اس نے مجھے تکلیف دی اور جس نے اسے خوشنود کیا اس نے مجھے خوشنود کیا۔ فاطمہ وہ پہلی شخصیت ہیں جو مجھ سے ملاقات کریں گی میرے بعد اس سے نیکی کرنا۔ حسنؑ اور حسینؑ میرے فرزند ہیں اور میرے پھول ہیں اور جنت کے جوانوں کے سردار ہیں ان کو بھی آپ اپنی آنکھوں کی طرح عزیز شمار کریں۔

اس کے بعد آپ نے اپنے ہاتھ آسمان کی طرف اٹھائے اور فرمایا اے میرے خدا تو گواہ رہنا کہ میں ان کے دوستوں کو دوست رکھتا ہوں اور ان کے دشمنوں کو دشمن رکھتا ہوں۔[1]

فاطمہؑ کا علم و دانش

عمار کہتے ہیں کہ ایک دن حضرت علیؑ گھر میں داخل ہوئے تو جناب فاطمہؑ نے فرمایا یا علیؑ آپ میرے نزدیک آئیں تاکہ میں آپ کو گزشتہ اور آئندہ کے حالات بتلاؤں۔ حضرت علیؑ فاطمہؑ کی اس گفتگو سے حیرت میں پڑ گئے اور پیغمبرؐ کی خدمت میں شرفیاب ہوئے اور سلام کیا اور آپ کے نزدیک جا بیٹھے۔ پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا آپ بات شروع کریں گے یا میں کچھ کہوں؟ حضرت علیؑ نے عرض کی کہ میں آپ کے فرمان سے استفادہ کرنے کو دوست رکھتا ہوں۔ پیغمبرؐ نے فرمایا گویا آپ سے فاطمہؑ نے یہ کہا ہے اور اسی وجہ سے تم نے میری طرف رجوع کی ہے۔ حضرت علی علیہ السلام نے عرض کی رسول اللہؐ کیا فاطمہؑ کا نور بھی ہمارے نور سے ہے۔ پیغمبرؐ نے فرمایا کیا آپ کو علم نہیں ہے؟ حضرت علیؑ یہ بات

۱۔ بحار الانوار ج ۴۳ ص ۲۴۔

سن کر سجدہ شکر میں گر گئے اور اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا

اس کے بعد جناب فاطمہؑ کے پاس لوٹ آئے۔ حضرت فاطمہؑ نے فرمایا علیؑ گویا میرے بابا کے پاس گئے تھے اور آپ نے یہ فرمایا تھا کہ آپ نے [illegible] دختر پیغمبرؐ فاطمہؑ نے فرمایا اے ابوالحسنؑ خدا نے میرے نور کو پیدا کیا اور وہ اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتا تھا اس وقت اللہ تعالیٰ نے اس نور کو بہشت کے ایک درخت میں ودیعت رکھ دیا جب میرے والد بہشت میں داخل ہوئے تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا کہ اس درخت کا میوہ تناول کریں میرے والد نے اس درخت کے میوے تناول فرمائے اسی ذریعے سے میرا نور آپ کے صلب میں منتقل ہو گیا اور میرے والد کے صلب سے میری ماں کے رحم میں [illegible] یا علیؑ میں اسی نور سے ہوں اور گزشتہ اور آئندہ کے حالات [illegible] ہوں اے ابوالحسنؑ مومن نور کے واسطے سے خدا کو دیکھتا ہے۔[1]

امام حسن عسکری علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ایک عورت حضرت فاطمہؑ کی خدمت میں شرفیاب ہوئی اور عرض کی کہ میری ماں ضعیف ہے نماز کے بارے میں ایک مسئلہ [illegible] اس نے مجھے آپ کی خدمت میں بھیجا ہے کہ میں آپ سے سوال کروں۔ اس نے مسئلہ پیش کیا اور جناب فاطمہؑ نے اس کا جواب دیا اس عورت نے دوسری دفعہ دوسرا مسئلہ پوچھا جناب فاطمہؑ نے اس کا بھی جواب دیا اس عورت نے تیسری دفعہ پھر تیسرا مسئلہ پوچھا اور اسی طرح اس نے دس مسئلے پوچھے اور حضرت زہراؑ نے سب کے جواب دیئے اس کے بعد وہ عورت

۱۔ بحار الانوار ج ۴۳ ص ۸۔

زیادہ سوال کرنے کی وجہ سے شرمسار ہوئی اور عرض کی دختر رسولؐ اب اور میں زحمت نہیں دوں گی آپ تھک گئی ہیں۔ جناب فاطمہؑ نے فرمایا پھر آ کر جو کچھ سوال ہو پوچھو تاکہ میں اس کا جواب دوں۔ میں تیرے سوالوں سے نہیں تھکی بلکہ کمال محبت سے جواب دوں گی۔ اگر کسی کو زیادہ بوجھ چھت تک اٹھا کر لے جانے کے لئے اجرت پر لیا جائے اور وہ اس کے عوض ایک لاکھ دینار اجرت لے تو کیا وہ بار کے اٹھانے سے تھکے گا؟ اس عورت نے جواب دیا نہیں کیونکہ اس نے بار کے مطابق [illegible] لی ہے۔ جناب فاطمہؑ نے فرمایا خدا ہر ایک مسئلے کے جواب میں اتنا ثواب عطا فرماتا ہے کہ اس سے بھی زیادہ ہے [illegible] کو [illegible] پر کر دیا جائے تو اس کے باوجود میں مسئلے کے جواب دینے میں نہیں تھکوں گی۔

میں نے اپنے والد سے سنا ہے کہ فرماتے تھے کہ میرے شیعوں کے علماء قیامت میں محشور ہوں گے اور خدا ان کے علم کی مقدار اور لوگوں کو ہدایت اور ارشاد کرنے میں کوشش اور جد و جہد کے مطابق خلعت عطا فرمائے گا، یہاں تک کہ ان میں سے ایک کو دس لاکھ حلے نور کے عطا فرمائے گا اور اس کے بعد حق کا منادی ندا دے گا اے وہ لوگو جنہوں نے آل محمدؐ کے یتیموں کی کفالت کی ہے، وہ اس زمانے میں کہ ان کے امام کا سلسلہ ان سے منقطع ہو چکا تھا اور تم لوگ ان کے شاگرد تھے اور وہ یتیم ہیں کہ جو تمہاری کفالت کے ماتحت اور تمہاری پناہ میں باقی رہے ہیں اور ارشاد اور ہدایت کرتے رہے ہیں [illegible] جنہوں نے تم سے علوم میں استفادہ کیا ہے ان کو بھی خلعت دو اس وقت میری امت کے علماء اپنے پیروکاروں

کو خلعت عطا فرمائیں گے پھر وہ پیروکار اپنے شاگردوں کو خلعت دیں گے۔ جب لوگوں میں خلعت تقسیم ہو چکے گی تو اللہ کی طرف سے دستور دیا جائے گا کہ جو خلعت علماء نے تقسیم کی ہیں ان کو مکمل کیا جائے یہاں تک کہ سابقہ تعداد کے برابر ہو جائے پھر دستور ہو گا کہ اسے دو برابر کر دو اور اسی طرح ان کے پیروکاروں کو بھی اسی طرح دو۔

اس وقت جناب فاطمہؑ نے فرمایا اے کنیز خدا اس خلعت کا ایک دھاگا ہزار درجہ اس چیز سے بہتر ہوگا جس پر سورج چمکتا ہے اس لئے کہ دنیاوی امور رنج و کدورت سے آلودہ ہوتے ہیں لیکن اخروی نعمات میں کوئی نقص اور عیب نہیں ہوتا۔[۱]

امام حسن عسکری علیہ السلام فرماتے ہیں کہ دو عورتیں کہ ان میں سے ایک مومن اور دوسری معاندہ اور دشمن تھی، ایک دینی مطلب میں آپس میں اختلاف رکھتی تھیں اس اختلاف کے حل کرنے کے لئے جناب فاطمہؑ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور اپنے مطلب کو سنایا، چونکہ حق مومن عورت کے ساتھ تھا تو حضرت فاطمہؑ نے اس کی گفتگو اور دلائل اور براہین سے اس کی تائید کی اور اسے اس دوسری پر فتح مند کر دیا اور وہ مومن عورت اس کامیابی سے خوشحال ہوگی۔ جناب فاطمہؑ نے اس مومن عورت سے فرمایا کہ اللہ تعالی کے فرشتے تجھ سے زیادہ خوشحال ہوئے ہیں اور شیطان اور اس کے پیروکار اس سے زیادہ غمگین ہوئے ہیں جو غم اس معاند اور دشمن عورت پر وارد ہوا ہے۔

۱؎ بحار الانوار ج ۲ ص ۳ [illegible]۔

اس وقت امام حسن عسکری علیہ السلام نے فرمایا اسی وجہ سے خدا نے فرشتوں سے فرمایا ہے کہ اس حدیث کے عوض جو فاطمہؑ نے اس دن عورت کے لیے انجام دی ہے بہشت اور بہشتی نعمتوں کو اس سے جو پہلے سے معین کی ہر جگہ دس گنا مقرر کر دیا جائے اور یہی روش ان سب اشخاص کے بارے میں بھی جاری کی جاتی ہے جو اپنے علم سے کسی مومن کو کسی بحث پر فتح دلاتا ہے اور اس کے ثواب کو دس گنا کر دیا جاتا ہے

مقرر کر دیتا ہے [۱]

فاطمہؑ کا ایمان اور عبادت

پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب فاطمہؑ کے بارے میں فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ایمان فاطمہؑ کے دل کی گہرائیوں اور روح کے اندر اتنا نفوذ کر چکا ہے کہ وہ اللہ کی عبادت کے لئے اپنے آپ کو ہر ایک چیز سے مستغنی کر لیتی ہیں [۲]

امام حسن علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ میری والدہ شب جمعہ صبح تک عبادت میں مشغول رہتی تھیں اور متواتر رکوع اور سجود کیا کرتی تھیں یہاں تک کہ صبح نمودار ہو جاتی میں نے سنا کہ آپ مومنین کے لیے نام بنام دعا کر رہی ہیں لیکن وہ اپنے لیے دعا نہیں کر رہی تھیں میں نے عرض کی اماں جان! کیوں اپنے لئے دعا نہیں کرتیں؟ آپ نے

---

۱ - بحار الانوار، ج ۱۰، ص ۸
۲ - بحار الانوار، ج ۴۳، ص ۴۶

فرمایا پہلے ہمسائے اور پھر خود [۱]

امام حسن علیہ السلام فرماتے تھے کہ جناب فاطمہ زہراؑ تمام لوگوں سے زیادہ عبادت کرتی تھیں خداوند تعالیٰ کی عبادت میں اتنا کھڑی رہتیں کہ ان کے پاؤں ورم کر جاتے [۲]

پیغمبر اکرمؐ فرماتے تھے کہ میری بیٹی فاطمہ عالم کی عورتوں سے بہترین عورت ہیں میرے جسم کا ٹکڑا ہیں میری آنکھوں کا نور دل کا میوہ اور میری روح رواں ہیں انسان کی شکل میں حور ہیں جب عبادت کے لئے محراب میں کھڑی ہوتی ہیں تو آپ کا نور فرشتوں میں چمکتا تھا خداوند عالم نے ملائکہ کو خطاب کیا کہ میری کنیز کو دیکھو میرے مقابل نماز کے لیے کھڑی ہے اور اس کے اعضا میرے خوف سے لرز رہے ہیں اور میری عبادت میں غرق ہے ملائکہ گواہ رہو میں نے فاطمہؑ کے پیروکاروں کو دوزخ کی آگ سے مامون قرار دے دیا ہے [۳]

البتہ جو شخص قرآن کے ماحول کے مرکز میں پیدا ہوا ہو اور وحی کے ماحول میں پلا بڑھا ہو اور دن رات اس کے کان قرآن کی آواز سے آشنا ہوں اور محمدؐ جیسے باپ کی تربیت میں رہا ہو کہ آنحضرت اس قدر اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے کہ آپ کے پاؤں مبارک ورم کر جاتے تھے اور علی جیسے شوہر کے گھر کی ہو تو اسے اہل زمانہ کے فرد سے عابدترین انسان ہونا

---

۱ - کشف الغمہ، ج ۲، ص ۹۴ و دلائل الامامہ، ص ۵۶
۲ - بحار الانوار، ج ۴۳، ص ۷۶
۳ - بحار الانوار، ج ۴۳، ص ۱۷۲

ہی چاہیئے اسے خدمت میں تمام مقدم رکھنا چاہیئے اور ایمان کی روح کی گہرائیوں میں بسایا جانا چاہیئے

بابرکت ہار

جابر بن عبداللہ انصاری فرماتے ہیں کہ میں نے ایک دن عصر کی نماز پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے ساتھ پڑھی آپ کے اصحاب آپ کے اردگرد بیٹھے تھے اچانک ایک بوڑھا پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جس کا لباس پھٹا ہوا تھا اور بڑھاپے کی وجہ سے اپنی جگہ پر کھڑا نہیں ہو سکتا تھا۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اس کی طرف متوجہ ہوئے اور اس کی مزاج پرسی کی۔ یا رسول اللہ میں بھوکا ہوں مجھے سیر کیجئے ننگا ہوں مجھے لباس عنایت فرمایئے اور خالی ہاتھ ہوں مجھے کچھ عنایت فرما دیجئے۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا سر دست تو میرے پاس کچھ نہیں ہے لیکن میں تجھے ایک جگہ کی رہنمائی کرتا ہوں شاید وہاں تیری حاجت پوری ہو جائے۔ اس شخص کے گھر جا کہ جو خدا اور رسول کو دوست رکھتا ہے اور خدا اور رسول اسے دوست رکھتے ہیں جا میری بیٹی فاطمہ کے گھر کہ شاید تجھے وہ کوئی چیز عنایت فرما دے۔ آپ نے اس کے بعد بلال سے فرمایا کہ اسے فاطمہ کا گھر دکھلا آؤ۔

جناب بلال اس بوڑھے کے ساتھ جناب فاطمہ کے گھر گئے۔ بوڑھے نے عرض کی سلام ہو تم پر اے وہ اہلبیت کہ جو فرشتوں کے نازل ہونے کا مرکز ہے۔ جناب فاطمہ نے اس کے سلام کا جواب دیا اور فرمایا کہ تم کون ہو؟ اس نے عرض کیا کہ میں ایک فقیر ہوں پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی خدمت میں گیا تھا انہوں نے

مجھے آپ کے پاس بھیجا ہے۔ اے دختر پیغمبر! بھوکا ہوں سیر کیجئے برہنہ ہوں لباس دیجئے چونکہ میں فقیر ہوں کوئی چیز عنایت فرمائیے۔ جناب فاطمہ چونکہ ان کے گھر میں کوئی چیز موجود نہیں ہے ایک گوسفند کی کھال سے کہ جو امام حسنؑ اور امام حسینؑ کے فرش کے لئے تھی اسے دی۔ اس نے عرض کی یہ چمڑے کی کھال میری زندگی کی اصلاح کیسے کر سکتی ہے۔ جناب فاطمۂ نے ایک ہار جو آپ کے چچا کی لڑکی نے بطور ہدیہ دیا تھا اس فقیر کو دے دیا اور فرمایا اسے فروخت کر کے اپنی زندگی کی اصلاح کرلے

وہ بوڑھا آدمی پیغمبر اکرمؐ کی خدمت میں لوٹ آیا اور تمام قصہ بیان کیا۔ آپ رو دیئے اور فرمایا کہ اس ہار کو فروخت کر دو تاکہ میری بیٹی کے عطیئے کی برکت سے خدا تیری مشکل آسان کر دے۔

عمار یاسر نے جناب رسول خداؐ سے اجازت لی کہ اس ہار کو خرید لوں۔ اس بوڑھے سے پوچھا کہ اسے کتنے میں فروخت کرو گے؟ اس نے کہا اتنی قیمت پر کہ روٹی اور گوشت سے میرا پیٹ سیر ہو جائے اور ایک یمانی چادر جسم کے ڈھانپنے کے لئے ہو جائے کہ جس میں نماز پڑھوں اور ایک دینار کہ میں اپنے گھر والوں کے پاس جا سکوں۔

عمار نے کہا میں اس ہار کو بیس دینار اور دو سو درہم اور ایک یمانی چادر اور ایک سواری کا حیوان اور روٹی اور گوشت کے عوض خریدتا ہوں۔ اس بوڑھے نے جناب عمار کو فروخت کر دیا اور معاوضہ لے لیا اور پیغمبرؐ کی خدمت میں لوٹ آیا۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اس سے پوچھا کہ تمہاری حاجت پوری ہوئی؟ اس نے عرض کی ہاں میں جناب فاطمۂ کی بخشش کی بدولت بے نیاز ہو گیا ہوں کہ خداوند عالم اس کے عوض جناب فاطمۂ کو ایسی

چیز دے کہ جو آنکھ نے دیکھی ہو اور جو کان نے سنی ہو۔

جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اصحاب سے فرمایا کہ معبود عالم نے اس دنیا میں اس قسم کی چیز جناب فاطمہ کو عطا کر دی ہے کیونکہ ان کو جیسا باپ اور علی جیسا شوہر اور حسن اور حسین جیسے فرزند عطا فرمائے ہیں۔ جب جبرئیل فاطمہ کی روح قبض کرے گا اور اس سے قبر میں سوال کرے گا کہ تیرا پیغمبر کون ہے؟ تو جواب دے گی میرا باپ۔ اور اگر پوچھے گا تیرا امام کون ہے تو جواب دے گی میرا شوہر علی ابن ابی طالب۔ اور جان رکھو کہ ایک جماعت کی ڈیوٹی لگا دی ہے کہ آپ کے مرنے کے بعد چاروں پر اور ان کے والد اور شوہر پر درود بھیجتے رہیں۔ اور جو شخص میرے مرنے کے بعد میری زیارت کو آئے تو وہ اس کے مانند ہے کہ وہ میری زندگی میں میری زیارت کو آتا ہے اور جو شخص فاطمہ کی زیارت کو جائے اس کے مثل ہے کہ جس نے میری زیارت کی۔

جناب عمار نے وہ ہار لیا اور اسے خوشبو لگائی اور یمانی کپڑے میں لپیٹ کر اپنے غلام کو دیا اور کہا کہ اسے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں لے جا کر حاضر کرو میں نے تجھے بھی آنجناب کو بخش دیا ہے۔ جب وہ غلام جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں گیا تو حضرت نے وہ ہار مع غلام کے جناب فاطمہ علیہا السلام کو بخش دیا۔ جناب فاطمہ علیہا السلام نے وہ ہار بیچ دیا اور اس غلام کو آزاد کر دیا۔ جب غلام آزاد ہو تو ہنسنے لگا جب اس سے ہنسنے کی علت پوچھی گئی تو اس نے جواب دیا کہ اس ہار کی برکت پر مجھے تعجب ہوا ہے کیونکہ اس نے بھوکے کو سیر کیا ہے برہنہ کو کپڑا پہنایا، فقیر کو غنی

کر دیا، غلام کو آزاد کر دیا اور پھر وہ اپنے مالک کے پاس لوٹ گیا[1]۔

پیغمبرؐ کی فاطمہؑ سے محبت اور ان کا احترام

حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ جناب فاطمہؑ بات کرنے میں سارے لوگوں کی نسبت پیغمبرؐ سے زیادہ شباہت رکھتی تھیں جب آپ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس جاتیں تو پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کا ہاتھ پکڑ لیتے اور اسے بوسہ دیتے اور جناب فاطمہؑ کو اپنی جگہ بٹھاتے اور جب رسول خدا جناب فاطمہؑ کے پاس جاتے تو آپ والد کے احترام کے لیے کھڑی ہو جاتیں اور آپ کے ہاتھ چومتیں اور اپنی جگہ آپ کو بٹھلاتیں[2]۔

ایک دن جناب عائشہ نے دیکھا کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جناب فاطمہؑ کو بوسہ دے رہے ہیں تو عرض کی یا رسول اللہ آپ فاطمہؑ کو چومتے ہیں جب کہ وہ شوہر دار ہو چکی ہے؟ آپ نے جواب دیا کہ اگر تجھے پتہ ہوتا کہ میں فاطمہؑ کو کس قدر دوست رکھتا ہوں تو تیری محبت بھی اس کے ساتھ زیادہ ہو جاتی۔ فاطمہؑ انسان کی شکل و صورت میں حور ہے جب بھی میں بہشت کی خوشبو کا مشتاق ہوتا ہوں تو اسے بوسہ دیتا ہوں[3]۔

ASSOCIATION KH…
SHIA ITHNA ASHERI
JAMATE
MAYOTTE

[1] بحار الانوار ج ۴۳ ص ۵۶۔
[2] کشف الغمہ ج ۲ ص ۷۹۔
[3] بحار ج ۴۳ ص ۶۔

علی بن ابی طالب نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا یا رسول اللہ مجھے زیادہ دوست رکھتے ہیں یا فاطمہ کو؟ تو آپ نے فرمایا تم عزیز تر ہو اور فاطمہ محبوب تر ہے۱

جناب فاطمہ فرماتی ہیں جب یہ آیت نازل ہوئی کہ

لا تجعلوا دعاء الرسول بینکم کدعاء بعضکم بعضاً۔

یعنی پیغمبر کو اس طرح آواز نہ دیا کرو۔ تو میں اس کے بعد بابا جان کہنے کے بجائے آپ کو خطاب نہ کرتی تھی اور یا رسول اللہ کہہ کر پکارتی تھی کئی دفعہ میں نے آپ کو اس سے آواز دی تو آپ نے میرا جواب نہ دیا اور اس کے بعد فرمایا اے فاطمہ یہ آیت تمہارے اور تمہاری اولاد کے بارے میں نازل نہیں ہوئی ہے تم مجھ سے ہو اور میں تم سے ہوں۔ یہ آیت قریش کے متکبر افراد کے لیے نازل ہوئی ہے تم مجھے بابا کہہ کر پکارا کرو کیونکہ یہ لفظ میرے دل کو زندہ کرتا ہے اور پروردگار عالم کو خوشنود کرتا ہے۲

جناب عائشہ سے سوال کیا گیا کہ پیغمبر کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب کون تھا تو آپ نے کہا کہ فاطمہ اس کے بعد پوچھا گیا کہ مردوں میں سے زیادہ محبوب کون تھا تو آپ نے کہا فاطمہ کے شوہر علی۳

جب تک پیغمبر فاطمہ کو چوم نہ لیتے سویا نہیں کرتے تھے۴

۱۔ کشف الغمہ جلد [illegible] ص [illegible]۔
۲۔ بیت الاحزان ص [illegible]۔
۳۔ کشف الغمہ جلد [illegible] ص [illegible]۔
۴۔ کشف الغمہ جلد [illegible] ص [illegible]۔

پیغمبر جب سفر کو جاتے تھے تو آخری فرد جس سے وداع فرماتے تھے فاطمہ ہوتی تھیں اور جب سفر سے واپس لوٹتے تو پہلا شخص جس کی ملاقات کو جلدی جاتے فاطمہ ہوتی تھیں۱

پیغمبر فرماتے تھے کہ فاطمہ میرے جسم کا ٹکڑا ہے جو اسے خوشنود کرے گا اس نے مجھے خوشنود کیا اور جو شخص اسے اذیت دے گا اس نے مجھے اذیت دی سب سے عزیز ترین میرے نزدیک فاطمہ ہیں۲

اس میں کوئی شک نہیں کہ رسول خدا [illegible] سے زیادہ [illegible] متعارف سے بڑھ کر جناب فاطمہ سے محبت کا اظہار کی حد تک کرتے تھے کہ [illegible] جسم کے ٹکڑے پر باپ کو فطری طور پر زیادہ محبت ہوتی ہے لیکن جب محبت اور تعلق عقل سے کنٹرول نہ کیا جائے تو اس کی دو وجہ اور علت ہو سکتی ہیں [illegible] حد سے زیادہ محبت کا اظہار جہالت اور کوتاہ فکری کی وجہ سے ہو لیکن اس علت کی پیغمبر کی ذات کی طرف نسبت نہیں دی جا سکتی کیونکہ خداوند عالم پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق فرماتا ہے انک لعلی خلق عظیم۳ یعنی تم خلق عظیم کے مالک ہو۔

پیغمبر کے تمام کام وحی الٰہی کے مطابق ہوا کرتے تھے خدا تعالیٰ فرماتا ہے ان ہو الا وحی یوحیٰ۴

۱۔ [illegible] العقبیٰ ص [illegible]۔
۲۔ مناقب ابن شہر آشوب جلد [illegible] ص [illegible]۔
۳۔ سورہ قلم آیت ۴۔
۴۔ سورہ نجم آیت ۴۔

پس خدا کے رسول کا ان تمام غیر عادی محبت کے اظہار میں کوئی اور مقصد اور غرض ہونی چاہیئے۔

جناب رسول خدا نے اپنی بیٹی فاطمہ کے مقام و مرتبت کو خود مشخص کیا تھا اور آپ لوگوں کو بھی فرما دیا کرتے تھے۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جانتے تھے کہ فاطمہ ولایت اور امامت کی تولید کا مرکز اور دین کے پیشواؤں کی ماں ہیں [illegible] معصوم ہیں حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام کے علاوہ کوئی بھی آپ کے بلند مقام کو درک نہیں کر سکتا۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جانتے تھے کہ فاطمہ کا نور آسمان کے فرشتوں کو روشنی دیتا ہے جنت کی خوشبو کو فاطمہ سے استشمام کرتے تھے اسی علت کی وجہ سے آپ حد سے زیادہ فاطمہ سے اظہار محبت فرمایا کرتے تھے۔

فاطمہ اور علیؑ کی سخت زندگی

ایک زمانہ میں حضرت علیؑ کی زندگی سخت گزر رہی تھی۔ جناب فاطمہ اپنے والد گرامی کی خدمت میں حاضر ہوئیں آپ نے دروازہ کھٹکھٹایا۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ام ایمن سے فرمایا گویا [illegible] اٹھو اور دیکھو کون ہے۔ جب ام ایمن نے گھر کا دروازہ کھولا تو جناب فاطمہ علیہا السلام گھر کے اندر داخل ہوئیں سلام کیا اور باپ کی خدمت میں بیٹھ گئیں۔ جناب رسول خدا نے فرمایا بیٹی فاطمہ اس وقت پہلے کبھی ہمارے گھر نہیں آیا کرتی تھیں کیا ہوا ہے؟ آپ نے عرض کی یا رسول اللہ ملائکہ کی غذا کیا ہے؟ آپ نے فرمایا اللہ تعالیٰ

کی حمد۔ عرض کیا اباجان ہماری غذا کیا ہے؟ آپ نے فرمایا خدا کی قسم ایک مہینہ ہونے کو ہے کہ آل محمد کے گھر میں آگ نہیں جلائی گئی۔ میری [illegible] آگے آؤ میں تمہیں وہ پانچ کلمات سکھاتا ہوں جو جبرئیل نے مجھے تعلیم دیئے ہیں۔

یا رب الاولین والآخرین یا ذا القوۃ المتین

ویا راحم المساکین ویا ارحم الراحمین

جناب فاطمہ یہ دعا یاد کر کے گھر لوٹ آئیں حضرت علی علیہ السلام نے پوچھا کیا خبر لائی ہیں؟ جواب دیا دنیا طلب کرنے گئی تھی لیکن آخرت لے کر آئی ہوں۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا آج سب سے بہترین دن تھا۔

ایک دن پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جناب فاطمہ کی عیادت کی اور [illegible] پوچھا تو آپ نے عرض کیا اباجان بیمار ہوں اور اس سے بڑھ کر گھر میں کوئی چیز موجود نہیں جو کھاؤں آپ نے فرمایا [illegible] دنیا کی عورتوں سے بہتر ہو۔

امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ ایک دن جناب فاطمہ نے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ حضرت علی علیہ السلام کے پاس جو آتا ہے وہ فقراء میں تقسیم کر دیتے ہیں پیغمبر نے فرمایا بیٹی فاطمہ خبردار میرے بھائی اور چچا زاد علیؑ کو ناراحت نہ کرنا

[illegible]

[illegible]

کیوں کہ علیؑ کا منصب پیغمبری منصب سے دوسرے منصب خدا کا منصب تھے

سعادت بتاتی ہیں کہ ایک دن رسول خداؐ جناب فاطمہؑ کے گھر گئے دیکھا کہ حسنؑ اور حسینؑ گھر میں موجود نہیں ہیں ان کی حالت پوچھی جناب فاطمہؑ نے عرض کی آج ہمارے گھر میں کھانے کے لئے کچھ موجود نہ تھا علیؑ جب باہر جانا چاہا تو فرمایا کہ میں حسنؑ اور حسینؑ کو اپنے ساتھ باہر لے جاتا ہوں تاکہ یہاں روئیں نہ اور تم سے غذا کا مطالبہ نہ کریں۔ اب ان کو فلاں یہودی کے پاس چلے گئے۔ جب رسول خداؐ علیؑ کی تلاش میں باہر گئے اور اس یہودی کے باغ میں ڈول کھینچتے دیکھا اور دیکھا کہ حسنؑ و حسینؑ کھیل میں مشغول ہیں اور ان کے سامنے تھوڑی سی کھجوریں بھی موجود ہے پیغمبرؐ نے علیؑ سے فرمایا کہ دن گرم ہو رہا ہے پہلے حسنؑ و حسینؑ کو گھر لوٹ نہیں چاہتے؟ آپ نے عرض کی یا رسول اللہ جب میں گھر سے باہر آیا تھا تو ہمارے گھر کوئی غذا موجود نہ تھی آپ تھوڑا سا توقف کریں تاکہ میں کچھ خرما جناب فاطمہؑ کے لئے جمع کر لوں۔ میں نے اس یہودی سے ہر ڈول کے کھینچنے پر ایک خرما مقرر کیا ہے جب کچھ خرمے جمع ہو گئے انہیں اپنے دامن میں ڈالا اور حسنؑ اور حسینؑ کو اٹھایا اور گھر واپس لوٹ آئے[1]

ایک دن پیغمبرؐ فاطمہؑ کے پاس آئے تو دیکھا کہ فاطمہؑ کو سد بچھے ہوئے ہیں آپ نے فاطمہؑ سے روگردانی کی اور چلے گئے جناب فاطمہؑ آپ کی روگردانی

---

۱ کشف الغمہ ج ۲ ص ۱۰۲۔

۲ بحار الانوار ج ۴۳ ص ۸۳

کی علت کو بھانپ گئیں اور پردے کو پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم کی خدمت میں حاضر کیا اور آپ نے فرمایا فاطمہؑ تم کو دیکھ لو۔ اس کے بعد ایک غریب آدمی کو آپ نے دیدیا۔ اس کو عطا کر دو اور فرمایا کہ جو شخص میرا دوست ہو اور میرے اہل بیت کے بارے میں مجھے اذیت دے خداوند عالم اس پر غضب کرے گا۔[1]

امامت ظاہر کہتی ہیں کہ میں جناب فاطمہؑ کی خدمت میں بیٹھی تھی کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم وہاں آئے اور آپ نے فاطمہؑ کی گردن میں سونے کا ہار دیکھی آپ نے فرمایا فاطمہؑ لوگوں کے اس کہنے پر کہ فاطمہؑ رسولؐ کی بیٹی ہے مغرور نہ ہونا جب کہ تم اس حالت میں ہو کہ ظالموں کا لباس تمہارے جسم پر ہو۔ جناب فاطمہؑ نے فوراً ہار کو اتار دیا اور فروخت کر دیا اور اس کی قیمت سے ایک غلام خرید کر آزاد کر دیا۔ پیغمبرؐ آپ کے اس کام سے بہت خوش ہوئے۔[2]

امام محمد باقر علیہ السلام نے فرمایا پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی عادت یہ تھی کہ جب سفر کو جاتے تو آخری آدمی کہ جس سے وداع کرتے وہ فاطمہؑ ہوتیں اور جب سفر سے واپس آتے تو پہلا انسان جس کا دیدار کرتے تھے وہ فاطمہؑ ہوتیں۔ ایک سفر سے جب جناب فاطمہؑ کے گھر آئے تو دیکھا حضرت حسنؑ و حضرت حسینؑ کے ہاتھوں میں چاندی کے بازو بند ہیں اور ایک پردہ بھی لٹکا ہوا ہے آپ نے تھوڑی دیر تک دیکھا اور اپنی عادت کے خلاف

---

۱ بحار الانوار ج ۴۳ ص ۸۶۔

۲ مطر الساکین ص ۱۹

جناب زہراؑ کے گھر پر تشریف لائے اور واپس لوٹ گئے جناب فاطمہؑ غمگین ہوئیں اور یاس و غم کی حالت ہو گئیں۔ پردہ اتارا اور حضرت حسنؑ اور حضرت حسینؑ کے ہاتھ سے دست بند بھی اتار اور ان کسی ذریعہ سے جناب رسول خداؐ کی خدمت میں روانہ کر دیا۔ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آپ کی آنکھوں کو بوسہ دیا اور آپ کو نوازش کی اور دست بند کو مسجد میں جو فقراء بیٹھے تھے ان میں تقسیم کر دیا اور پردے کے ٹکڑے کر کے مختلف برہنہ انسانوں کو دیے تاکہ وہ ستر عورت کر سکیں اس کے بعد جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ خدا فاطمہؑ پر رحمت کرے وہ اسے بہشت کا لباس پہنائے اور بہشتی زینت اسے عطا کرے گا۔[1]

عمران ابن حصین کہتے ہیں کہ میں ایک دن جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں بیٹھا ہوا تھا کہ جناب فاطمہ زہراؑ وہاں تشریف لے آئیں۔ جب رسول خدا کی نگاہ آپ کے چہرے پر پڑی تو بھوک سے زرد ہو چکا تھا اور اس پر خون کے موجود ہونے کے آثار نہیں نظر آ رہے تھے تو انہوں نے اپنے پاس بلایا اور اپنا دست مبارک جناب فاطمہؑ کے سینے پر رکھا اور فرمایا اے وہ خدا جو بھوکوں کو سیر کرتا ہے اور ضعیفوں کو بلند کرتا ہے۔ فاطمہؑ محمدؐ کی دختر کو بھوکا نہ رکھ۔ عمران کہتا ہے کہ پیغمبرؐ کی دعا کی برکت سے جناب فاطمہؑ کے چہرے کی زردی ختم ہو گئی اور آپ کے چہرے پر خون دوڑنے کے آثار پیدا ہو گئے۔[2]

۱۔ بحار الانوار ج ۴۳ ص ۸۶ ۔

۲۔ [illegible] ص ۶۲

عملی دعوت

روایات اور تواریخ یہ گواہی دے رہی ہیں کہ اہلبیت کی فرد اول یعنی پیغمبر اسلامؐ اور اسلام کی دوسری شخصیت علی ابن ابیطالبؑ اور اسلام کی پہلی خاتون فاطمہ زہراؑ کی زندگی بہت سادہ بلکہ بہت سختی اور مشقت سے گزرتی تھی۔ اور اس پر بہت زیادہ تعجب بھی نہیں کیا جانا چاہیے کیونکہ اس زمانے میں تمام مسلمانوں کی عمومی زندگی اچھی نہ تھی۔

اکثر مسلمان فقیر اور معاشرے سے محروم افراد ہوا کرتے تھے وہ مکہ میں ایک حد تک زندگی گزار رہے تھے وہ بھی دشمنوں کے خوف سے مجبور رہتے تھے اور اپنے کام کاج اور گھر بار مکہ چھوڑ کر مدینہ میں ہجرت کر آئے تھے، مدینہ میں بھی اکثریت فقراء کی تھی اور جو چند لوگ جن کی وضع کسی حد تک اچھی تھی وہ بھی کم تھے کہ ان مسلمانوں سے جو گھر چھوڑ کر آئے تھے ہمدردی اور مواسات بجا لائیں اور اپنی قدرت کے مطابق ان کی مدد اور خدمت کریں۔ دوسری طرف وہ زمانہ اسلام کا بحران زمانہ تھا مسلمان ہر وقت جنگ کے لیے تیار رہتے تھے اور اکثر اوقات جنگ اور دفاع میں مشغول رہتے تھے اسی وجہ سے یہ اقتصادی اور معاشی کو ترقی نہیں کر سکتے تھے۔

ان حالات میں کیا پیغمبرؐ اور علیؑ اور فاطمہؑ کے لیے مناسب اور ممکن تھا کہ وہ اپنے لیے بھی زندگی فراہم کریں اور فقرا اور بیچاروں سے بے پروا رہیں؟ اگرچہ پیغمبرؐ اور حضرت علیؑ خود کام کاج کرتے تھے اور اسی ذریعہ سے

ان کے پاس مشرق و مغرب اور جائز دولت کی کثرت ہو جاتی تھی اور جنگ کی غنیمت سے بھی انہیں حصہ ملتا تھا۔ وہ اگر چاہتے تو اچھی زندگی گزار سکتے تھے۔ کیا ممکن تھا کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اور ان کے داماد اور ان کی بیٹی و [illegible] سے زندگی گزاریں لیکن مدینہ کے فقراء کی فریادیں بلند ہوں کیا یہ ممکن تھا کہ پیغمبر کی دختر تو گھر پر پردے لٹکائے۔ کیسے اور مسلمانوں کی کمی جماعت کے پاس سر ڈھانپنے کے لئے کپڑے تک موجود نہ ہوں کیا یہ ہو سکتا تھا کہ حسن اور حسین تو ہاتھوں میں چاندی کے دست بند پہنے ہوئے ہوں اور مسلمانوں کے بچوں کی بھوک سے [illegible] آہ و بکا بلند ہو رہی ہو۔

قاعدتاً اگر اسلام کا پہلا شخص اور [illegible] گزاری دوسرے مسلمانوں سے [illegible] نہ کرتے تو کب ممکن ہوتا کہ مسلمانوں کے مستضعف گروہ کو صدر اسلام میں کہ جو کسی بھی طرح بہتری [illegible] کو درک نہیں کرتے تھے اور ان [illegible] عرب کی آنکھوں تک محدود تھی حاضر کیا جاتا کہ وہ میدان جہاد میں فداکاری کریں اور اپنی جان کو قربان کریں؟ اسلام کی پیشرفت اور اس کے مقصود [illegible] ایک علت یہ بھی تھی کہ جو آنحضرت سے سنتے تھے اسے عملی طور سے بھی [illegible] رہبری فرماتے اور [illegible] کی زندگی میں مشاہدہ بھی کرتے تھے اسی عملی دعوت کی وجہ سے وہ اسلام اور جانبازی کی طرف مائل ہونے لگے تھے۔

حضرت زہرا کی عصمت

لغت میں لفظ معصوم کے معنی محفوظ اور ممنوع کے ہیں۔ اصطلاح میں معصوم اس شخص کو کہا جاتا ہے جو غلطی و خطا اور گناہ سے محفوظ ہو اور محفوظ کو معصوم سے کہتے ہیں کہ جو کسی صورت

کسی ہجوم اس کو گناہ سے حقائق کا مشاہدہ کر دیں ہو اور اس ارتباط اور اتصال کی وجہ سے جو اسے عالم غیب سے ہے وہ ہمیشہ تمام [illegible] سے گناہ اور معصیت نہ کرے اور کسی کے وجود مقدس میں غلطی اور اشتباہ اور [illegible] نہ کر سکے عصمت کا مسئلہ [illegible] مقام دلائل عقلی اور [illegible] سے پیغمبروں کے لئے تو ثابت ہو چکا ہے۔

شیعہ اس بات کا عقیدہ رکھتے ہیں کہ جس طرح پیغمبر کے بعد ان کے جانشین (خلفاء) اور بارہ امام بھی معصوم ہوں [illegible] اور [illegible] کے پاس [illegible] بزرگوں کی عصمت کے لئے دلائل اور [illegible] بھی موجود ہیں اگر ہم ان [illegible] کو بیان کرنا شروع کر دیں تو اصل مقصد سے ہٹ جائیں گے۔

شیعہ اماموں پیغمبروں کی عصمت کے علاوہ حضرت زہرا کو بھی گناہ سے دور اور معصوم جانتے ہیں اور آپ کی عصمت کے ثبوت کے لئے بہت سی دلیلیں پیش کی جا سکتی ہیں بعض کو بیان کیا جاتا ہے۔

پہلی دلیل: اس آیت سے تمسک کر کے آپ کی عصمت کو ثابت کیا جا سکتا ہے

"انما یرید اللہ لیذہب عنکم الرجس اہل البیت
ویطہرکم تطہیرا"[1]

آیت کا ترجمہ اس طرح ہے: "خدا چاہتا ہے کہ ناپاکی اور آلودگی کو تم اہل بیت سے دور کر دے اور تمہیں پاکیزہ اور طاہر کر دے"

شیعہ اور سنی نے بہت زیادہ احادیث نقل کی ہیں جو دلالت کرتی ہیں کہ یہ آیت پیغمبر، علی، فاطمہ، حسن اور حسین کی شان میں نازل ہوئی ہے

۱۔ سورہ احزاب آیت ۳۳

جناب عائشہ فرماتی ہیں کہ ایک دن جناب پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صبح
کے وقت سیاہ پشم کا بنا ہوا کپڑا ڈالے گھر سے باہر نکلے اس کے بعد حسن اور
حسینؑ اور فاطمہ اور علیؑ کو ساتھ لے کر اور چادر کے درمیان لیا اور فرمایا

انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ۱

جناب ام سلمہ فرماتی ہیں کہ ایک دن جناب فاطمہؑ ایک ظرف میں حریرہ ایک
کا حلوہ لئے ہوئے جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر
ہوئیں۔ پیغمبر نے فرمایا کہ علیؑ اور حسنؑ اور حسینؑ کو بھی بلاؤ۔ جب یہ تمام حضرات آپ
کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کھانا کھانے میں مشغول ہوئے تو یہ آیت نازل
ہوئی۔ اس کے بعد پیغمبرؐ نے خیبری چادر ان کے سر پر ڈالی اور تین مرتبہ فرمایا
کہ اے میرے خدا یہ میرے اہل بیت ہیں۔ آلودگی کو ان سے زائل کر دے
اور پاکیزہ بنا دے ۲

عمر بن ابی سلمہ کہتے ہیں کہ یہ آیت انما یرید اللہ جناب ام سلمہ کے گھر میں
نازل ہوئی۔ پس پیغمبر گرامی نے علیؑ اور فاطمہ اور حسن اور حسین علیہم السلام کو اپنے
پاس بلایا اور چادر ان کے سر پر ڈالی اور فرمایا اے میرے خدا یہ میرے اہل بیت
ہیں آلودگی کو ان سے زائل کر دے اور ان کو اس طرح پاک و پاکیزہ فرما جو حق ہے
جناب ام سلمہ نے عرض کی یا رسول اللہ میں بھی ان کے ساتھ ہوں
آپ نے جواب دیا کہ تم بھی اچھائی پر ہو ۳

۱۔ ینابیع المودۃ ص [illegible] ۔ در المنثور جلد [illegible] ص [illegible]
۲۔ ینابیع المودۃ ص [illegible] و در المنثور جلد [illegible] ص [illegible]
۳۔ ینابیع المودۃ ص [illegible]

واثلہ ابن اسقع کہتے ہیں کہ ایک دن پیغمبرؐ جناب فاطمہؑ کے گھر تشریف لے گئے
علیؑ اور فاطمہؑ کو سامنے بٹھایا اور حسنؑ اور حسینؑ کو زانو پر اس کے بعد ان کے
سروں پر چادر ڈال کر فرمایا اے میرے خدا یہ میرے اہل بیت ہیں آلودگی کو
ان سے زائل کر دے۔ ۱

علاوہ رسول خداؐ کے اصحاب کی ایک جماعت جیسے جناب عائشہ، ام سلمہ
معقل بن یسار، ابو الحمراء، انس بن مالک، سعد بن ابی وقاص، واثلہ ابن اسقع
حسن ابن علی، علی ابن ابی طالب، ابو سعید خدری، زینب، ابن عباس اور ان
کے علاوہ ایک اور جماعت نے اسی سے ملتی جلتی روایات اس آیت کی شان
نزول میں نقل کی ہیں۔ جیسے اور بھی علماء جیسے جلال الدین سیوطی نے در المنثور میں
اور سلیمان بن ابراہیم قندوزی نے ینابیع المودۃ اور دوسرے اہل علماء نے ان
روایات کو اپنی کتابوں میں نقل کیا ہے۔

ان روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ پیغمبرؐ اس آیت کے نازل ہونے
کے بعد متعدد مقامات پر اور ان میں سے خود جناب فاطمہؑ اور جناب ام سلمہ
دوسرا مطلب: جناب عمر اور ابوبکر سوچتے تھے کہ حضرت علیؑ کے ذاتی کمالات اور فضائل اور علم و دانش کا مقام قابل انکار نہیں اور پیغمبرؐ کی سفارشات بھی ان کی نسبت بہت معروف اور مشہور ہیں پیغمبرؐ کے داماد اور چچا زاد بھائی ہیں اگر ان کی مالی اور اقتصادی حالت اچھی ہوگی اور ان کے ہاتھوں میں دولت بھی ہو تو ممکن ہے کہ ایک گروہ ان کا مددگار ہو جائے اور پھر وہ خلافت کے لئے خطرے کا موجب بن جائے یہ ایک نکتہ تھا کہ جس کا ذکر جناب عمر نے جناب ابوبکر سے کیا اور جناب ابوبکر سے کہا کہ لوگ دنیا کے بندے ہوا کرتے ہیں اور دنیا کے سوا ان کا کوئی مقصد نہیں ہوا کرتا تم خمس اور غنائم کو علیؑ سے لے لو اور فدک بھی ان کے ہاتھ سے نکال لو جب ان کے ہاتھ خالی ہوں گے تو دیکھیں گے تو انہیں چھوڑ دیں گے اور تیری طرف مائل ہو جائیں گے۔[1]

یہی دو مطلب اہم عامل اور سبب تھے کہ جناب ابوبکر نے مصمم ارادہ کر لیا کہ فدک کو مصادرہ کر کے واپس لے لیں اور حکم دیا کہ فاطمہؑ کے عمال اور کارکنوں کو باہر نکال دیا جائے اور اپنے عمال کے حوالے بھی دے دیا۔

جناب زہراؑ کا ردعمل

جب جناب فاطمہؑ کو اطلاع ملی کہ آپ کے کارکنوں کو فدک سے نکال دیا گیا ہے تو آپ سخت غمگین ہوئیں اور

[1] ناسخ التواریخ جلد زہرا ص [illegible]

اپنے آپ کو ایک نئی مشکل اور مصیبت میں دیکھا کیونکہ حکومت کا نقشہ حضرت علیؑ اور حضرت فاطمہؑ پر مخفی نہ تھا اور ان کے اصلی اقدام کی غرض و غایت سے بھی بے خبر نہ تھے۔

اس موقع پر جناب فاطمہؑ کو ان دو راستوں میں سے ایک راستہ اختیار کرنا تھا۔

پہلا راستہ یہ تھا کہ جناب ابوبکر کے سامنے ساکت ہو جائیں اور اپنے مشروع اور جائز حق سے چشم پوشی کریں اور کہیں کہ میں تو دنیا کے مال و متاع سے کوئی محبت نہیں رکھتی فدک کو چھوڑ دو فدک بھی جناب ابوبکر لے جائیں اس کے ساتھ یہ بھی اس کے لئے ہو سکتا ہے کہ وہ جناب خلیفہ کو خوشنود کرنے کی غرض سے پیغام دیں کہ تم میرے دل سے یہ ناچیز فدک کو آپ کی خدمت میں پیش کرتی ہوں۔

دوسرا راستہ یہ تھا کہ پوری قدرت سے گفتگو میں اپنے حق کا دفاع کریں۔

پہلا راستہ اختیار کرنا حضرت زہراؑ کے لئے ممکن نہ تھا کیونکہ وہ حکومت کے پوشیدہ منصوبے سے بے خبر نہیں جانتی تھیں کہ وہ اقتصادی دباؤ اور مدد کے دروازے قطع کر دینے سے اسلام کے حقیقی خلیفہ حضرت علیؑ کے اثر کو ختم کرنا چاہتے ہیں تاکہ ہمیشہ کے لئے حضرت علیؑ کا ہاتھ حکومت سے کوتاہ ہو جائے اور وہ کسی قسم کا خلافت کے خلاف اقدام کرنے سے مایوس ہو جائیں اور یہ بھی جانتی تھیں کہ فدک کو تو دور سے لے لینے سے علیؑ کے گھر کا دروازہ بند کرنا چاہتے تھے۔

جناب فاطمہؑ نے سوچا کہ اب بہت اچھی فرصت اور موقع ہے کہ آپ اس وسیلے سے جناب ابوبکر کی انتخابی خلافت سے مبارزہ کر سکے

سے محروم اور رسوا کیا جائے اور عوامی افکار کو بیدار کیا جائے اور اس قسم کی فرصت ہمیشہ ہاتھ نہیں آیا کرتی۔

حضرت فاطمہؑ نے سوچا کہ اگر میں جناب ابوبکر کے دور کے آغاز میں اپنے مسلّم حق سے دفاع نہ کروں تو جناب ابوبکر کی حکومت دوسروں پر ظلم و زیادتی کی عادی ہو جائے گی اور پھر لوگوں کے حقوق کی مراعات نہ ہو سکے گی۔

جناب فاطمہؑ نے فکر کی کہ اگر میں نے اپنے حق کا دفاع نہ کیا تو لوگ خیال کریں گے اپنے حق سے صرف نظر کرنا اور ظلم و ستم کے سامنے بردبار ہونا اچھا کام ہے۔

جناب فاطمہؑ نے سوچا اگر میں نے ابوبکر کو بدنام نہ کیا تو دوسرے خلفاء کے درمیان ظلم عمومی رواج پا جائے گا۔

حضرت فاطمہؑ نے فکر کی کہ پیغمبرؐ کی دختر ہو کر اپنے صحیح حق سے صرف نظر کروں تو مسلمان خیال کریں گے کہ عورت تمام حقوق سے محروم ہے اور اسے حق نہیں پہنچتا کہ وہ اپنے حق کے احقاق کے لئے سپاہ رہ کر رہے۔

حضرت فاطمہؑ نے سوچا کہ میں جو وحی کے دامن اور ولایت کے گھر کی تربیت یافتہ ہوں اور اسلامی خواتین کے لیے نمونہ ہوں اور مجھے جب اسلام کی تربیت یافتہ کہا جاتا ہے میرے اعمال و رفتار کو یعنی اسلام کی نمونہ عورت کی رفتار و اعمال جانا جاتا ہے اگر میں اس مقام پر سستی کروں اور اپنے حق کے لینے میں عاجزی کا اظہار کروں تو پھر اسلام میں عورت عضو معطل سمجھی جائے گی

تھیں، یہ اور اس قسم کے دیگر علل و اسباب تھے تو جناب فاطمہؑ کو مجبور کر رہے تھے کہ وہ مبارزہ کا راستہ اختیار کریں یہی وجہ تھی کہ آپ نے ارادہ کر لیا کہ مکمل توانائی اور قدرت کی حد تک اپنے حق سے دفاع کریں گی۔

البتہ یہ کام بہت زیادہ مشکل اور آسان دکھائی دیتا کہ ایک عورت کا مقابلہ جناب خلیفہ ابوبکر سے بہت زیادہ خطرناک تھا اور وہ اس عالم میں عورت کا کہ جو پہلے سے پہلو شکستہ بازو سیاہ شدہ اور جنین ساقط شدہ تھیں ان میں سے ہر ایک حادثہ اور واقعہ عورت کے لئے کافی تھا کہ وہ ہمیشہ کے لئے زبردست انسانوں سے مرعوب ہو جاتی۔

لیکن فاطمہؑ نے فداکاری اور شجاعت اور مردانگی اور استقامت کی عادت اپنے والد رسول خداؐ اور ماں خدیجہ کبریٰ سے وراثت میں پائی تھی اور دوسروں سے مبارزات اسلامی کے مرکز میں تربیت پائی تھی انہوں نے ان فداکاریوں اور مبارزوں کو اپنے باپ کے گھر میں دیکھا تھا کہ جہاں کئی دفعہ ان کے سر کے خون آلود کپڑے دھو چکی تھیں اور ان کے زخموں کی مرہم پٹی کر چکی تھیں وہ ان حوادث سے خوف نہیں کھاتی تھیں اور جناب ابوبکر کی حکومت سے مرعوب نہیں ہوئی تھیں۔

جناب زہراؑ نے اپنے اس مبارزے کو کئی ایک مراحل میں انجام دیا۔

بحث اور استدلال

جناب فاطمہؑ جناب ابوبکر کے پاس گئیں اور فرمایا کہ تم نے کیوں میرے کارکنوں کو میری ملکیت سے باہر

نکال دیا ہے جو میرے باپ نے اپنی زندگی میں فدک مجھے ہبہ کر دیا تھا
جناب ابوبکر نے جواب دیا گرچہ میں جانتا ہوں کہ تم جھوٹ نہیں بولتیں
لیکن پھر بھی اپنے دعوے کے ثبوت کے لئے گواہ لے آؤ۔ جناب زہراؑ
جناب ام ایمن اور حضرت علیؑ کو گواہ کے طور پر لے گئیں جناب ام ایمن
نے جناب ابوبکر سے کہا میں خدا کی قسم دیتی ہوں کہ کیا تم جانتے ہو کہ رسول اللہؐ
نے میرے بارے میں فرمایا ہے کہ ام ایمن جنتی ہے، جناب ابوبکر نے جواب
دیا ہاں یہ میں جانتا ہوں اس وقت جناب ام ایمن نے فرمایا میں گواہی
دیتی ہوں کہ جب یہ آیت و آت ذا القربیٰ حقہ نازل ہوئی تو رسول خداؐ
نے فدک فاطمہؑ کو دے دیا تھا۔

حضرت علی علیہ السلام نے بھی اس قسم کی گواہی دی جناب ابوبکر
مجبور ہو گئے کہ فدک جناب فاطمہؑ کو لوٹا دیں لہذا ایک تحریر اس کے متعلق
لکھی اور وہ حضرت زہراؑ کو دے دی۔

اچانک اسی وقت جناب عمر آ گئے اور مطلب دریافت کیا جناب
ابوبکر نے جواب دیا کہ چونکہ جناب فاطمہؑ فدک کا دعویٰ کر رہی تھیں اور
اس پر گواہ بھی پیش کر دیے ہیں لہذا میں نے فدک انہیں واپس کر دیا ہے
جناب عمر نے وہ تحریر زہراؑ کے ہاتھ سے لی اور اس پر لعاب دہن ڈالا
اور پھر اسے پھاڑ ڈالا۔ جناب ابوبکر نے بھی جناب عمر کی تائید کرتے
ہوئے کہا کہ آپ علیؑ کے علاوہ کوئی اور مرد گواہ لے آئیں یا ام ایمن
کے علاوہ کوئی دوسری عورت بھی گواہی دے جناب فاطمہؑ روتی
ہوئی جناب ابوبکر کے گھر سے باہر چلی گئیں۔

ایک اور روایت کی بنا پر جناب عمر اور عبدالرحمن نے گواہی

کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فدک کی آمدنی کو مسلمانوں کے
درمیان تقسیم کر دیتے تھے[۱]

ایک دن حضرت علیؑ جناب ابوبکر کے پاس گئے اور فرمایا کہ کیوں
فدک کو جو جناب رسول خداؐ نے جناب فاطمہؑ کو دیا تھا ان سے لے
لیا ہے؟ آپ نے جواب دیا انہیں اپنے دعویٰ پر گواہ لانے چاہییں
اور چونکہ ان کے گواہ ناقص تھے تو قبول نہیں کیے گئے حضرت علیؑ نے فرمایا
اے ابوبکر کیا تم ہمارے بارے میں اس کے خلاف حکم کرتے ہو جو تمام
مسلمانوں کے بارے میں کرتے ہو۔ جناب ابوبکر نے کہا کہ نہیں۔ حضرت علیؑ
نے فرمایا کہ اب میں تم سے سوال کرتا ہوں اگر کچھ مال کسی کے ہاتھ
میں ہو اور میں دعویٰ کروں کہ وہ میرا مال ہے اور جھگڑا لے کے لئے
جناب کے پاس آئیں تو آپ کس سے گواہ کا مطالبہ کریں گے؟ جناب
ابوبکر نے کہا کہ آپ سے گواہ طلب کروں گا کیونکہ مال کسی دوسرے کے
تصرف میں موجود ہے آپ نے فرمایا پھر تم نے کیوں جناب فاطمہؑ سے
گواہ لانے کا مطالبہ کیا ہے جبکہ فدک آپؑ کی ملکیت اور تصرف میں
موجود ہے جناب ابوبکر نے سکوت کے سوا کوئی چارہ نہ دیکھا لیکن جناب
عمر نے کہا علی ان باتوں کو چھوڑ دو[۲]
مگر انصاف سے دیکھا جائے تو اس جھگڑے میں حق حضرت زہراؑ کے

۱۔ صحیح بخاری ج ۵ ص ۸۲ اور کشف الغمہ ج ۲ ص ۱۰۳ اور شرح ابن ابی
الحدید ج ۱۶ ص ۲۶۵۔

۲۔ احتجاج طبرسی ج ۱ ص ۱۱۹ کشف الغمہ ج ۲ ص ۱۰۴۔

سا تھا کیونکہ فدک آپ کے قبضے میں تھا اسی لئے تو حضرت علیؑ نے یہ بیک جواب لکھا ہے۔ جی ہاں دنیا کے اموال سے فدک ہمارے اختیار میں تھا لیکن ایک جماعت نے اس پر بخل کیا اور ایک دوسرا گروہ اس پر راضی تھا[1]

قضاوت کے قواعد اور قانون کے لحاظ سے حضرت زہراؑ سے گواہ کا مطالبہ نہیں کرنا چاہیے تھا مگر دوسری طرف جو ابوبکر تھے انہیں گواہ لانے چاہیے تھے، لیکن جناب ابوبکر نے قضیے کے اس مسلم قانون کی مخالفت کی۔ حضرت زہراؑ اس معاملے میں کامیاب ہو گئیں اور اپنی حقانیت کو مضبوط دلیل و برہان اور منطق سے ثابت کر دیا اور حضرت ابوبکر مجبور ہو گئے کہ وہ فدک کے واپس کر دینے کا دستور لکھ دیں یہ اور بات ہے کہ جناب عمر آ پہنچے اور طاقت کی منطق کو میدان میں لائے اور لکھی ہوئی تحریر کو پھاڑ دیا اور گواہوں کے ناقص ہونے کا اس میں بہانا بنایا۔

پھر بھی استدلال

ایک دن جناب فاطمہؑ جناب ابوبکر کے پاس گئیں اور باپ کی وراثت کے متعلق بحث اور احتجاج کیا آپ نے فرمایا اے ابوبکر، میرے باپ کا ارث مجھے کیوں نہیں دیتے ہو؟ جناب ابوبکر نے جواب دیا کہ پیغمبر ارث نہیں چھوڑتے۔

۱۔ نہج البلاغہ ۔۔۔

آپ نے فرمایا کہ خدا تو قرآن میں یہ فرماتا ہے:

وورث سلیمان داؤد[1]

کیا جناب سلیمان جناب داؤد کے وارث نہیں ہے؟ جناب ابوبکر غصبناک ہوئے اور کہا ہم نے کہا کہ پیغمبر ارث نہیں چھوڑتے، جناب فاطمہؑ نے فرمایا کیا زکریا نے خدا سے عرض نہیں کیا تھا

فهب لی من لدنک ولیا یرثنی ویرث من آل یعقوب[2]

جناب ابوبکر نے پھر بھی وہی جواب دیا کہ پیغمبر ارث نہیں چھوڑتے جناب فاطمہؑ نے فرمایا کہ خدا قرآن میں نہیں فرماتا

یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین[3]

کیا میں رسول اللہ کی اولاد نہیں ہوں؟ چونکہ جناب ابوبکر حضرت زہراؑ کے محکم دلائل کا سامنا کر رہے تھے اور اس کے سوا اور کوئی چارہ نہ تھا کہ اپنی سابقہ کلام کی تکرار کریں اور کہیں کہ کہا ہی ہے کہ پیغمبر ارث نہیں چھوڑتے۔

جناب ابوبکر نے اپنی روش اور غیر شرعی عمل کے لئے ایک حدیث نقل کی کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ہم پیغمبر ارث نہیں چھوڑتے۔ جناب عائشہ اور حفصہ نے بھی

۱۔ سورۂ نمل آیت ۱۶

۲۔ سورۂ مریم آیت ۶۔

۳۔ سورۂ نساء آیت ۱۱

جناب ابوبکر کی اس حدیث کی تائید کر دی۔[1]

جیسا کہ آپ دیکھ رہے ہیں کہ اس مباحثے میں بھی حضرت زہراؑ غالب رہیں اور دلائل و براہین سے ثابت کر دیا کہ وہ حدیث جس کا وجود ... کر رہے ہو وہ صریح قرآنی نصوص کے خلاف ہے اور جو حدیث بھی قرآن کی صریح نص کے خلاف ہو وہ معتبر نہیں ہو سکتی۔ جناب ابوبکر مغلوب ہو گئے اور آپ کے پاس اس کے سوا کوئی چارہ نہ تھا کہ جناب فاطمہؑ کے جواب میں اسی سابقہ جواب کی تکرار کریں۔

یہاں پر قابل توجہ نکتہ یہ ہے کہ یہی جناب عائشہ جنہوں نے اس جگہ اپنے باپ کی بیان کردہ وضعی حدیث کی تائید کی ہے جناب عثمان کی خلافت کے زمانے میں ان کے پاس گئیں اور پیغمبرؐ کی وراثت کا مطالبہ کیا۔ جناب عثمان نے جواب دیا کہ تم نے گواہی نہیں دی تھی کہ پیغمبر نے فرمایا کہ ہم پیغمبر وراثت نہیں چھوڑتے؟ اور اسی سے تم نے جناب فاطمہؑ کو وراثت سے محروم کر دیا تھا اب کیسے آپ خود رسولؐ کی وراثت کا مطالبہ کر رہی ہیں۔[2]

خلیفہ سے وضاحت کا مطالبہ

جناب زہراؑ پہلے مرحلے میں کامیاب ہوئیں اور اپنی منطق اور برہان سے اپنے مدمقابل کو محکوم

---

[1] کشف الغمہ ج ۲ ص ۱۰۴

[2] کشف الغمہ ج ۲ ص ۱۰۵

کر دیا قرآن مجید کی آیات سے اپنی حقانیت کو ثابت کیا اور اپنے مدمقابل کو اپنے استدلال سے ناتواں بنا دیا۔ آپ نے دیکھا کہ مقابل نے اپنی روش کو صحیح ثابت کرنے کے لئے ہر قسم کے عمل کو بجا لانے کے لئے حتی کہ حدیث بنا کر پیش کرنے کی بھی پرواہ نہیں کی تا کہ دلیل و برہان کے مقابلے میں قوت اور طاقت کا سہارا ڈھونڈتا ہے۔

آپ نے تعجب کیا اور کہا عجیب انہوں نے میرے شوہر کی خلافت پر قبضہ کر لیا ہے۔ یہ آیات قرآن کے مطابق کیوں نہیں عمل کرتے؟ کیوں اسلام کے خلاف فیصلہ دیتے ہیں؟ کیوں جناب ابوبکر تو مجھے تحریر لکھ دیتے ہیں لیکن جناب عمر اسے پھاڑ ڈالتے ہیں؟ اے میرے خدا یہ کس قسم کی حکومت ہے اور یہ کیسی قضاوت ہے؟ تعجب در تعجب، جناب ابوبکر رسول خداؐ کی جگہ بیٹھتے ہیں لیکن حدیث از خود بناتے ہیں تا کہ میرے حق کو پامال کریں؟ ایسے افراد ہیں اور قرآن کے حامی ہو سکتے ہیں؟ مجھے فدک اور غیر فدک سے دلچسپی نہیں لیکن اس قسم کے ظلم کو بھی برداشت نہیں کر سکتی، مکمل چپ نہ رہوں گی اور مجھے چاہیے کہ تمام لوگوں کے سامنے خلیفہ سے وضاحت طلب کروں اور اپنی حقانیت کو ثابت کر دوں اور لوگوں کو بتلا دوں کہ جس خلیفہ کا انہوں نے انتخاب کیا ہے اس میں صلاحیت نہیں کہ قرآن اور اسلام کے دستور پر عمل کرے اپنی مرضی سے جو کام چاہتا ہے انجام دیتا ہے۔ میں مسجد جاؤں گی اور لوگوں کے سامنے تقریر کروں گی۔

یہ خبر بجلی کی طرح مدینہ میں پھیل گئی اور ایک بم کی طرح پورے شہر ... کہ جناب زہراؑ کی ... مسجد میں جا رہی ہیں کہ تقریر کریں ...

کس موضوع پر تقریر ہوگی؟ اور خلیفہ اس پر کیا ردعمل ظاہر کرے گا؟ چلیں آپ کی تاریخی تقریر کو سنیں۔

مہاجر و انصار کی جمعیت کا مسجد میں ہجوم ہو گیا بنی ہاشم کی عورتیں جناب زہراؑ کے گھر گئیں اور اسلام کی بزرگ خاتون کو گھر سے باہر لائیں۔ بنی ہاشم کی عورتیں آپ کو گھیرے میں لئے ہوئے تھیں بہت عظمت و جلال کے ساتھ آپ چلیں، پیغمبرؐ کی طرح قدم اٹھا رہی تھیں، جب مسجد میں داخل ہوئیں تو پردہ آپ کے سامنے لٹکا دیا گیا، باپ کی جدائی اور ناگوار حوادث نے جناب فاطمہؑ کو منقلب کر دیا کہ آپ کے جگر سے آہ و نالہ بلند ہوا اور اس جلا دینے والی آواز نے مجمع پر بھی اثر کیا اور لوگ بلند آواز سے رونے لگے۔

آپ تھوڑی دیر کے لئے ساکت رہیں تاکہ لوگ آرام میں آجائیں اس کے بعد آپ نے گفتگو شروع کی اس کے بعد پھر ایک دفعہ لوگوں کے رونے کی آوازیں بلند ہوئیں آپ پھر خاموش ہو گئیں یہاں تک کہ لوگ اچھی طرح ساکت ہو گئے اس وقت آپ نے کلام کا آغاز کیا اور فرمایا:

جناب فاطمہؑ کی دہلا اور جلا دینے والی تقریر

میں خدا کی اس کی نعمتوں پر ستائش اور حمد بجا لاتی ہوں اور اس کی توفیقات پر شکر ادا کرتی ہوں اس کی بے شمار نعمتوں پر اس کی حمد و ثنا بجا لاتی ہوں وہ نعمتیں کہ جن کی کوئی انتہا نہیں اور نہیں ہو سکتا کہ

ان کی تلافی اور تدارک کیا جا سکے ان کی انتہا کا تصور کرنا ممکن نہیں، خدا ہم سے چاہتا ہے کہ ہم اس کی نعمتوں کو جانیں اور ان کا شکر ادا کریں تاکہ اللہ تعالیٰ نعمتوں کو اور زیادہ کرے خدا ہم سے چاہتا ہے کہ ہم اس کی نعمتوں کو جانیں اور ان کا شکر ادا کریں تاکہ اللہ تعالیٰ ہماری نعمتوں کو اور زیادہ کرے خدا نے ہم سے حمد و ثنا کو طلب کیا ہے تاکہ وہ اپنی نعمتوں کو ہمارے لئے زیادہ کرے۔

میں خدا کی توحید اور یگانگی کی گواہی دیتی ہوں توحید کا وہ کلمہ کہ اخلاص کو اس کی روح اور حقیقت قرار دیا گیا ہے اور دل میں اس کی گواہی دے تاکہ اس سے نظر و فکر روشن ہو وہ خدا کہ جس کو آنکھ کے ذریعے دیکھا نہیں جا سکتا اور زبان کے ذریعے اس کی وصف اور توصیف نہیں کی جا سکتی وہ کس طرح کا ہے یہ وہم میں نہیں آسکتا۔ عالم کو عدم سے پیدا کیا ہے اور اس کے پیدا کرنے میں وہ محتاج نہ تھا، اپنی مشیت کے مطابق خلق کیا ہے جہان کے پیدا کرنے میں اسے اپنے کسی فائدے کے حاصل کرنے کا قصد نہ تھا جہان کو پیدا کیا تاکہ اپنی حکمت اور علم کو ثابت کرے اور اپنی اطاعت کی یاد دہانی کرے، اپنی قدرت کا اظہار کرے۔ اور بندوں کو عبادت کے لئے برانگیختہ کرے اور اپنی دعوت کو وسعت دے، اپنی اطاعت کے لئے جزا مقرر کی اور نافرمانی کے لئے سزا معین فرمائی۔ تاکہ اپنے بندوں کو عذاب سے نجات دے اور بہشت کی طرف لے جائے۔

میں گواہی دیتی ہوں کہ میرے والد محمدؐ اللہ کے رسول اور اس کے بندے ہیں پیغمبری کے لئے بھیجنے سے پہلے اللہ نے آپ کو چنا اور قبل اس

کے کرائے پیدا کرے ان کا نام محمدؐ رکھا اور بعثت سے پہلے اس کا انتخاب اس وقت کیا جب کہ مخلوقات عالم غیب میں پنہاں اور چھپی ہوئی تھی اور عدم کی سرحد سے ملی ہوئی تھی کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کے مستقبل سے باخبر ہے اور حوادث دہر سے مطلع ہے اور ان کے تغیرات کے مورد اور مواقع سے آگاہ ہے۔ خدا نے محمدؐ کو مبعوث کیا تاکہ اپنے امر کو مکمل کرے اور اپنے حکم کو جاری کر دے اور اپنے مقصد کو عملی قرار دے۔ لوگ دین میں متفرق تھے اور کفر و جہالت کی آگ میں جل رہے تھے بتوں کی پرستش کرتے تھے اور خداوند عالم کے دستورات کی طرف توجہ نہیں کرتے تھے۔

پس حضرت محمدؐ کے وجود مبارک سے تاریکیاں چھٹ گئیں جہالت اور نادانیاں دور ہو گئیں سرگردانی اور حیرت کے پردے آنکھوں سے ہٹا دیے گئے پس آپ لوگوں کی ہدایت کے لیے کوشش بجا لائے اور ان کو گمراہی سے نجات دلائی اور نابینا کو بینا کیا اور دین اسلام کی طرف رہنمائی فرمائی اور سیدھے راستے کی طرف دعوت دی۔ اس وقت خداوند عالم نے اپنے پیغمبر کی مہربانی اور اس کے انتخاب اور رغبت سے اس کی روح قبض فرمائی۔ اب میرے باپ اس دنیا کی سختی سے آرام میں ہیں اور جنت کے مقام میں اللہ تعالیٰ کے فرشتوں اور پروردگار کی رضایت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے قرب میں زندگی بسر کر رہے ہیں امین اور وحی کے لیے چنے ہوئے پیغمبر پر درود ہو۔

آپ نے اس کے بعد مجمع کو مخاطب کیا اور فرمایا لوگو تم اللہ تعالیٰ

کے امر اور نہی کے نمائندے اور کتاب کے دین اور علوم کے حامل ہیں اپنے اوپر امین ہونا چاہیے تم ہو جن کو دوسری قوموں تک دین کی تبلیغ کرنی ہے تمہارے پیغمبر کا حقیقی جانشین موجود ہے اللہ تعالیٰ نے تم سے پہلے عہد و پیمان لیا ہے کہ تم اس کی اطاعت کرو گے وہ خدا کی کتاب ناطق اور قرآن صادق اور چمکنے والا نور ہے اس کی چشم بصیرت روشن اور اس کا باطن اور ظاہر واضح ہے اس کے پیروکار اس کے مقام اور مرتبے کے گرویدہ ہیں اس کی پیروی کرنا انسان کو بہشت رضوان کی طرف ہدایت کرتا ہے اس کی باتوں کو سننا نجات کا سبب ہوتا ہے اس کے وجود کی برکت سے اللہ تعالیٰ کے نورانی دلائل اور حجت کو دریافت کیا جا سکتا ہے اس کے وسیلے سے واجبات و محرمات اور مستحبات و مباحات اور شریعت کے قوانین کو حاصل کیا جا سکتا ہے

اللہ تعالیٰ نے ایمان کو شرک سے پاک ہونے کا وسیلہ قرار دیا ہے ـــــ نماز کو واجب کیا تاکہ تکبر سے روکا جائے۔ زکوٰۃ کو وسعت رزق اور تہذیب نفس کے لیے واجب قرار دیا۔ روزے کو بندے کے اخلاص کے اثبات کے لیے واجب کیا۔ حج کو واجب کرنے سے دین کی بنیاد کو استوار کیا عدالت کو زندگی کے نظم اور دلوں کی نزدیکی کے لیے ضروری قرار دیا اہل بیت کی اطاعت کو ملت اسلامی کے نظم کے لیے واجب قرار دیا اور امامت کے ذریعے اختلاف و افتراق کا سد باب کیا۔ امر بالمعروف کو عمومی مصلحت کے باعث واجب قرار دیا۔ ماں باپ کے ساتھ نیکی کو ان کے غضب سے مانع قرار دیا۔ اعزہ کے موجب ہونے اور عمروں کی زیادتی کے لیے صلہ رحمی کا دستور دیا۔

قتلِ نفس کو روکنے کے لیے قصاص کو واجب قرار دیا۔ ناپ تول پورا کرنے کو کمی بیشی کی آمرزش کا سبب بنایا۔ پلیدی سے محفوظ رہنے کی غرض سے شراب خوری پر پابندی لگائی۔ بہتان اور زنا کی تہمت سے روکا، چوری نہ کرنے کو پاکی اور عفت کا سبب بنایا۔ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کو اخلاص کے ماتحت ممنوع قرار دیا

لوگو، تقویٰ اور پرہیزگاری کو اپناؤ اور اسلام کی محافظت کرو اور اللہ تعالیٰ کے امر و نواہی کی اطاعت کرو، صرف علماء اور دانشمند ہی خدا سے ڈرتے ہیں

اس کے بعد آپ نے فرمایا، لوگو، میرے باپ محمدؐ تھے میں یہی، منہ سے آخر تک کے واقعات اور امور سے آگاہ کرتی ہوں تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ میں جھوٹ نہیں بولتی اور غلطی کا ارتکاب نہیں کرتی۔

لوگو، اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے پیغمبر جو تم میں سے تھا بھیجا تمہاری تکلیف سے اسے تکلیف ہوتی تھی اور وہ تم سے محبت کرتے تھے اور مومنین کے حق میں مہربان اور دلسوز تھے۔

لوگو! وہ پیغمبر میرے باپ تھے نہ تمہاری عورت کے باپ، میرے شوہر کے چچازاد بھائی تھے نہ تمہارے مردوں کے بھائی، کتنی عمدہ مقدس نسبت ہے جناب محمدؐ سے میری۔ رسالت کو انجام دیا اور مشرکوں کی راہ و روش پر حملہ آور ہوئے اور ان کی پشت پر سخت ضرب وارد کی۔ ان کا گلا پکڑا اور دانائی اور نصیحت سے خدا کی طرف دعوت دی، بتوں کو توڑا اور ان کے سرداروں کو سرنگوں کیا کفار نے شکست کھائی اور شکست کھا کر

بھاگے تاریکیاں دور ہو گئیں اور حق واضح ہو گیا دین کے رہبر کی زبان گویا ہوئی اور شیاطین خاموش ہو گئے۔ نفاق کے پیروکار ہلاک ہوئے کفر اور اختلاف کے رشتے ٹوٹ گئے گروہ غیب کی وجہ سے شہادت کا کلمہ جاری کیا۔ جب کہ تم دوزخ کے کنارے کھڑے تھے اور ظالموں کا تر لقمہ بنے ہوئے تھے اور جنگ کی تلاش کرنے والوں کے لئے مناسب شکار تھے۔ تم قبائل کے پاؤں کے نیچے ذلیل تھے گندا پانی پیتے تھے اور حیوانات کے چمڑوں اور درختوں کے پتوں سے غذا کھاتے تھے دوسروں کے ہمیشہ ذلیل و خوار رہے اور دوسرے قبائل سے خوف و ہراس میں زندگی بسر کرتے تھے۔

ان تمام بدبختیوں کے بعد خدا نے محمدؐ کے وجود کی برکت سے تمہیں نجات دی حالانکہ میرے باپ کو ان لوگوں سے جو بہادر اور عرب کے بھیڑیے اور اہل کتاب کے سرکشوں سے واسطہ تھا لیکن جب وہ جنگ کی آگ کو بھڑکاتے تھے خدا اسے خاموش کر دیتا تھا۔ جب کوئی شیاطین میں سے سر اٹھاتا یا مشرکوں میں سے کوئی بھی منہ کھولتا تو محمدؐ اپنے بھائی علیؑ کو ان کے گلے میں اتار دیتے اور حضرت علیؑ ان کے سر اور مغز کو اپنی طاقت سے پائمال کر دیتے اور جب تک ان کی روشن کی ہوئی آگ کو اپنی تلوار سے خاموش نہ کر دیتے جنگ کے میدان سے واپس نہ لوٹتے اللہ کی رضا کے لیے ان تمام تکلیفوں کا تحمل کرتے تھے اور خدا کی راہ میں جہاد کرتے تھے، اللہ کے رسول کے نزدیک تھے علیؑ خدا دوست تھے، ہمیشہ جہاد کے لیے آمادہ تھے وہ تبلیغ اور جہاد کرتے تھے اور تم اس حالت میں آرام اور خوشی میں خوش و خرم زندگی گزار

رہے تھے اور کسی خبر کے منتظر در فرصت میں رہتے تھے کہ دشمن کے ساتھ لڑائی لڑنے سے اجتناب کرتے تھے اور جنگ کے وقت فرار کر جاتے تھے۔

جب خدا نے اپنے پیغمبر کو دوسرے پیغمبروں کی جگہ کی طرف منتقل کیا تو تمہارے اندر دوئی کینے اور دورُوئی ظاہر ہو گئی دین کا لباس کہنہ ہو گیا اور گمراہ لوگ باتیں کرنے لگے پست لوگوں نے سر اٹھایا اور باطل کا اونٹ آواز دینے لگا اور اپنی دم ہلانے لگا اور شیطان نے اپنا سر کمین گاہ سے باہر نکالا اور تمہیں اس نے اپنی طرف دعوت دی اور تم نے بغیر سوچے اس کی دعوت قبول کر لی اور اس کا احترام کیا تمہیں اس نے ابھارا اور تم حرکت میں آگئے اس نے تمہیں غضبناک ہونے کا حکم دیا اور تم غضبناک ہو گئے۔

لوگو! وہ اونٹ جو تم میں سے کسی کا تھا تم نے اسے باعلامت بنا کر اس جگہ بٹھایا جو کسی کی جگہ نہیں تھی۔ حالانکہ ابھی پیغمبرؐ کی موت کو زیادہ وقت نہیں گزرا ہے ابھی تک ہمارے دل کے زخم بھرے نہیں ہے اور زخم صاف ہونے ہے، ابھی پیغمبرؐ تو دفن بھی نہیں کئے گئے تھے کہ خوف کے بہانے سے خلافت پر قبضہ کر لیا لیکن خبردار رہو کہ تم فتنے میں داخل ہو چکے ہو اور دوزخ نے کافروں کا احاطہ کر رکھا ہے۔

افسوس تمہیں کیا ہو گیا ہے اور کہاں چلے جا رہے ہو؟ حالانکہ اللہ کی کتاب تمہارے درمیان موجود ہے اور اس کے احکام واضح اور اس کے اوامر و نواہی ظاہر ہیں تم نے قرآن کی مخالفت کی اور اسے پس پشت ڈال دیا کیا تمہارا ارادہ ہے کہ قرآن سے اعراض اور روگردانی

کرلو؟ یا قرآن کے علاوہ کسی اور ذریعے سے قضاوت اور فیصلے کرنا چاہتے ہو؟ لیکن تم کو علم ہونا چاہئے کہ جو شخص بھی اسلام کے علاوہ کسی دوسرے دین کو اختیار کرے گا وہ مقبول نہیں کیا جائے گا اور آخرت میں وہ نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگا۔ اتنا صبر بھی نہ کر سکے کہ وہ فتنے کی آگ کو خاموش کرے اور اس کی قیادت آسان ہو جائے بلکہ آگ کو تم نے روشن کیا اور شیطان کی دعوت کو قبول کر لیا اور دین کے چراغ اور سنت رسول خداؐ کے خاموش کرنے میں مشغول ہو گئے ہو۔ کام کو اس طرح ظاہر کرتے ہو اور پیغمبرؐ کے اہلبیت کے ساتھ مکر و فریب کرتے ہو، تمہارے کام اس چھری کے زخم اور نیزے کے زخم کی مانند ہیں جو پیٹ کے اندر واقع ہوتے ہوں۔

کیا تم یہ عقیدہ رکھتے ہو کہ ہم پیغمبرؐ سے میراث نہیں لے سکتے کیا تم جاہلیت کے قوانین کی طرف لوٹ جانا چاہتے ہو؟ حالانکہ اسلام کے قانون تمام قوانین سے بہتر ہیں کیا تمہیں علم نہیں کہ میں رسول خداؐ کی بیٹی ہوں کیوں نہیں جانتے ہو اور تمہارے سامنے آفتاب کی طرح یہ روشن ہے۔ مسلمانوں کیا یہ درست ہے کہ میں اپنے باپ کی میراث سے محروم ہو جاؤں؟ اے ابو بکر! آیا خدا کی کتاب میں یہ لکھا ہے کہ تم اپنے باپ سے میراث لو اور میں اپنے باپ کی میراث سے محروم رہوں؟ کیا خدا قرآن میں نہیں کہتا کہ سلیمان داؤد کے وارث ہوئے۔

"ورث سلیمان داؤد"

کیا قرآن میں یحییٰ علیہ السلام کا قول نقل نہیں ہوا کہ خدا سے انہوں نے عرض کی پروردگار مجھے فرزند عنایت فرما کہ وہ میرا وارث

قرار پائے اور آل یعقوب کا بھی وارث ہو۔

کیا خدا قرآن میں نہیں فرماتا کہ بعض رشتہ دار بعض دوسروں کے وارث ہوتے ہیں؟ کیا خدا قرآن میں نہیں فرماتا کہ اللہ نے حکم دیا کہ لڑکے کے لئے لڑکی سے دوگنا ارث لیں؟ کیا خدا قرآن میں نہیں فرماتا کہ تم پر مقرر کر دیا کہ جب تمہارا کوئی موت کے نزدیک ہو تو وہ ماں، باپ اور رشتہ داروں کے لیے وصیت کرے کیونکہ پرہیزگاروں کے لئے ایسا کرنا اخلاق کا مقتضی ہے۔

کیا تم گمان کرتے ہو کہ میں باپ سے نسبت نہیں رکھتی؟ کیا اللہ نے آیات تمہارے لئے مخصوص کی ہیں اور میرے والد ان سے خارج ہیں؟ یا اس دلیل سے مجھے میراث سے محروم کرتے ہو کہ دو مذہب کے لوگ ایک دوسرے سے میراث نہیں لے سکتے؟ کیا میں اور میرا باپ ایک دین پر نہیں؟ آیا تم میرے باپ اور میرے چچازاد (علیؑ) سے قرآن کو بہتر سمجھتے ہو؟

اے ابوبکر فدک در حالت تسلیم شدہ تمہیں مبارک ہو لیکن قیامت کے دن تم سے ملاقات کروں گی کہ جب حکم اور قضاوت کرنا خدا کے ہاتھ میں ہوگا اور محمدؐ بہترین پیشوا ہیں۔

اے قحافہ کے بیٹے میرے تیرے ساتھ وعدہ قیامت کا دن ہے کہ جس دن بیہودہ لوگوں کا نقصان واضح ہو جائے گا اور پشیمان ہونا فائدہ نہ دے گا بہت جلد اللہ تعالے کے عذاب کو دیکھو گے۔

آپؑ اس کے بعد انصار کی طرف متوجہ ہوئیں اور فرمایا:

اے ملت کے مددگار جوانو اور اسلام کی مدد کرنے والو کیوں حق

کے بارے میں سستی کر رہے ہو اور جو ظلم مجھ پر ہوا ہے اس سے خواب غفلت میں ہو؟ کیا میرے والد نے نہیں فرمایا کہ کسی کا احترام اس کی اولاد میں بھی ملحوظ ہوتا ہے یعنی اس کے احترام کی وجہ سے اس کی اولاد کا احترام کیا کرو؟ کیا جلدی فتنہ برپا کیا ہے تم نے؟ اور کتنی جلدی ہوی اور ہوس میں مبتلا ہو گئے ہو؟ تم اس ظلم کے مٹانے میں جو مجھ پر ہوا ہے قدرت رکھتے ہو اور میرے مدعا اور مقصد کے لانے پر طاقت رکھتے ہو۔ کیا کہتے ہو کہ محمدؐ مر گئے؟ ہاں لیکن یہ ایک بہت بڑی مصیبت ہے کہ روز بروز اس کا شگاف بڑھ رہا ہے اور اس کا خلل زیادہ ہو رہا ہے۔ آنحضرتؐ کی غیبت سے زمین تاریک ہو گئی ہے سورج اور چاند بے رونق ہو گئے ہیں آپ کی مصیبت پر ستارے سرنگوں ہو گئے ہیں۔ امیدیں ٹوٹ گئیں پہاڑ متزلزل ہو گئے ریزہ ریزہ ہو گئے ہیں پیغمبر کے احترام کی رعایت نہیں کی گئی قسم خدا کی یہ ایک بہت بڑی مصیبت تھی کہ جس کی مثال نہیں دیکھی گئی۔ اللہ کی کتاب جو صبح و شام کو پڑھی جاتی ہے آپ کی اس مصیبت کی خبر دیتی ہے کہ پیغمبر بھی عام لوگوں کی طرح مریں گے۔ قرآن میں ارشاد ہوتا ہے کہ محمدؐ بھی گزشتہ پیغمبروں کی طرح ہیں اگر آپ مر جائیں یا قتل کئے گئے تو تم دین سے پھر جاؤ گے؟ جو بھی دین سے خارج ہوگا وہ اللہ پر کوئی نقصان وارد نہیں کرتا خدا شکر ادا کرنے والوں کو جزا عنایت کرے گا۔[1]

اے فرزندان قیلہ آیا یہ مناسب ہے کہ میں باپ کی میراث سے محروم

۱؎ سورہ آل عمران۔

رسول! جب کہ تم یہ دیکھ رہے ہو، دعوت دے رہے ہو اور یہاں موجود ہو میری پکار تم تک پہنچ چکی ہے اور تمام واقعہ سے مطلع ہو، تمہاری تعداد زیادہ ہے اور تم طاقت ور اور اسلحہ بدست ہو، میرے استغاثہ کی آواز تم تک پہنچتی ہے لیکن تم اس پر لبیک نہیں کہتے، میری فریاد کو سنتے ہو لیکن میری فریاد رسی نہیں کرتے، تم بہادری میں معروف اور نیکی اور خیر سے موصوف ہو، تم وہ گروہ ہو جو (?) کی اولاد ہو، تم ہم بیعت کے لئے منتخب ہونے ہو، عربوں سے تم نے جنگیں کیں، سختیوں کو برداشت کیا، قبائل سے لڑے ہو، سورماؤں سے پنجہ آزمائی کی ہے، جب ہم اٹھ کھڑے ہوتے تھے تم بھی اٹھ کھڑے ہوتے تھے، ہم حکم دیتے تھے تم اطاعت کرتے تھے اسلام سے ہم نے دودھ پایا اور خدا نعمت زیادہ ہوئے، اور مشرکین تسلیم ہو گئے، اور ان کا جھوٹا وقار اور جوش ختم ہو گیا اور کفر کی آتش خاموش ہو گئی اور ہرج و مرج اور شورش ختم ہو گیا، اور دین کا نظام مستحکم ہو گیا

اے انصار! اب حیران ہو کر کہاں جا رہے ہو؟ حقائق کے معلوم ہو جانے کے بعد اب کیوں چھپ رہے ہو؟ کیوں ایمان لے آنے کے بعد مشرک ہو رہے ہو؟ بدحال ہو ان لوگوں کا جنہوں نے اپنے ایمان اور عہد اور پیمان کو توڑ ڈالا ہو اور ارادہ کیا ہو کہ رسول خدا کو شہر سے باہر نکال دیں اور ان سے جنگ کا آغاز کریں، کیا ان سے ڈرتے ہو؟ حالانکہ تمہیں تو صرف خدا سے ڈرنا چاہئے تھا۔ لوگو! میں تو دیکھ رہی کہ تم پستی کی طرف جا رہے ہو، اس آدمی کو جو حکومت کرنے کا اہل ہے اسے دور ہٹا رہے ہو اور تم گوشے میں بیٹھ کر عیش اور روش

میں مشغول ہو گئے ہو، زندگی کی وسعت کے وسیع میدان سے فرار کر کے راحت طلبی کے چھوٹے میدان میں چلے گئے ہو، تو کچھ تمہارے اندر تھا اسے تم نے ظاہر کر دیا ہے اور جو کچھ پی چکے تھے اسے اگل دیا ہے لیکن آگاہ رہو کہ اگر تم اور روئے زمین کے لوگ کافر ہو جائیں تو خدا تمہارا محتاج نہیں ہے۔

اے لوگو! جو کچھ مجھے کہنا چاہیے تھا میں نے کہہ دیا، میں جانتی ہوں اور جانتی ہوں کہ تم میری مدد نہیں کرو گے، میں نے یہ جملے غم میں سانس لے کر دل میں کہہ دیا تھا، جس کو میں نے حجت تمام کرنے کے لئے ظاہر کر دیا ہے تاکہ تم پر حجت تمام ہو جائے، اب فدک اور خلافت کو خوب مضبوطی سے پکڑے رکھو لیکن تمہیں یہ معلوم ہونا چاہئے کہ اس میں مشکلات اور دشواریاں موجود ہیں اور اس کا ننگ و عار ہمیشہ کے لئے تمہارے دامن پر باقی رہ جائے گا، اس جانی کا مشغلہ اور غضب اس پر مزید ہو گا اور اس کی سزا جہنم کی آگ ہو گی، اللہ تعالیٰ تمہارے کردار سے آگاہ ہے، بہت جلد ستمگار اپنے اعمال کے نتائج دیکھ لیں گے۔ لوگو میں تمہارے اس نبی کی بیٹی ہوں کہ جو تمہیں اللہ کے عذاب سے ڈراتا تھا تو جو کر سکتے ہو کرو، ہم بھی تم سے انتقام لیں گے، تم بھی انتظار کرو ہم بھی منتظر ہیں۔

[illegible] کتاب بلاغات النساء، تالیف احمد بن ابی طاہر متوفی [illegible] ہجری [illegible]

خلیفہ کا ردِ عمل ۱

حضرت زہراؑ نے جب اپنے بیان کو سرِ مجلس میں جناب ابوبکر کے سامنے کمال شجاعت سے بیان کر دیا اور بڑی مدلل اور مضبوط تقریر میں جناب ابوبکر سے فدک لینے کی وضاحت طلب کی اور ان کے جابرانہ فیصلے کو ظاہر کیا اور جو حق مقصود ہے اس کے کامل دلائل کو بیان فرمایا۔

لوگ سخت پریشان ہوئے اور اکثر لوگوں کے افکار جناب زہراؑ کے حق میں ہو گئے۔ جناب ابوبکر سخت کشمکش میں گھر گئے کہ اگر وہ عام لوگوں کے افکار کے مطابق فیصلہ دے دیں اور فدک جناب زہراؑ کو واپس لوٹا دیں تو ان کے لیے دو مشکلیں ہیں۔

ایک یہ انہوں نے سوچا کہ حضرت زہراؑ اس معاملے میں کامیاب ہو گئیں اور ان کی بات تسلیم کر لی گئی تو سبب اس کا ڈر ہے کہ وہ کل پھر اس کی دعویٰ خلافت اپنے شوہر کو دے دینے کا مطالبہ کریں گی اور پھر پرجوش تقریر سے اس کا آغاز کریں گی۔

ابن ابی الحدید لکھتے ہیں کہ میں نے علی بن فارقی سے جو مدرسہ غربیہ بغداد کے استاد تھے عرض کی کہ جناب فاطمہؑ اپنے دعوے میں سچی تھیں یا نہیں؟ انہوں نے کہا ہاں سچی تھیں۔ تو میں نے کہا کہ جناب ابوبکر جانتے تھے کہ سچی ہیں تو فدک ان کو واپس کیوں نہ کیا؟ استاد نے ہنس کر ایک عمدہ جواب دیا اور کہا اگر اس دن فدک فاطمہؑ کو دے دیتے تو دوسرے دن وہ واپس آتیں اور خلافت کا اپنے شوہر کے لیے مطالبہ کرتیں اور جناب ابوبکر کو خلافت کے مقام سے معزول فرما دیتیں کیونکہ جب پہلے بھی اقرار کر چکے ہوتے تو ان کے لیے کوئی عذر پیش کرنا ممکن نہ ہوتا۔

دوسرے اگر جناب ابوبکر جناب فاطمہؑ کی تصدیق کر دیتے تو بعد میں بھی غلطی کا اعتراف کرنا پڑتا اس طرح سے خلافت کے خاتمے کی ابتدا ہو جاتی اور اعتراف کا دروازہ کھل جاتا۔ اس قسم کا خطرہ حکومت اور خلافت کے لیے قابل تحمل نہیں ہوا کرتا۔

اب جناب ابوبکر اس وقت ایسے منظر سے دوچار تھے کہ فدک کا معاملہ سب کو بھول جائے اس قسم کے واقعات کے دوسرے لوگوں کے ذہن سے بھی بھلا دیا جائے۔ آپ نے سوچا کہ وقت کی موجودہ حالت میں امت کے عمومی افکار کو جناب زہراؑ نے جس طرح سے متاثر کیا ہے یہ مصلحت نہیں کہ ان کے ساتھ سختی سے پیش آیا جائے بلکہ ان کے دعویٰ کا جواب دیا جانا چاہیے اور عمومی افکار کو ٹھنڈا کیا جائے۔ بس یہی اچھا ہے کہ دوسری بات پر دیگر توجہ دی جائے اور عوام کو غفلت میں رکھا جائے اور دین اور قوم کے احترام کے نام سے جناب فاطمہؑ کو چپ کرایا جائے اور اپنی تقصیر کو ثابت کیا جائے۔ جناب ابوبکر نے سوچا کہ دین کی حمایت اور پیغمبرؐ کی دستوروں کے فرمان سے لوگوں کے دلوں کو متوجہ کیا جا سکتا ہے اور اس کے ذریعے ہر چیز کو یہاں تک کہ خود دین کو بھی نظر انداز کیا جا سکتا ہے۔ جی ہاں دین سے بڑھ کر کسی کے مقابلہ میں دین کے ساتھ ہی مقابلہ کیا جاتا ہے

۱۔ شرح ابن ابی الحدید ج ۱۶ ص ۲۸۴۔

ASSOCIATION KHOJA SHIA ITHNA ASHERI JAMATE MAYOTTE

جناب ابوبکر کا جواب

رسول اللہؐ کی بیٹی کے قوی و منطقی اور مدلل دلائل کے سامنے میں جناب ابوبکر نے ایک عاجزانہ روش اختیار کی اور کہا اے رسول خداؐ کی دختر آپ کے باپ مومنین پر مہربان اور رحیم اور بلاشک محمدؐ آپ کے باپ ہیں نہ دوسری عورت کے۔ آپ بھی اور آپ کے شوہر کے بھائی ہیں اور علیؑ کو تمام لوگوں پر ترجیح دیا کرتے تھے جو شخص آپ کو دوست رکھے گا وہی نجات پائے گا اور جو شخص آپ سے دشمنی کرے گا وہ خسارے میں رہے گا آپ پیغمبرؐ کی عترت ہیں، آپ نے ہمیں خیر و صلاح اور بہشت کی طرف ہدایت کی ہے اے عورتوں میں سے بہترین عورت اور بہترین پیغمبرؐ کی دختر، آپ کی عظمت اور آپ کی صداقت اور فضیلت اور عقل کسی پر مخفی نہیں ہے۔ کسی کو حق نہیں پہنچتا کہ وہ آپ کو آپ کے حق سے محروم کرے لیکن خدا کی قسم میں رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان سے تجاوز نہیں کرتا جو کام بھی انجام دیتا ہوں آپ کے والد کی اجازت سے انجام دیتا ہوں قافلہ کا سردار تو قافلے سے جھوٹ نہیں بولتا خدا کی قسم میں نے آپ کے والد سے سنا ہے کہ فرما رہے تھے کہ ہم پیغمبرؐ سوائے علم و دانش اور نبوت کے گھر اور جائیداد وراثت میں نہیں چھوڑتے جو مال ہمارا باقی رہ جائے وہ مسلمانوں کے خلیفہ کے اختیار میں ہوگا میں فدک کی آمد سے اسلحہ خریدتا ہوں اور کفار سے جنگ کروں گا، ہاں اگر آپ کو خیال ہو کہ میں نے تنہا فدک پر قبضہ کیا ہے تو اس اقدام میں تمام مسلمان میرے

موافق اور شریک ہیں۔ البتہ میرا ذاتی مال آپ کے اختیار میں ہے جتنا چاہیں لے لیں مجھے کوئی اعتراض نہیں، کیا یہ ہو سکتا ہے کہ میں آپ کے والد کے دستورات کی مخالفت کروں۔

جناب فاطمہؑ کا جواب

جناب فاطمہؑ نے جناب ابوبکر کی اس تقریر کا جواب دیا۔ سبحان اللہ میرے باپ قرآن مجید سے روگردانی نہیں کر سکتے اور اسلام کے احکام کی مخالفت نہیں کرتے تھے کیا تم نے اجماع کر لیا ہے کہ خلاف واقع عمل کرو اور پھر اسے میرے باپ کی طرف نسبت دو؟ تمہارا یہ کام اس کام کے مشابہ ہے جو تم نے میرے والد کی زندگی میں انجام دیا کیا خدا نے جناب زکریاؑ کا قول قرآن میں نقل نہیں کیا جو خدا سے عرض کر رہے تھے

فهب لی من لدنک ولیاً یرثنی ویرث من آل یعقوب[1]

خدایا مجھے ایسا فرزند دے جو میرا وارث ہو اور آل یعقوب کا وارث ہو۔ کیا قرآن میں یہ نہیں ہے

وورث سلیمان داؤد[2]

سلیمان داؤد کے وارث ہوئے کیا قرآن میں وراثت کے احکام موجود نہیں ہیں؟ کیوں نہیں یہ تمام مطالب قرآن میں موجود ہیں اور نہیں جو اس

---

[1] سورہ مریم آیت ۵

[2] سورہ نمل آیت ۱۶۔

کی اطلاع ہے، لیکن تمہارا دودھ ختم نہ کرنے کا سبب اور میرے لئے بھی سوائے صبر کے اور کوئی چارہ نہیں

جناب ابوبکر نے اس کا جواب دیا کہ خدا اور رسولؐ اور تم سچ کہتی ہو، لیکن یہ تمام مسلمان میرے اور آپ کے درمیان فیصلہ کریں گے کیونکہ انہوں نے مجھے خلافت کی کرسی پر بٹھایا ہے اور میں نے ان کی رائے پر فدک لیا ہے۔ملے

جناب ابوبکر نے ظاہر سازی اور عوام کو خوش کرنے والی تقریر کر کے ایک حد تک عوام کے احساسات اور افکار کو ٹھنڈا کیا، اور عمومی افکار کو اپنی طرف متوجہ کر لیا۔

جنابِ خلیفہ کا ردّ عمل

مجلس درہم برہم ہوگئی لیکن پھر

بھی اس مطلب کی رسید حد جوش میں ہوئی اور صحابہ کے درمیان جناب زہراؑ کی تقریر کے موضوع پر گفتگو شروع ہوگئی اور اس حد تک یہ مطلب موضوع بحث ہوگیا کہ جناب ابوبکر مجبور ہوگئے کہ سخت بے حد درشتی سے پیش آئیں۔

لکھا ہے کہ جناب زہراؑ کی تقریر نے مدینہ کو جو سلطنت اسلامی کا دارالخلافہ تھا منقلب کر دیا، لوگوں کے اعتراض اور گریہ و بکا کی آوازیں بلند ہوئیں، لوگ اتنا روئے کہ اس سے پہلے اتنا کبھی نہ روئے تھے

ملے احتجاج طبرسی، ج ۱ ص ۱۲۱۔

جناب ابوبکر نے جناب عمر سے کہا تم نے فدک فاطمہؑ کو دے دینے سے مجھے کیوں روکا اور مجھے اس قسم کی مشکل میں ڈال دیا، اب بھی اچھا ہے کہ ہم فدک کو واپس کر دیں اور اپنے آپ کو پریشانی میں نہ ڈالیں

جناب عمر نے جواب دیا فدک کے واپس کر دینے میں مصلحت نہیں اور یہ تم جانتے ہو کہ میں تیرا خیرخواہ اور ہمدرد ہوں۔ جناب ابوبکر نے کہا کہ لوگوں کے احساسات جو ابھر چکے ہیں ان سے کیسے نپٹا جائے؟ انہوں نے جواب دیا کہ یہ احساسات وقتی اور عارضی ہیں اور بادل کے ٹکڑے کے مانند ہیں۔ تم نماز پڑھو اور زکوٰۃ دو اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرو، مسلمانوں کے بیت المال میں اضافہ کرو اور صلہ رحمی کا لحاظ رکھو تاکہ خدا تیرے گناہوں کو معاف کر دے، اس واسطے کہ خدا قرآن میں فرماتا ہے نیکیاں برائیوں کو ختم کر دیتی ہیں۔ حضرت ابوبکر نے ہاتھ جناب عمر کے کندھے پر رکھا اور کہا شاباش تم نے کتنی مشکل کو حل کر دیا ہے۔

اس کے بعد انہوں نے لوگوں کو مسجد میں بلایا اور منبر پر جا کر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کے بعد کہا لوگو! یہ شور اور کام کیا ہے، ہر کہنے والا آرزو رکھتا ہے، یہ خواہش رسولؐ کے زمانے میں کیوں نہیں، جس نے سنا ہو کہے، اس طرح نہیں ہے بلکہ اس کا مثال اس لومڑی جیسی ہے کہ جس کی گواہ اس کی دم تھی۔

اگر میں کہنا چاہوں تو کہہ سکتا ہوں اور اگر کہوں تو بہت سے اسرار واضح کر دوں لیکن جب تک مجھ سے کوئی کام نہیں میں ساکت رہوں گا۔ اب لڑکی سے مدد لے رہے ہیں اور عورتوں کو ابھار رہے ہیں۔

نے رسول خدا کے اصحاب سے بعض نادانوں کی داستان سنی ہے حالانکہ تم سب کے سردار ہو کر رسول خدا کے دستور کی پیروی کرو تم نے رسول کو گواہی دی تھی اور مدد کی تھی اس لیے [illegible] ہے کہ تم رسول خدا کے دستور سے انحراف نہ کرو [illegible] حقوق [illegible] اور [illegible] کوشش نہیں کروں گا اور ہاتھ اور زبان سے کسی کو اذیت نہیں دوں گا مگر اسے جو سزا کا مستحق ہو گا۔

جناب ام سلمہ کی حمایت

اس وقت جناب ام سلمہ نے اپنا سر گھر سے باہر نکالا اور کہا اے ابوبکر! [illegible] گفتگو اس عورت کے متعلق کر رہے ہو جسے فاطمہ کہتے ہیں [illegible] انسانوں کی شکل میں حور ہے اس نے پیغمبر کے دامن میں پرورش پائی [illegible] فرشتوں سے مصافحہ کرتی تھی اور پاکیزہ گود میں پرورش پائی ہے [illegible] ماحول میں ہوش سنبھالا ہے آیا گمان کرتے ہو کہ رسول خدا نے جناب فاطمہ کو ارث سے محروم کیا ہے لیکن خود اس کو نہیں بتلایا؟ حالانکہ خدا پیغمبر کو حکم دیتا ہے کہ اپنے رشتہ داروں کو انذار کرو اور ڈراؤ [illegible] پیغمبر نے تو اسے بتلایا ہو لیکن وہ اس کے باوجود [illegible] کا سوال کر رہی ہو حالانکہ وہ عالم کی عورتوں سے بہتر ہے اور بہترین جوانوں کی ماں ہے

۱۔ دلائل الامامہ ص ۳۹۔

اور جناب مریم کے ہم پلہ ہے اور اس کا باپ خاتم پیغمبران ہے خدا کی قسم رسول خدا فاطمہ کی گرمی اور سردی سے حفاظت کیا کرتے تھے اور سوتے وقت اپنا دایاں ہاتھ فاطمہ کے نیچے اور بایاں ہاتھ اس کے جسم پر رکھا کرتے تھے [illegible] سو جاؤ [illegible] رسول خدا [illegible] آنکھوں کے سامنے ہیں اور جلد ہی تم خدا کے حضور وارد ہو گے اور اپنے کئے کا نتیجہ دیکھو گے۔ جناب ام سلمہ نے جناب فاطمہ کی حمایت کی لیکن انہیں ایک سال تک حقوق سے محروم کر دیا گیا۔

قطع کلامی

جب جناب زہراؑ نے دیکھا کہ اس کے باوجود بھی [illegible] کو [illegible] رکھیں آپ نے [illegible] کلام کرنے کا فیصلہ کر لیا اور رسمی طور پر جناب ابوبکر کے متعلق اعلان کر دیا کہ [illegible] جب تک زندہ ہوں گفتگو اور کلام نہیں کروں گی۔ آپ کا جہاں کہیں بھی جناب ابوبکر سے سامنا ہو جاتا تو آپ منہ پھیر لیتیں اور ان سے کلام نہ کرتی تھیں۔

مگر جناب فاطمہؑ ایک عام فرد نہ تھیں کہ اگر انہوں نے آپ سے قطع کلامی کی تو وہ چنداں اہمیت نہ رکھتی ہو، رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عزیز تھیں رسول خدا کی حد سے زیادہ محبت کسی پر پوشیدہ نہ

۱۔ [illegible]

۲۔ کشف الغمہ ج ۲ ص [illegible] ۔ شرح ابن ابی الحدید ج ۱۶ ص [illegible] ۔

تھی۔ اب وہ ہیں کہ جن کے متعلق پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ فاطمہؑ میرے جسم کا ٹکڑا ہے۔ جو اسے اذیت دے اس نے مجھے اذیت دی ہے۔[1]

اور آپ فرماتے ہیں کہ فاطمہؑ ان عورتوں میں سے ہیں کہ جن کے دیدار کے لئے بہشت مشتاق ہے۔[2]

اور آپ فرماتے تھے کہ اگر فاطمہؑ غضب کرے تو خداوند عالم غضب کرتا ہے۔[3]

جی ہاں، پیغمبرؐ خدا کی محبوب خاتون نے جناب ابوبکر سے قطع کلامی کی اور رنجیدگی سے آپ نے ان سے بات نہیں کی جب یہ بات لوگوں میں شائع اور مشہور ہوگئی کہ پیغمبرؐ کی دختر جناب ابوبکر سے رنجیدہ ہوئی ہیں اور ان پر غضبناک ہیں۔ مدینہ کے باہر بھی لوگ اس موضوع سے باخبر ہو چکے تھے تمام لوگ ایک دوسرے سے سوال کرتے تھے کہ جناب فاطمہؑ کیوں خلیفہ کے ساتھ بات نہیں کرتیں؟ ضرور اس کی وجہ وہی فدک کا زبردستی لے لینا ہوگا۔ فاطمہؑ تو جھوٹ نہیں بولتیں اور اللہ تعالیٰ کی مرضی کے خلاف کسی پر غضبناک نہیں ہوتیں کیونکہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے بارے میں فرمایا تھا کہ اگر فاطمہؑ غضب کرے تو خدا غضب کرتا ہے۔

۱۔ صحیح مسلم ج ۴ ص [illegible]

۲۔ کشف الغمہ ج ۲ ص [illegible]

۳۔ کشف الغمہ ج ۲ ص [illegible]

اس طرح ملت اسلامی کے احساسات روز بروز وسیع سے وسیع تر ہو رہے تھے اور خلافت کے خلاف نفرت میں اضافہ ہو رہا تھا۔ خلافت کے کارکن یہ تو کر سکتے تھے کہ جناب فاطمہؑ کے قطع روابط سے چشم پوشی کر لیتے لیکن انہوں نے کوشش کی کہ شاید وہ صلح کر لیں ان کے لئے ممکن نہ ہو سکا۔ فاطمہؑ اپنے ارادے پر ڈٹی ہوئی تھیں اور اپنے مسلّم حق کو ترک کرنے پر راضی نہ ہوئی تھیں۔

جب جناب فاطمہؑ بیمار ہوئیں تو جناب ابوبکر نے کئی دفعہ جناب فاطمہؑ سے ملاقات کی خواہش ظاہر کی لیکن انہوں نے رد کر دیا۔ ایک دن جناب ابوبکر نے اس موضوع کو حضرت علیؑ کے سامنے پیش کیا اور آپ سے خواہش کی آپ جناب فاطمہؑ کی خدمت کا وسیلہ فراہم کریں۔ وہ آپ سے ملاقات کی اجازت حاصل کریں۔ حضرت علی علیہ السلام جناب فاطمہؑ کے پاس گئے اور فرمایا اے دختر رسولؐ جناب عمر اور ابوبکر نے ملاقات کی اجازت چاہی ہے آپ اجازت دیتی ہیں کہ وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہو جائیں۔ جناب زہراؑ حضرت علیؑ کے حالات سے آگاہ تھیں آپ نے جواب دیا، گھر آپ کا ہے اور میں آپ کے اختیار میں ہوں جس طرح آپ مصلحت دیکھیں عمل کریں یہ فرمایا اور اپنے اوپر چادر ڈال لی اور اپنے منہ کو دیوار کی طرف کر دیا۔

جناب ابوبکر اور عمر گھر میں داخل ہوئے اور سلام کیا اور عرض کی اے پیغمبرؐ کی دختر ہم اپنی غلطی کا اعتراف کرتے ہیں آپ سے خواہش کرتے ہیں کہ آپ ہم سے راضی ہو جائیں آپ نے فرمایا کہ میں ایک بات تم سے پوچھتی ہوں اس کا مجھے جواب دو۔ انہوں نے عرض کی فرمایئے۔ آپ نے فرمایا تمہیں خدا کی قسم دیتی ہوں کہ کیا تم نے میرے باپ سے یہ سنا تھا کہ آپ نے فرمایا کہ

فاطمہؑ میرے جسم کا ٹکڑا ہے جو اسے اذیت دے اس نے مجھے اذیت دی۔ انہوں نے عرض کیا ہاں ہم نے یہ بات آپ کے والد سے سنی ہے۔ اس وقت آپ نے اپنے مبارک ہاتھوں کو آسمان کی طرف اٹھایا اور کہا اے میرے خدا گواہ رہ کہ ان دو آدمیوں نے مجھے اذیت دی ہے ان کی شکایت تیری ذات اور تیرے پیغمبرؐ سے کرتی ہوں میں ہرگز راضی نہ ہوں گی یہاں تک کہ اپنے بابا سے جا ملوں اور وہ زیادتیں جو انہوں نے مجھ پر کی ہیں ان سے بیان کر دوں تاکہ آپ ہمارے درمیان فیصلہ کریں جناب ابوبکر جناب زہراؑ کی یہ بات سننے کے بعد بہت غمگین اور مضطرب ہوئے لیکن حضرت عمر نے کہا اے رسولؐ کے خلیفہ ایک عورت کی گفتگو سے ناراحت ہو رہے ہو۔[1]

یہاں پڑھنے والوں کے دلوں میں یہ بات آ سکتی ہے کہ وہ کہیں کہ اگرچہ جناب ابوبکر نے جناب فاطمہؑ سے فدک لے کر اچھا کام نہیں کیا تھا لیکن جب وہ پشیمانی اور ندامت کا اظہار کر رہے ہیں تو مناسب ہی تھا کہ ان کا عذر قبول کر لیا جاتا۔ لیکن اس نکتہ سے غافل نہیں رہنا چاہیے کہ حضرت زہراؑ کے مبارزے کی اصل علت اور وجہ خلافت تھی فدک کا زبردستی لے لینا اس کے ذیل میں آتا تھا اور خلافت کا غصب کرنا ایسی چیز نہ تھی کہ جسے معاف کیا جا سکتا ہو اور اس سے چشم پوشی کی جا سکتی ہو۔ پھر جناب زہراؑ جانتی تھیں کہ حضرت ابوبکر یہ سب کچھ اس لئے کر رہے ہیں تاکہ اس اقدام سے عوام کو دھوکے میں رکھا جا سکے اور وہ اپنے کردار پر نادم اور پشیمان رہے کیونکہ اس کا طریقہ عقلاء کے لحاظ سے یہ تھا کہ وہ حکم دیتے کہ فدک کو جناب فاطمہؑ کے حوالے

۱۔ بحار الانوار، ج ۴۳ ص ۱۹۸۔

کر دو اور اس کے بعد آپ آتے اور معاف کر دینے کی خواہش کرتے ورنہ یہ کہنے کہ ہم اپنے اس اقدام پر پشیمان اور نادم ہو چکے ہیں تو اس بات کو صداقت پر محمول کیا جا سکتا تھا۔

شب میں تدفین

جناب زہراؑ اپنے ہدف اور مقصد میں اس قدر استقامت رکھتی تھیں کہ اس کے لئے اپنی زندگی کی آخری گھڑیاں بھی مبارزہ کرتی رہیں تاکہ اپنے مبارزہ کو اس حد تک پہنچائیں کہ پڑھنے والوں کو معلوم ہو جائے کہ کسی شخص کے لئے کیسے ممکن ہوتا ہے کہ وہ اپنے مبارزہ اور مقابلے کو موت کے بعد بھی باقی رکھے لیکن فاطمہؑ کہ جس نے دین کے گھر میں تربیت حاصل کی تھی ایسا ہونا چاہتی تھیں کہ ان کا مبارزہ اور مقابلہ موت کے وقت تک ختم نہ ہو جائے۔ جناب زہراؑ نے اپنی زندگی کے آخری دنوں میں اپنے شوہر علیؑ کو وصیت کی اے علیؑ مجھے رات کو غسل دینا اور رات کو کفن دینا اور مخفی طور پر دفن کرنا۔ میں راضی نہیں ہوں کہ جن لوگوں نے میرا پہلو زخمی کیا ہے میرا حق غصب کیا ہے اور میرے ارث پر قبضہ کیا ہے وہ میرے جنازے کی تشییع کریں۔ میری قبر کو بھی مخفی کر دینا۔ حضرت علیؑ نے بھی جناب زہراؑ کی وصیت کے مطابق آپ کو رات میں دفن کیا اور آپ کی قبر کو ہموار کر دیا اور چالیس قبریں نئی بنائیں کہ کہیں آپ کی قبر پہچانی نہ جائے۔[1]

حضرت زہراؑ نے اس منصوبے اور نقشے سے اپنے حریف پر آخری وار

۱۔ دلائل الامامہ۔ مناقب ابن شہر آشوب، ج ۳ ص ۳۶۳۔

کیا اور ایک دن وہ مسموم ہو کر مظلومیت اور محکومیت کی زندگی کے لیے
ستم سے لئے باقی چھوڑ گئیں

کیونکہ ہر مسلمان یہ چاہے گا کہ اسے علم ہو کہ پیغمبر اسلام کی دختر کی قبر کہاں ہے جب اسے معلوم ہوگا کہ اس کی قبر معلوم نہیں ہے تو پوچھے گا کیوں؟ جواب ملے گا کہ خود جناب زہراؑ نے وصیت کی تھی کہ اس کی قبر مخفی رکھی جائے۔ اس وقت اسے قبر کے مخفی ہونے کی علت معلوم ہو جائے گی اور کہے گا کہ آپ وقت کی خلافت سے ناراض تھیں اور آپ کا غضب رہا اس لحاظ سے وہ بیدار ہو اس وقت سوچے گا کہ ہو سکتا ہے کہ پیغمبر اسلام کی دختر ان تمام فضائل اور کمالات کے باوجود اپنے باپ کے جانشین سے ناراض ہوں اور پھر اس کی خلافت بھی درست اور صحیح ہو؟ یہ چیز ممکن نہیں پس معلوم ہو جاتا ہے کہ اس کی خلافت جبرًا اور ان کے شوہر کے نظریہ کے خلاف وقوع ہوئی تھی جو کسی طرح بھی صحیح قرار نہیں دی جا سکتی۔

نتیجہ

گرچہ جناب ابوبکر جناب زہراؑ کے دلائل اور صدر رسالت کے سامنے ڈٹے رہے اور حاضر نہ ہوئے کہ فدک جناب فاطمہؑ کو واپس کریں لیکن اس حضرت زہراؑ نے اپنی مبارزات کے ذریعے خلافت اسلامی اور حکومت کی رسوائی اور اپنی حقانیت کو ثابت کر دیا۔ پس فدک خلافت کے لئے ایک مستقل مشکل اور دستاویز بن گیا جو ان کے گلے میں پھنس کر رہ گیا بہت مدت تک وہ حکومت کا نقطہ ضعف اور ایک اہم پروپیگنڈا اس کے خلاف شمار ہوتا رہا کہ جس کے حل سے عاجز تھے۔ کسی حکومت کے وقت

حاصل کرنے کے لئے فدک ان کو دے دیا جاتا تھا اور کبھی ان سے خشک ہوتے تھے تو واپس لے لیا جاتا تھا۔ جب معاویہ کے ہاتھ میں اقتدار آیا تو اس نے فدک کا ایک تہائی مروان کو اور ایک تہائی عمر بن عثمان کو اور ایک تہائی اپنے بیٹے یزید کو بخش دیا۔ مروان کی خلافت کے زمانے میں پورا فدک اس کے اختیار میں تھا اور اس نے اسے اپنے بیٹے عبدالعزیز کو دے دیا، عبدالعزیز نے اسے اپنے بیٹے عمر بن عبدالعزیز کو دے دیا اور جب عمر بن عبدالعزیز خلافت پر متمکن ہوا تو فدک کو جناب حسن بن حسن یا علی بن حسین کو واپس کر دیا۔

عمر بن عبدالعزیز کی خلافت کے دور میں فدک جناب فاطمہؑ کی اولاد کے ہاتھ میں رہا اور جب یزید بن عاتکہ کو حاکم بنایا گیا تو اس نے فدک جناب فاطمہؑ کی اولاد سے لے لیا اور پھر بنی مروان کے قبضے میں دے دیا، یہ ان کے پاس رہا یہاں تک کہ خلافت ان کے ہاتھ سے نکل گئی۔ جب سفاح خلافت پر قابض ہوا تو اس نے فدک جناب عبداللہ بن حسن کو دے دیا اور جب ابوجعفر عباسی اولاد حسن پر غضبناک ہوا تو فدک ان سے واپس لے لیا اس کے بعد مہدی عباسی نے فدک فاطمہؑ کی اولاد کو واپس کر دیا، اس کے بعد موسیٰ بن مہدی اور ہارون نے اسے واپس لے لیا اور اس کے پاس مامون کے حاکم بننے تک رہا اور اس نے پھر فاطمہؑ کی اولاد کو واپس کر دیا۔

ایک دن مامون قضاوت کی محفل میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک خط اسے دیا گیا جب اس نے اسے پڑھا تو رو دیا اس کے بعد کہا کہ فاطمہؑ کا وکیل کون ہے اور کہاں ہے؟ ایک بوڑھا آدمی اٹھا اور اس کے نزدیک گیا۔ مامون نے فدک کے بارے میں اس سے مباحثہ شروع کر دیا وہ بوڑھا اس پر غالب آیا۔ تو

مامون نے حکم دیا کہ فدک کو قبالہ کی صورت میں لکھ کر انہیں دے دیا جائے۔ اس کے بعد یہ فاطمہ کی اولاد کے پاس متوکل کے زمانے تک رہا اس نے فدک کو عبداللہ بن عمر بازیار کو دے دیا۔

فدک میں کھجور کے گیارہ درخت ایسے تھے کہ جنہیں خود رسول اللہ نے لگایا تھا فاطمہ کی اولاد ان درختوں سے کھجوریں حج کے موقع پر حاجیوں کو ہدیہ دیتی اور حاجی ان کے عوض ان کی اچھی خاصی مدد کر دیتے اور ان کے پاس اس ذریعہ سے بہت سا مال اکٹھا ہو جاتا۔ عبداللہ بن عمر بازیار نے بشران بن ابی امیہ ثقفی کو بھیجا اور اس نے درختوں کو کٹوا دیا۔[۱]

جناب فاطمہ کے مبارزات کا یہ نتیجہ تھا کہ جناب عمر باوجود اس سختی کے جو ان کے وجود میں تھی، جناب فاطمہ کو صدقات مدینہ بلکہ جو بھی جناب فاطمہ کے ادّعا میں داخل تھے انہیں واپس کر دیئے تھے۔[۲]

۱۔ شرح ابن ابی الحدید، ج [illegible] ص [illegible]۔

۲۔ کشف الغمہ، ج [illegible] ص [illegible]۔

حصہ ششم

جناب فاطمہ موت کے نزدیک

جناب فاطمہؑ آپ کی وفات کے بعد جیسے سے زیادہ روئیں رہیں اور اسی طرح تھوڑی مدت میں بھی اتنا روئیں کہ آپ کو زیادہ رونے والوں میں سے ایک قرار دیا گیا آپ کو کبھی ہنستے نہیں دیکھا گیا[1]

جناب زہراؑ کے رونے کے مختلف عوامل اور سبب تھے سب سے زیادہ اہم سبب کہ جو آپ کی مجبور اور حساس روح کو ناراحت کرتا تھا وہ یہ تھا کہ آپ دیکھ رہی تھیں کہ اسلام کی جوان ملت اپنے حقیقی اور صحیح راستے سے ہٹ گئی ہے اور ایک ایسے راستے پر گامزن ہو گئی ہے کہ جس کا انجام اور نتیجہ اس کا ہم ہے

چونکہ حضرت زہراؑ نے اسلام کی ترقی اور پیشرفت کو دیکھا تھا آپ کو توقع تھی کہ اس طرح اسلام ترقی کرے گا اور تھوڑی سی مدت میں کفر و شرک کو ختم کر دے گا اور ستم کا قلع قمع کر دے گا لیکن خلافت سے علیؑ کے دور ہونے کی غیر متوقع صورت حال نے آپ کی امیدوں کے محل کو یکدم گرا دیا

۱۔ طبقات ابن سعد ج ۲ حصہ ۲ ص ۸۴

یک دن جب ام سلمہؓ جناب فاطمہؑ کے پاس آئیں اور عرض کی کہ بنت رسول کی رات کیسے گزری؟ آپ نے فرمایا غم و اندوہ میں گزری۔ باپ سے جدا ہو گئی اور شوہر کی خلافت سے الگ ہو گئی۔ اللہ اور رسولؐ کے دستور کے خلاف امامت اور خلافت کو علیؑ سے چھین لیا گیا کیونکہ ان لوگوں کو علیؑ سے کینہ تھا چونکہ ان لوگوں کے باپ دادا کو بدر کی جنگ میں قتل کر چکے تھے۔[1]

حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ جناب فاطمہؑ نے ایک دن اپنے باپ کی قمیص مجھ سے طلب کی جب میں نے ان کی قمیص لا کر دی تو آپ نے سونگھا اور رونا شروع کر دیا اور اتنا روئیں کہ آپ بیہوش ہو گئیں میں نے جب یہ حالت دیکھی تو میں نے آپ کی قمیص ان سے چھپا دی۔[2]

روایت میں ہے کہ جب پیغمبرؐ وفات پا گئے تو بلال نے جو آپ کے مؤذن تھے اذان دینی بند کر دی تھی ایک دن جناب فاطمہؑ نے پیغام بھیجا کہ میری خواہش ہے کہ میں ایک دفعہ اپنے باپ کے مؤذن کی اذان سنوں بلال نے جناب فاطمہؑ کے حکم پر اذان دینی شروع کی اور اللہ اکبر کہا جناب فاطمہؑ کو اپنے باپ کے زمانے کی یاد آئی اور رونے پر قابو نہ پا سکیں اور جب بلال نے اشہد ان محمد رسول اللہ کہا تو جناب فاطمہؑ نے باپ کے نام سنتے ہی ایک چیخ ماری اور غش کر گئیں۔ بلال کو خبر دی گئی کہ اذان دینا بند کر دو کیونکہ فاطمہؑ بیہوش ہو گئی ہیں۔ بلال نے اذان روک دی جب جناب فاطمہؑ کو ہوش آیا تو بلال سے کہا کہ اذان کو پورا کرو۔ بلال نے عرض کی کہ آپ اگر اجازت دیں

۱۔ بحار الانوار ج ۴۳ ص ۱۵۶۔

۲۔ بحار الانوار ج ۴۳ ص ۱۵۷

تو باقی ادوار یہ کہوں کیوں کہ مجھے آپ سے بے ہوش ہونے کا خوف ہے۔[1]

جناب فاطمہؑ اس قدر روئیں کہ آپ کے رونے سے ہمسائے تنگ آگئے وہ حضرت علیؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے، عرض کی کہ ہمارا سلام جناب فاطمہؑ کو پہنچا دیں اور ان سے کہیں کہ یا رات کو روئیں اور دن کو آرام کریں یا دن کو روئیں اور رات کو آرام کریں کیونکہ آپ کے رونے نے ہمارا آرام ختم کر دیا ہے جناب فاطمہؑ نے ان کے جواب میں فرمایا کہ میری عمر ختم ہونے کو ہے میں زیادہ دیر تک تم میں موجود نہ رہوں گی۔ آپ دن میں امام حسنؑ اور حسینؑ کا ہاتھ پکڑتیں اور جناب رسول خداؐ کی قبر پر چلی جاتیں اور وہاں رویا کرتیں اور اپنے بچوں سے کہتیں میرے پیارو یہ تمہارے نانا کی قبر ہے کہ جو تمہیں کندھے پر اٹھایا کرتے تھے اور تمہیں دوست رکھتے تھے اس کے بعد آپ بقیع کے قبرستان میں شہداء کی قبر پر جاتیں اور صدر اسلام کے سپاہیوں پر گریہ کرتیں حضرت علیؑ نے آپ کے آرام کے لئے بقیع میں سائبان بنا دیا تھا کہ جسے بعد میں بیت الحزن کے نام سے پکارا جانے لگا۔[2]

انس کہتا ہے کہ جب ہم پیغمبرؐ کے دفن سے فارغ ہوچکے اور گھر واپس لوٹ گئے تو جناب فاطمہؑ نے فرمایا اے انس کس طرح راضی ہوئے کہ پیغمبرؐ کے بدن پر مٹی ڈالو۔[3]

۱۔ بحار الانوار ج ۴۳ ص ۱۷۷۔

۲۔ بحار الانوار ج ۴۳ ص 175۔

۳۔ [illegible] ابن الاثیر ج ... ص ... ۔ طبقات ابن سعد ج ۲ قسم ۲ ص ۸۳۔

محمود بن لبید کہتے ہیں کہ جناب فاطمہؑ اپنے والد کی وفات کے بعد جناب حمزہؑ کی قبر پر گریہ کرتی تھیں ایک دن میں اُحد کے شہداء سے گزر رہا تھا تو میں نے فاطمہؑ کو دیکھا کہ جناب حمزہؑ کی قبر پر سخت گریہ کر رہی ہیں میں نے صبر کیا یہاں تک کہ آپ نے توقف کیا میں سامنے گیا، وہاں سلام کیا اور عرض کی اے میری سردار آپ نے اپنے اس ناگوار گریہ سے میرا دل ٹکڑے ٹکڑے کر دیا ہے آپ نے فرمایا کہ مجھے حق پہنچتا ہے کہ اس طرح کا گریہ کروں کیونکہ میں نے کیسے مہربان باپ اور پیغمبروں میں بہترین پیغمبر اپنے ہاتھ سے کھو دیا ہے دیکھنا آپ کی زیارت کا مجھ میں کتنا شوق موجود ہے۔ میں نے عرض کی اے میری سردار میں دوست رکھتا ہوں کہ آپ سے ایک مسئلہ پوچھوں آپ نے فرمایا کہ پوچھو میں نے عرض کیا رسول خداؐ نے اپنی زندگی میں حضرت علیؑ کی امامت کی تصریح کر دی تھی آپ نے فرمایا تعجب ہے۔ کیا تم نے غدیر کا واقعہ بھلا دیا ہے؟ میں نے عرض کی کہ غدیر کا واقعہ تو میں جانتا ہوں لیکن میں چاہتا ہوں یہ معلوم کروں کہ جناب رسول خداؐ نے اس بارے میں آپ سے کیا فرمایا ہے۔ آپ نے فرمایا خدا گواہ ہے کہ رسول خداؐ نے مجھ سے فرمایا تھا کہ میرے بعد علیؑ میرا خلیفہ اور امام ہے اگر اس کی اطاعت کی تو ہدایت پا جاؤ گے اور اگر اس کی مخالفت کی تو قیامت کے دن تک تم میں اختلاف موجود رہے گا۔[1]

۱۔ ریاحین الشریعہ ج ۱ ص ۲۵۴

فاطمہؑ بیماری کے بستر پر

جناب امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ جب قنفذ کی ان ضربات سے جو اس نے جناب فاطمہؑ کے نازنین جسم پر لگائی تھیں آپ کے بچے کا اسقاط ہو گیا اور اسی وجہ سے آپ ہمیشہ بیمار اور ضعیف رہیں یہاں تک کہ آپ بستر سے لگ گئیں۔

حضرت علیؑ اور جناب اسماء بنت عمیس آپ کی تیمارداری کرتے رہے۔

ایک دن انصار اور مہاجرین کی عورتوں کی ایک جماعت آپ کی مزاج پرسی کے لیے حاضر ہوئی اور عرض کی اے رسول خداؐ کی دختر آپ کی حالت کیسی ہے؟ آپ نے فرمایا قسم خدا کی میں دنیا سے کوئی علاقہ نہیں رکھتی تمہارے مردوں سے جب ان کا امتحان کر چکی ہوں تو دلگیر ہوں اور انہیں دور پھینک دیا ہے اور ان کے ہاتھ سے ملول خاطر ہوں۔ ان کی شمشیر کند اور سست عقیدہ اور ان کی بدحالی پر اف ہو۔ کتنا برا انہوں نے کام انجام دیا ہے اور غضب الٰہی کے مستحق بنے ہیں۔ وہ دوزخ کی آگ میں ہمیشہ رہیں۔ ہم نے خلافت اور امامت کو ان کے ہاتھ میں چھوڑ دیا ہے لیکن اس کا عار و ننگ ان کے دامن پر ہمیشہ رہے گا، ظلم کرنے والوں پر ذلت اور خواری ہوا کرتی ہے ان کی حالت پر افسوس اور وائے ہو۔ کس طرح انہوں نے حضرت علیؑ سے خلافت کو چھینا ہے خدا کی قسم ان کا علیؑ سے دور رکھنا اس کے

۱؎ ۔ دلائل الامامۃ ص ۴۵ ۔ بحار الانوار، ج ۴۳ ص ۱۷۰ ۔

۲؎ ۔ بحار الانوار، ج ۴۳ ص ۱۵۹

علاوہ اور کچھ نہ تھا کہ حضرت علیؑ کی کاٹنے والی تلوار اور سروری اور خدا کی راہ میں سخت حملہ کرنے سے خوش نہ تھے۔

خدا کی قسم اگر خلافت علیؑ کے ہاتھ سے نہ لی ہوتی اور علیؑ ان کی حکومت کی زمام اپنے ہاتھ میں لیتے تو وہ بہت آسانی سے انہیں خوشی اور سعادت کی طرف ہدایت کرتے اور بہت جلد ریاست طلب کا حق اور بچے کا تھوڑے سے اختیار ہو جاتا، بہت جلد تم اپنے اعمال کی سزا پالیتے، ان لوگوں کا کام بہت زیادہ تعجب آور ہے۔ ایسا کیوں کیا انہوں نے؟ کس دلیل پر انہوں نے اعتماد اور تکیہ کیا ہے؟ کون سی رسی سے تمسک کیا ہے؟ اور کس خاندان کے خلاف انہوں نے اقدام کیا ہے؟ علیؑ کی جگہ کس کا انتخاب کیا ہے؟ خدا کی قسم علیؑ کی جگہ ادنیٰ لیاقت والے کو لے آئے، گمان کرتے ہیں کہ انہوں نے اچھا کام کیا ہے، حالانکہ انہوں نے غیر معقول کام انجام دیا ہے۔ وہ خود بھی نہیں جانتے کہ انہوں نے اصلاح کی جگہ فساد اور فتنے کو ایجاد کیا ہے۔ آیا وہ شخص جو لوگوں کو ہدایت کی طرف لے جائے پیروی کے لئے بہتر ہے یا وہ شخص جو اپنی ہدایت پانے کا دوسروں کی طرف محتاج ہو، تم کس طرح فیصلہ دیتی ہو؟ خدا کی قسم ان کے کردار اور آئندہ آنے والے حالات کا نتیجہ بعد میں ظاہر ہوگا لیکن تمہیں معلوم ہونا چاہیئے کہ سوائے تازہ خون اور قتل کرنے والے زہر کے اور کوئی نتیجہ نہیں نکلے گا۔

اس وقت ظلم کرنے والوں کا نقصان میں ہونا ظاہر ہو جائے گا۔ اب تم گویا واقعات کے لیے تیار ہو جاؤ اور کاٹنے والی تلواروں اور دائمی گڑبڑ اور ڈکٹیٹرشپ کا انتظار کرو۔ تب زمانے بیت المال کو لوٹیں گے اور تب زمانے ساتھ کو اپنی جیب میں ڈالیں گے تمہاری حالت پر افسوس۔ اس

طرح کیوں ہو گئے ہو؟ تمہیں علم نہیں کہ کس خطرناک راستے پر چل پڑے ہو؟ نتائج سے ناواقف ہو؟ کیا ہم تم کو ہدایت پر مجبور کر سکتے ہیں جب کہ تم ہدایت کی طرف جانے کو پسند نہیں کرتے[1]

زیادہ غم و اندوہ

جناب زہراؑ کی بیماری اور کمزوری کی وجہ صرف سادہ بیماری ہی نہ تھی بلکہ غم اور افکار و رنج زیادہ پریشانیاں تھیں آپ پر بہت زیادہ روحانی فشار کا موجب بنی ہوئی تھیں جب آپ اپنے چھوٹے سے کمرے میں چمڑے کے فرش پر کھال سے بنے ہوئے سرہانے پر تکیہ کئے سوئی ہوئی تھیں تو آپ پر مختلف قسم کے افکار ہجوم کرتے آہ کس طرح لوگوں نے میرے باپ کی وصیت پر عمل نہیں کیا اور میرے شوہر سے خلافت کو لے لیا؟ خلافت کے لے لینے کے آثار اور خطرناک نتائج قیامت تک باقی رہیں گے جو خلافت ملت پر زبردستی اور جلد بازی سے مسلط کی جائے اس کا انجام اچھا نہیں ہوتا۔ مسلمانوں کی ترقی اور پیشرفت کی علت ان کا اتحاد اور اتفاق تھا وہ کتنا بڑا سرمایہ اور طاقت ان سے چھین گیا ہے؟ ان میں اندرونی اختلاف پیدا کر دیئے گئے ہیں۔ اسلام کے اقتدار کی تمام جو طاقت تھی وہ پراگندگی اور اختلاف میں تبدیل کر دی گئی ہے۔ اسلام کو انہوں نے کمزوری اور پراگندگی اور ذلت

---

[1] احتجاج طبرسی ج ۱ ص ۱۴۹ ـ بحار الانوار ج ۴۳ ص ۱۶۰ ـ شرح ابن ابی الحدید ج ۱۶ ص ۲۳۳ ـ بلاغات النساء ص ۱۹

کے راستے پر ڈال دیا ہے۔

آہ کیا میں رسولؐ کی عزیزہ وہی فاطمہ نہیں ہوں جو اب بیماری کے بستر پر پڑی ہوئی ہوں اور میں امت کے حرمات سے درد و کرب سے نالاں ہوں اور موت کا مشاہدہ کر رہی ہوں؟ پس پیغمبر کی وہ تمام سفارشیں کہاں گئیں؟ خدایا علیؑ اس بہادری اور شجاعت کے باوجود کہ جو ان میں دیکھتی ہوں کس طرح گرفتار اور مجبور ہو گئے ہیں کہ اسلام کے مصالح کی حفاظت کے لئے ہاتھ پر ہاتھ رکھے اپنے صحیح حق کے چھینے پر سکوت اختیار کر بیٹھے؟ آہ میری موت نزدیک ہو گئی اور جلدی سے عالم دنیا سے جا رہی ہوں اور دنیا کے غم اور غصے سے نجات حاصل کر رہی ہوں لیکن اپنے یتیم بچوں کا کیا کروں؟ حسنؑ اور حسینؑ، زینب اور کلثوم میرے بعد غم میں ہو جائیں گے؟ آہ کتنی مصیبت سر پر ان جگر گوشوں پر وارد ہوں گی میں نے کئی دفعہ اپنے باپ سے سنا ہے کہ آپ فرماتے تھے کہ میرے حسنؑ کو زہر دے دیں گے اور حسینؑ کو تلوار سے قتل کر دیں گے ابھی سے اس پیشین گوئی کی علامتیں ظاہر ہونے لگی ہیں

آپ کبھی اپنے چھوٹے سے حسینؑ کو گود میں لے کر ان کی گردن کا بوسہ لیتیں اور ان کے مصائب پر افسوس کرتیں اور کبھی آپ اپنے حسنؑ کو سینے سے لگا لیتیں اور ان کے معصوم ہونٹوں پر بوسہ دیتیں اور کبھی زینب و کلثوم پر نظر دوڑاتیں ان کی مصیبتیں اور واقعات کو یاد کرتیں اور ان کے لئے گریہ کرتیں۔

اسی قسم کے پریشان کرنے والے افکار جناب زہراؑ کو تکلیف اور رنج دیتے تھے اور آپ دن بدن کمزور اور ضعیف ہوتی جا رہی تھیں۔

ایک روایت میں وارد ہوا ہے کہ جناب فاطمہ وفات کے وقت رو

رہی تھیں حضرت علیؑ نے فرمایا کہ آپ کیوں رو رہی ہیں؟ آپ نے جواب دیا کہ آپ کے مستقبل کے واقعات اور مصائب پر رو رہی ہوں۔ حضرت علیؑ نے فرمایا آپ روئیں نہیں قسم خدا کی اس قسم کے واقعات میرے نزدیک کوئی اہمیت نہیں رکھتے ہیں۱

ناپسندیدہ عیادت

مسلمانوں کی عورتیں اور پیغمبرؐ کی رشتہ دار عورتیں اور پیغمبرؐ کے خاص صحابہ کبھی کبھی جناب فاطمہؑ کی مزاج پرسی اور عیادت کرتے تھے لیکن جناب عمر اور ابوبکر آپ کی عیادت سے روکے گئے تھے کیونکہ جناب زہراؑ نے پہلے سے ارادہ کر رکھا تھا کہ ان کے ساتھ قطع کلام رکھیں گی اس لیے آپ انہیں عیادت اور ملاقات کی اجازت نہ دیتی تھیں۔ آہستہ آہستہ اراکین خلافت میں یہ خوف پیدا ہو گیا کہ کہیں جناب فاطمہؑ فوت نہ ہو جائیں اور وقت کے خلیفہ سے ناراض وہ انتقال کر گئیں تو یہ قیامت تک ان کے دامن پر ننگ اور عار کا دھبہ لگ جائے گا اس لیے وہ فوری افکار کے درپے تھے اور مصمم رہے کہ کسی طرح جناب فاطمہؑ کی عیادت کریں لہذا حضرت علیؑ سے انہوں نے اصرار اور مدد کی کہ ان کی ملاقات کے اسباب فراہم کریں۔ حضرت علیؑ جناب فاطمہؑ کے پاس گئے اور فرمایا اے دختر رسولؐ ان دو آدمیوں نے آپ کی عیادت کرنے کی آپ سے اجازت چاہی ہے۔ آپ کی اس میں کیا رائے ہے؟

۱۔ بحارالانوار ج ۴۳ ص [illegible]

حضرت زہراؑ حضرت علیؑ کی حالت سے خوب واقف تھیں آپ نے عرض کیا گھر آپ کا ہے اور میں آپ کے اختیار میں ہوں آپ جس طرح مصلحت دیکھیں اس پر عمل کریں۔ آپ نے ایک چادر لے کر سر کے اوپر چادر ڈال لی اور دیوار کی طرف منہ کر لیا۔ وہ دونوں آدمی اندر آئے اور سلام کیا اور احوال پرسی کی اور عرض کیا کہ ہم اپنی غلطی کا اعتراف کرتے ہیں آپ ہم سے راضی ہو جائیں۔ جناب فاطمہؑ نے فرمایا کہ میں ایک چیز تم سے پوچھنا چاہتی ہوں اس کا جواب دو۔ انہوں نے عرض کی کہ فرمائیے۔ آپ نے فرمایا کہ تمہیں خدا کی قسم دیتی ہوں کہ آیا تم نے رسول خداؐ سے یہ سنا ہے کہ آپ نے فرمایا کہ فاطمہؑ میرے جسم کا ٹکڑا ہے۔ جو اسے اذیت دے گا اس نے مجھے اذیت دی ہے۔ انہوں نے عرض کی ہاں ہم نے یہ بات آپ کے والد سے سنی ہے۔ آپ نے اس کے بعد اپنے ہاتھ آسمان کی طرف اٹھائے اور کہا اے میرے خدا تو گواہ رہنا کہ انہوں نے مجھے اذیت دی ہے۔ ان کی شکایت تجھ سے اور تیرے رسولؐ سے کروں گی۔ نہیں میں ہرگز تم سے راضی نہ رہوں گی یہاں تک کہ والد سے ملاقات کروں۔ تمہارے کردار اور رفتار کو ان سے بیان کروں گی تاکہ وہ ہمارے درمیان قضاوت کریں۲

فاطمہؑ کی وصیت

جناب زہراؑ کی بیماری تقریباً چالیس دن تک

۲۔ بحارالانوار ج ۴۳ ص [illegible]

اس وقت دونوں بزرگوار رو رہے تھے۔[1]

جناب زہراؑ نے اپنے مختصر جملوں میں اپنی زندگی کے دور کو سمو دیا۔ اپنی صداقت کے مقام اور پاکدامنی اور شوہر کی اطاعت کو اپنے شوہر سے منوا لیا۔ حضرت علیؑ نے بھی آپ کے علم و معرفت اور پرہیزگاری و صداقت اور دوسری صفات کا شکریہ ادا کیا اور اپنی بے پناہ محبت اور لگاؤ کو آپ کی نسبت ظاہر کیا۔ اس وقت وہ احساسات بھرے دو دل، زن و شوہر جو اسلام کے نمونہ اور درخشاں تھے۔ کس طرح ابھرے کہ دونوں اپنے رونے پر قابو نہ پا سکے اور کافی وقت تک وہ روتے رہے اور اپنی مختصر سی اور دوستی زندگی پر جو محبت و صفا اور مہر و صداقت سے پر تھی گریہ کرتے رہے اور ایک دوسرے کو غیر معنوی رجحانات اور گرفتاریوں اور مصائب پر روتے رہے تاکہ اپنی آنکھوں کے آنسو سے اس کی اندرونی آگ جو ان کے جسم کو جلا دینے کے در پے تھی ٹھنڈا کر سکیں۔

جب آپ کا گریہ ختم ہوا، حضرت علیؑ نے جناب فاطمہؑ کا سر مبارک اپنے زانو پر رکھا اور فرمایا، اے پیغمبرؐ کی عزیز دختر جو آپ کا دل چاہتا ہے وصیت کریں اور مطمئن رہیں میں آپ کی وصیتوں سے تخلف نہ کروں گا۔ جناب فاطمہؑ نے یہ وصیتیں کیں:

ــــ مرد بغیر عورت کے زندگی نہیں بسر کر سکتا اور آپ کی مجبوری ہے شادی کریں میری خواہش ہے کہ آپ میرے بعد امامہ سے شادی کیجیے

۱۔ بحار الانوار ج ۴۳ ص ۱۹۱

طول پکڑ گئی لیکن ہر روز آپ کی حالت کمزور ہوتی جا رہی تھی اور آپ کی بیماری میں شدت آتی جا رہی تھی۔ آپ نے ایک دن حضرت علیؑ سے کہا اے ابن عم ــــ میں موت کے آثار اور علامتیں اپنے آپ میں مشاہدہ کر رہی ہوں مجھے گمان ہے کہ میں عنقریب اپنے والد سے ملاقات کروں گی میں آپ کو وصیت کرنا چاہتی ہوں۔ حضرت علیؑ جناب فاطمہؑ کے بستر کے قریب آ بیٹھے اور کمرہ کو خالی کر دیا اور فرمایا اے دختر پیغمبرؐ جو کچھ آپ کا دل چاہتا ہے وصیت کیجیے اور یقین کیجیے کہ میں آپ کی وصیت پر عمل کروں گا۔ آپ کی وصیت کی انجام دہی کو اپنے دوسرے کاموں پر مقدم کروں گا۔ حضرت علیؑ نے جناب زہراؑ کے افسردہ چہرے اور حلقے پڑی ہوئی آنکھوں پر نگاہ کی اور رو دیئے۔ جناب فاطمہؑ نے پلٹ کر اپنی ان آنکھوں سے حضرت علیؑ کے غمناک اور پژمردہ مہربان چہرے کو دیکھا اور پکارے ابن عم میں نے آج تک آپ کے گھر میں جھوٹ نہیں بولا اور نہ ہی خیانت کی ہے اور کبھی آپ کے احکام اور دستورات کو پس پشت ڈالا ہے۔

حضرت علیؑ نے فرمایا آپ کو اللہ تعالیٰ کی معرفت اور آپ کا تقویٰ اتنا قوی اور عالی ہے کہ آپ کے بارے میں اس کا احتمال تک نہیں دیا جا سکتا خدا کی قسم آپ کی جدائی اور فراق مجھ پر سخت ہے لیکن موت کے سامنے کسی کا چارہ نہیں۔ خدا کی قسم تم نے میرے مصائب تازہ کر دیئے ہیں، پیغمبرؐ کی بے وقت موت میرے لئے ایک دردناک حادثہ ہے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون یہ مصیبت کتنی ناگوار اور دردناک ہے۔ خدا کی قسم دل چاک کر دینے والی مصیبت کو میں کبھی نہیں فراموش کروں گا۔ کوئی چیز اس مصیبت سے تسلی بخش نہیں ہو سکتی ہے

کہ، کیونکہ یہ میرے بچوں پر زیادہ مہربان ہے۔[۱]

۲۔ میرے بچے میرے بعد یتیم ہو جائیں گے ان سے محبت و نرمی سے پیش آنا، ان کو سخت لہجے سے نہ پکارنا، ان کی دلجوئی کے لیے ایک رات ان کے پاس رہنا ایک رات اپنی بیوی کے پاس۔[۲]

۳۔ میرا اس طرح کی کیفیت کا تابوت بنانا تاکہ میرا جنازہ اٹھاتے وقت میرا جسم نمایاں نہ ہو چونکہ آپ نے کبھی تابوت کی کیفیت بیان کی۔[۳]

۴۔ مجھے رات کو غسل دینا اور کفن پہنانا اور دفن کرنا اور ان افراد کو جنازے میں شرکت نہ دینا جنہوں نے میرا حق غصب کیا ہے اور مجھے اذیت اور آزار دیا ہے کہ وہ میرے جنازے کی تشییع میں حاضر ہوں۔[۴]

۵۔ رسول خدا کی بیویوں میں سے ہر ایک کو بارہ وقیہ (گندم کا وزن) دینا

۶۔ بنی ہاشم کی ہر ایک عورت کو بھی بارہ وقیہ دینا۔

۷۔ امامہ کو بھی کچھ دینا۔

۸۔ ذی حسنی نامی باغ [illegible] اور دلال اور عواف [illegible] اور ام ابراہیم [illegible] باغات [illegible] میرے بعد آپ کے اختیار میں ہوں گے اور آپ کے بعد حسنؑ اور حسنؑ کے بعد حسینؑ اور حسینؑ کے بعد ان کے بڑے لڑکے کے اختیار میں ہوں گے اس وصیت کے لکھنے والے

۱؎۔ مناقب ابن شہر آشوب۔ ج [illegible] ص [illegible]۔

۲؎۔ بحار الانوار ج [illegible] ص [illegible]۔

۳؎۔ بحار الانوار ج [illegible] ص [illegible]۔

۴؎۔ دلائل الامامۃ ص [illegible]۔

علیؑ اور گواہ مقداد اور زبیر تھے۔[۱]

ابن عباس سے روایت کی ہے کہ یہ تحریری وصیت بھی آنحضرتؐ سے باقی رہ گئی ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یہ وصیت نامہ فاطمہؑ پیغمبرؐ کی دختر کا ہے میں خدا کی وحدانیت کی گواہی دیتی ہوں اور گواہی دیتی ہوں کہ محمدؐ خدا کے رسول ہیں بہشت اور دوزخ حق ہیں، قیامت کے واقع ہونے میں شک نہیں ہے۔ خدا مردوں کو زندہ کرے گا۔ یا علیؑ خدا نے مجھے آپ کا ہمسر قرار دیا ہے تاکہ دنیا اور آخرت میں اکٹھے رہیں، میرا اختیار آپ کے ہاتھ میں ہے۔ اے علیؑ رات کو مجھے غسل و کفن دینا اور حنوط کرنا اور دفن کر دینا اور کسی کو خبر نہ کرنا میں آپ سے وداع ہوتی ہوں میرا سلام میری تمام اولاد کو جو قیامت تک پیدا ہوں گی پہنچا دینا۔[۲]

آپ اپنی زندگی کے آخری لمحات میں

جناب فاطمہؑ کی بیماری شدید ہو گئی اور آپ کی حالت خطرناک ہو گئی حضرت علیؑ ضروری کاموں کے علاوہ آپ کے بستر سے جدا نہ ہوتے تھے جناب اسماء بنت عمیس آپ کی تیمارداری کرتی تھیں جناب امام حسنؑ اور امام حسینؑ اور زینب و ام کلثوم ماں کی یہ حالت دیکھ کر آپ سے

۱؎۔ دلائل الامامۃ ص [illegible]۔

۲؎۔ بحار الانوار ج [illegible] ص [illegible]۔

بہت کم حدمت کرتے تھے۔ جناب فاطمہؑ کبھی مرض کی شدت سے بیہوش ہو جایا کرتی تھیں۔ کبھی آنکھیں کھولتیں اور اپنے عزیزوں پر حسرت کی نگاہ ڈالتیں۔

حضرت علیؑ فرماتے ہیں کہ جناب فاطمہؑ نے رحلت کے وقت آنکھیں کھولیں اور ایک تیز نگاہ اطراف پر ڈالی اور فرمایا: السلام علیک یا رسول اللہ۔ اے میرے اللہ مجھے اپنے پیغمبرؐ کے ساتھ محشور فرما اور مجھے اپنی بہشت اور اپنے جوار میں سکونت عنایت فرما۔ اس وقت حاضرین سے فرمایا: یہ فرشتوں کی جماعت اور جبرئیل ہیں [illegible] اور مجھ سے فرما رہے ہیں کہ میرے پاس جلدی آؤ [illegible] بہتر ہے۔[1]

حضرت علیؑ نے فرمایا ہے کہ جناب فاطمہؑ نے مجھ سے وفات کی رات فرمایا کہ اے ابن عم جبرئیل مجھے سلام کرنے کے لیے حاضر ہوئے اور کہہ رہے ہیں کہ خدا بعد سلام فرماتا ہے کہ عنقریب تم جنت میں والد سے ملاقات کرو گی۔ اس کے بعد آپ نے فرمایا: وعلیکم السلام۔ اس کے بعد مجھ سے فرمایا: اے ابن عم یہ میکائیل نازل ہوئے ہیں اللہ کی طرف سے پیغام [illegible] اس کے بعد فرمایا: وعلیکم السلام۔ اس وقت آپ نے آنکھیں کھولیں اور فرمایا: ابن عم خدا کی قسم عزرائیل آگئے ہیں اور میری روح قبض کرنے کے لئے آئے ہیں۔ اس وقت عزرائیل سے فرمایا کہ میری روح قبض کرو [illegible] ہے۔ آپ نے زندگی کے آخری لمحے میں فرمایا: خدایا میری طرف [illegible] کی طرف یہ کلمات آپ نے فرمائے اور [illegible] آنکھوں کو بند کر لیا اور

[1] دلائل الامامہ ص ۴۴۔

اور جان کو خالق جان کے سپرد کر دیا۔

[illegible] سے جناب زہراؑ کی وفات کا واقعہ اس طرح بیان کیا ہے کہ جب جناب فاطمہؑ کی وفات کا وقت قریب ہوا تو آپ نے مجھ سے فرمایا کہ میرے والد کی وفات کے وقت جبرئیلؑ کچھ کافور لے کر آئے تھے آپ نے اسے تین حصوں میں تقسیم کر دیا تھا ایک حصہ اپنے لئے رکھا تھا ایک حصہ حضرت علیؑ کے لیے اور ایک حصہ مجھے دیا تھا اور میں نے اسے فلاں جگہ رکھا ہے اب مجھے اس کی ضرورت ہے اسے لے آؤ۔ جناب [illegible] لے آئیں۔ آپ نے اس کے بعد — پہلے غسل کیا اور وضو کیا اور اسماء سے فرمایا میرے نماز کے کپڑے لے آؤ اور خوشبو بھی لے آؤ۔

جناب اسماء نے لباس حاضر کیا آپ نے وہ لباس پہنا اور خوشبو لگائی اور قبلہ رخ ہو کر اپنے بستر پر لیٹ گئیں اور اسماء سے فرمایا کہ آرام کر رہی ہوں تھوڑی دیر ——— بعد مجھے آواز دینا اگر میں نے جواب نہ دیا تو سمجھ لینا کہ میں دنیا سے رخصت ہو گئی ہوں اور علیؑ کو بہت جلدی اطلاع دے دینا۔ اسماء کہتی ہیں کہ میں نے تھوڑی دیر صبر کیا اور پھر کمرے کے دروازے پر آئی جناب فاطمہؑ کو آواز دی لیکن جواب نہ ملا تب میں نے [illegible] آپ کے چہرے سے ہٹایا تو دیکھا آپ دنیا سے گزر گئی ہیں [illegible] آپ کو بوسہ دیا [illegible] حسنؑ اور حسینؑ [illegible] داخل ہو گئے اور والدہ کی حالت پوچھی [illegible] اس وقت [illegible] وقت [illegible] ہماری ماں دنیا سے رخصت ہو گئی ہیں۔

امام حسنؑ اور امام حسینؑ ماں کے جنازے پر گر گئے اور رو رہے تھے اور روتے جاتے۔ امام حسنؑ کہتے تھے ماں مجھ سے بات کیجئے۔ امام حسینؑ کہتے تھے ماں جان میں تیرا حسینؑ ہوں قبل اس کے کہ مر جاؤں۔ روح پرواز کرے مجھ سے بات کیجئے۔ جناب زہراؑ کے بیٹے مسجد کی طرف دوڑے تاکہ باپ کو ماں کی موت کی خبر دیں۔ جب جناب زہراؑ کی موت کی خبر علیؑ کو ملی تو آپ نے شدت غم اور اندوہ سے بیتاب ہو کر فرمایا۔ پیغمبرؐ کی دختر آپ میرے لئے سکون کا باعث تھیں۔ اب آپ کے بعد کس سے تسکین حاصل کروں گا۔[1]

آپ کا دفن اور تشییع جنازہ

جناب زہراؑ کے گھر سے رونے کی آواز بلند ہوئی اہل مدینہ کو علم ہوگیا اور سارا شہر رونے لگا۔ گریہ کی آوازیں بلند ہونے لگیں۔ لوگوں نے حضرت علیؑ کے گھر کا رخ کیا۔ حضرت علیؑ بیٹھے ہوئے تھے۔ جناب امام حسنؑ اور امام حسینؑ آپ کے اردگرد بیٹھے گریہ کر رہے تھے۔ جناب ام کلثوم روتی تھیں اور فرماتی تھیں یا رسول اللہ گویا آج آپ ہمارے پاس سے چلے گئے۔ لوگ گھر کے باہر اجتماع کئے ہوئے تھے اور وہ حضرت زہراؑ کے جنازے کے باہر آنے کے منتظر تھے۔ اچانک جناب ابوذر گھر سے باہر نکلے اور کہا لوگو چلے جاؤ کیونکہ جنازے کی تشییع میں دیر کر دی گئی ہے۔[2]

---

[1] بحار الانوار ج ۴۳ ص [illegible]۔

[2] بحار الانوار ج ۴۳ ص [illegible]۔

جناب ابوبکر اور عمر نے حضرت علیؑ کو تعزیت دی اور عرض کیا یا ابوالحسن آپ ہم سے پہلے جناب فاطمہؑ پر نماز نہ پڑھیں۔[1]

لیکن حضرت علیؑ نے رات کے وقت جناب زہراؑ کو غسل و کفن دیا۔ جناب زہراؑ کے چھوٹے بچے جنازے کے اردگرد گریہ کر رہے تھے۔ جب آپ غسل و کفن سے فارغ ہو گئے تو آواز دی اے حسنؑ و حسینؑ اے زینب و ام کلثوم آؤ ماں کو وداع کرو کہ پھر ان کو نہ دیکھ سکو گے۔ جناب زہراؑ کے تمام بچے ماں کے جنازے پر گر گئے اور بوسہ دیا اور روئے۔ حضرت علیؑ نے ان کو جنازے سے ہٹا دیا۔[2]

جنازے پر نماز پڑھی اور جنازہ اٹھایا۔ جناب عباس، عقیل، مقداد، سلمان، ابوذر، عمار، حسنؑ اور حسینؑ، عقیل، بریدہ، حذیفہ، ابن مسعود جنازے کی تشییع میں شریک ہوئے۔[3]

جب تمام آنکھیں سو رہی تھیں اندھیرے میں جنازے کو آہستہ آہستہ اور خاموشی کے ساتھ قبر کی طرف لے گئے تاکہ منافقین کو علم نہ ہو جائے اور دفن کرنے سے روک نہ دیں۔ جنازے کو قبر کے کنارے زمین پر رکھ دیا گیا۔ اس وقت حضرت علیؑ نے خود اپنی بیوی کے بدن مبارک کو اٹھایا اور قبر میں رکھ دیا اور قبر کو فوراً بند کر دیا۔[4]

---

[1] بحار الانوار ج ۴۳ ص [illegible]۔

[2] بحار الانوار ج ۴۳ ص [illegible]۔

[3] بحار الانوار ج ۴۳ ص [illegible]۔

[4] بحار الانوار ج ۴۳ ص [illegible]۔

حضرت علیؑ جناب زہراؑ کی قبر پر

جناب زہراؑ کے دفن کو مخفی اور بہت سرعت سے انجام دیا گیا تاکہ دشمنوں کو اطلاع نہ ہو اور وہ آپ کے دفن میں مانع نہ ہوں لیکن جب حضرت علیؑ جناب زہراؑ کے دفن سے فارغ ہوئے آپ پر بہت زیادہ غم و اندوہ نے حملہ کیا آپ نے فرمایا اے خدا کس طرح میں نے پیغمبرؐ کی نشانی کو زمین میں دفن کیا ہے، کتنی مہربان بیوی، وفادار، پاکدامن اور فداکار کو ہاتھ سے دے بیٹھا ہوں۔ خدایا اس نے صبر و حوصلہ کر کے کیسے مصائب برداشت کیے ہیں کتنی میرے گھر میں رحمت اٹھالی ہے۔ وا زہراؑ کا جدائی درد و افسوس ان کے ٹوٹے ہوئے پہلو پر اور ان کے ورم کئے ہوئے بازو پر ان کے ساقط شدہ بچے پر، اے میرے خدا میری امید تھی کہ آخری عمر تک اس مہربان بیوی کے ساتھ گزاروں گا لیکن افسوس اور صد افسوس کہ موت نے ہمارے درمیان جدائی ڈال دی ہے۔ آہ میں زہراؑ کے یتیم چھوٹے بچوں کا کیا کروں؟

رات کے اندھیرے میں آپ جناب رسول خداؐ کی قبر کی طرف متوجہ ہوئے اور عرض کی سلام ہو آپ پر اے رسول خداؐ میری طرف سے اور آپ کی پیاری دختر کی طرف سے جو ابھی آپ کی خدمت میں پہنچنے والی ہے اور آپ کے جوار میں دفن ہوئی ہے اور سب سے پہلے آپ سے ملی ہے، یا رسول اللہؐ میرا صبر ختم ہو گیا ہے لیکن اس کے سوا چارہ بھی نہیں ہے، جیسے آپ کی مصیبت پر صبر کیا ہے زہراؑ کے فراق پر بھی صبر کروں گا

یا رسول اللہؐ آپ کی روح میرے دامن میں قبض کی گئی ہے، آپ کی آنکھوں کو بند کیا تھا میں نے تھا کہ جس نے آپ کے جسم مبارک کو قبر میں اتارا میں صبر کروں گا اور پڑھوں گا انا للہ و انا الیہ راجعون یا رسول اللہؐ وہ امانت جو آپ نے میرے سپرد کی تھی اب آپ کے پاس لوٹ گئی ہے زہراؑ میرے ہاتھ سے چھین لی گئی ہے۔ آسمان و زمین کی رونق ختم ہو گئی ہے، یا رسول اللہؐ میرے غم کی کوئی انتہا نہیں رہی، میری آنکھوں سے نیند اڑ گئی ہے میرا غم و اندوہ ختم نہ ہوگا مگر جب کہ میں مروں گا اور آپ کے پاس پہنچوں گا یہ ایسے غم اور مصائب ہیں جو دل کے زخموں سے پیدا ہوئے ہیں، ہماری باہمی ... جدائی کس جلدی ہو گئی ہے اپنے دل کے درد کو خدا سے بیان کرتا ہوں۔

یا رسول اللہؐ آپ کی دختر آپ کو خبر دے گی کہ آپ کی امت نے متحد ہو کر خلافت کو مجھ سے چھین لیا اور زہراؑ کے حق پر قبضہ کر لیا۔ یا رسول اللہؐ حالات دریافت کرنا ہوں تو جناب فاطمہؑ سے پوچھیں کیونکہ ان کے دل میں بہت زیادہ درد تھے جو بیان نہ کر سکیں لیکن آپ سے وہ بیان کریں گی تاکہ خدا ہمارے اور لوگوں کے درمیان قضاوت کرے۔ یا رسول اللہؐ آپ کو وداع کرتا ہوں لیکن اس لیے نہیں کہ آپ کی قبر پر بیٹھنے سے تھک گیا ہوں اور آپ سے رخصت چاہتا ہوں اس لیے نہیں کہ میں ملول خاطر ہو گیا ہوں اور اگر آپ کی قبر پر بیٹھوں تو اس لیے نہیں کہ اللہ تعالیٰ کے اس وعدہ پر جو صبر کرنے والوں کو دیا ہے یقین نہیں رکھتا، پھر بھی صبر کرنا تمام چیزوں سے بہتر ہے۔

یا رسول اللہؐ! اگر دشمنوں کی شماتت کا خوف نہ ہوتا تو آپ کی قبر پر مقیم رہتا اور اس مصیبت عظمیٰ پر روتا رہتا۔ یا رسول اللہؐ! ہمارے حالات ایسے تھے کہ ہم مجبور تھے کہ آپ کی بیٹی کو مخفی طور سے رات کی تاریکی میں دفن کریں۔ اس کا حق لے لیا گیا اور اسے میراث سے محروم رکھا گیا۔ یا رسول اللہؐ! میں اپنے اندرونی درد کو خدا کے سامنے پیش کرتا ہوں اور اس دردناک مصیبت پر آپ کو تسلیت پیش کرتا ہوں۔ آپ پر اور آپ کی مہربان بیٹی پر میرا درود ہو۔[1]

حضرت علیؑ نے دشمنوں کے خوف سے جناب زہراؑ کی قبر کا نشان ہموار کر دیا اور سات یا چالیس تازہ قبریں مختلف جگہ بنا دیں تاکہ حقیقی قبر نہ پہچانی جا سکے۔[2]

اس کے بعد آپ اپنے گھر واپس لوٹ آئے۔ جناب ابوبکر اور عمر اور دوسرے مسلمان دوسری صبح کو تشییع جنازہ کے لئے حضرت علیؑ کے گھر کی طرف روانہ ہوئے لیکن مقداد نے اطلاع دی کہ جناب فاطمہؑ کو کل رات دفن کر دیا گیا ہے۔ جناب عمر نے جناب ابوبکر سے کہا میں نے نہیں کہا تھا کہ وہ ایسا ہی کریں گے؟ جناب عباس نے اس وقت کہا کہ خود جناب فاطمہؑ نے وصیت کی تھی کہ مجھے رات کو دفن کیا جائے اور ہم نے آپ کی وصیت کے مطابق عمل کیا ہے۔ جناب عمر نے کہا بنی ہاشم کی دشمنی اور حسد ختم ہونے والا نہیں میں فاطمہؑ کی قبر کو کھودوں گا

۱۔ بحار الانوار، ج [illegible] ص [illegible]

۲۔ بحار الانوار، ج [illegible] ص [illegible]۔

اور اس پر نماز پڑھوں گا۔

حضرت علیؑ نے فرمایا: اے عمر! خدا کی قسم اگر تم یہ کام کرو گے تو میں تیرا خون تلوار سے بہا دوں گا ہرگز جب تک میں زندہ ہوں گا کہ زہراؑ کے جنازے کو قبر سے باہر نکالا جائے۔ جناب عمر نے حالت کو خطرناک پایا اور اپنے اس ارادے سے منحرف ہو گئے۔[1]

وفات کی تاریخ

بلا شبہ اس میں شک کی گنجائش نہیں کہ جناب زہراؑ کی وفات گیارہ ہجری کو ہوئی ہے کیونکہ پیغمبرؐ دس ہجری کو حجۃ الوداع کے سفر پر تشریف لے گئے اور گیارہ ہجری کے ابتدا میں آپ نے وفات پائی۔ مورخین کا اس پر اتفاق ہے کہ جناب فاطمہؑ آپ کے بعد ایک سال سے کم زندہ رہیں، لیکن آپ کی وفات کے دن اور مہینے میں بہت زیادہ اختلاف ہے۔

دلائل الامامہ کے مولف اور کلینی نے صحیح سند سے نقل کیا ہے اور محدث قمی نے منتہی الآمال میں آپ کی وفات تیسری جمادی الثانی کو بتلائی ہے۔

ابن شہر آشوب نے مناقب میں آپ کی وفات تیرہ ربیع الثانی میں بتلائی ہے۔

ابن جوزی نے تذکرۃ الخواص میں اور طبری نے اپنی تاریخ میں

۱۔ بحار الانوار، ج [illegible] ص [illegible]۔

فرمایا ہے کہ جناب زہراؑ نے پیغمبر کی رحلت کے بعد پچھتر دن تک وفات پائی
محسنؑ نے بجائے ... میں بھی ... محمد بن عمر سے نقل ہے
مجلسیؒ نے ... میں محمد بن جشم سے نقل کیا ہے کہ حضرت
فاطمہؑ کی وفات بیس جمادی الثانی کو ہوئی ۔

محمد تقی سپہر نے ... بیست سوم جمادی الثانی کو آپ کی
وفات لکھی ہے

... اختلاف ... پیدا ہو ہے کہ جس میں اختلاف ہے
کہ حضرت زہراؑ باپ کے بعد کتنے دن زندہ رہیں ۔

۷۵ روز: کلینی نے کافی میں اور ... کے موقف سے
لکھا ہے کہ جناب فاطمہؑ پیغمبرؐ کے بعد پچھتر دن زندہ رہیں ... سید مرتضیٰ
نے عیون المعجزات میں اسی قول کو اختیار کیا ہے اس قول کی دلیل وہ
روایت ہے جو امام جعفر صادق علیہ السلام سے ... ہوئی ہے امام جعفر صادقؑ نے فرمایا ہے کہ جناب فاطمہؑ پیغمبرؐ کے بعد
پچھتر دن زندہ رہیں ہیں[1]

۷۲ روز: ابن شہر آشوب نے مناقب میں لکھا ہے کہ فاطمہؑ باپ کے
بعد بہتر دن زندہ رہیں ۔

۳ مہینے: ابو الفرج نے مقاتل الطالبین میں لکھا ہے کہ جناب زہراؑ
کی زندگی میں پیغمبرؐ کے بعد اختلاف ہے لیکن تین مہینے سے زیادہ اور
چالیس دن سے کم نہیں لیکن صحیح قول وہی ہے کہ جو حضرت صادق علیہ السلام

[1] اصول کافی ج ۱ ص ۲۴۱ ۔

سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ حضرت زہراؑ رسول خداؐ کے
بعد تین مہینے زندہ رہیں ... اس قول کو صاحب کشف الغمہ نے دولابی سے اور
ابن جوزی نے عمرو بن دینار سے بھی نقل کیا ہے ۔

۴۰ دن: مجلسی نے بحار الانوار میں جناب ... سے جو جناب زہراؑ کی کنیز
تھیں اور کتاب روضۃ الواعظین میں ابن عباس سے روایت کی ہے کہ
انہوں نے کہا ہے کہ حضرت زہراؑ باپ کے بعد چالیس دن زندہ رہی ہیں
شہر ابن آشوب نے مناقب میں اسی قول کو قربانی سے نقل کیا ہے ۔

۶ مہینے: مجلسی نے بحار الانوار میں امام محمد باقرؑ سے روایت کی ہے
کہ حضرت زہراؑ باپ کے بعد چھ مہینے زندہ رہیں کشف الغمہ میں اسی قول
کو ابن شہاب اور زہری اور عائشہ اور عروہ بن زبیر سے نقل کیا ہے ۔
ابن جوزی نے تذکرۃ الخواص میں ایک قول چھ مہینے سے دس دن کم کا نقل
کیا ہے ۔

۴ مہینے: ابن شہر آشوب نے مناقب میں چار مہینے کا قول نقل کیا ہے ۔

۹۵ دن: امام محمد باقرؑ سے روایت کی گئی ہے کہ آپ نے فرمایا
ہے کہ جناب فاطمہؑ باپ کے بعد پچانوے دن زندہ رہیں ۔

۷۰ دن: ابن جوزی نے تذکرۃ الخواص میں امام جعفر صادقؑ سے روایت
کی ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ جناب فاطمہؑ باپ کے بعد ستر دن زندہ رہیں ۔

۲ مہینے، ۸ مہینے اور ۱۰۰ دن: مجلسی نے بحار الانوار میں دو مہینے
اور آٹھ مہینے اور سو دن کا قول بھی نقل کیا ہے ۔

[1] مقاتل الطالبین ص ۳۱

پیغمبرؐ کی وفات کی تاریخ میں بھی اختلاف ہے شیعہ علماء کے درمیان مشہور یہ ہے کہ آپ کی وفات ۲۸ صفر کو ہوئی لیکن اہل سنت کے اکثر علماء نے آپ کی وفات کو بارہ ربیع الاول لکھا ہے اور دوسری ربیع الاول بھی کہی گئی ہے۔

حضرت زہراؑ کا والد کی وفات کے بعد زندہ رہنے میں تیرہ قول ہیں اور جب ان کو جناب رسول خداؐ کی وفات کے قول کے ساتھ ملا کر دیکھا جائے تو پھر جناب فاطمہؑ کی وفات میں دن اور مہینے کے لحاظ سے بہت کافی احتمال ہو جائیں گے یعنی سینتیس کو تیرہ میں سے ضرب دیں گے تو حاصل ضرب استانیس اقوال ہو جائیں گے لیکن محققین پر یہ امر پوشیدہ نہیں کہ اس معاملے میں آئمہ علیہم السلام سے اقوال اور آراء ہی دوسرے اقوال پر مقدم ہونگے کیونکہ حضرت زہراؑ کی اولاد دوسروں کی نسبت اپنی ماں کی وفات سے زیادہ باخبر تھی لیکن جیسا کہ آپ نے ملاحظہ کیا ہے خود آئمہ علیہم السلام کی روایات اس باب میں مختلف وارد ہوئی ہیں اس لئے کہ روایات میں پچھتر دن اور پچانوے دن اور تین مہینے اور چھ مہینے بھی وارد ہوئے ہیں

اگر پیغمبرؐ کی وفات کو اٹھائیس صفر تسلیم کر لیں اور پھر پچھتر دن کی روایت کا لحاظ کریں تو آپؐ کی وفات اس لحاظ سے ۱۳ جمادی الاولیٰ کو ہی محتمل ہوگی اور اگر پچانوے دن کی روایت کا لحاظ کریں تو پھر تیسری جمادی الثانی کو حضرت کی وفات ممکن ہوگی۔

اسی طرح آپ خود حساب کر سکتے ہیں اور دوسرے احتمال جو نکل سکتے ہیں انہیں معلوم کر سکتے ہیں۔

جناب زہراؑ کی عمر کے بارے میں بھی ۱۸، ۲۸، ۲۹، ۳۰، ۳۵ سال

جیسے مقامات موجود ہیں اور چونکہ پہلے ہم اس کی طرف اشارہ کر چکے ہیں لہذا یہاں دوبارہ ذکر کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔

جناب فاطمہؑ کی قبر مبارک

ہم نے پہلے ذکر کیا ہے کہ خود جناب فاطمہؑ نے ارادہ کیا تھا کہ آپ کی قبر مخفی رہے اسی لئے حضرت علیؑ نے آپؑ کو رات کی تاریکی میں دفن کیا اور آپ کی قبر کو زمین سے ہموار کر دیا اور چالیس تازہ قبروں کی صورت بنا دی تاکہ دشمن اشتباہ میں رہیں اور آپ کی حقیقی قبر کی جگہ معلوم نہ کر سکیں گرچہ خود حضرت علیؑ اور ان کی اولاد اور خاص اصحاب اور رشتہ دار آپ کی قبر کی جگہ جانتے تھے۔ لیکن چونکہ جناب زہراؑ کی سفارش تھی کہ قبر کو مخفی رکھیں لہذا ان میں سے کوئی بھی حاضر نہ ہوتا تھا کہ آپؑ کی قبر کی نشاندہی کرتا یہاں تک کہ ایسے قرائن اور آثار بھی سب چھوڑ گئے کہ جس سے آپ کی قبر معلوم کی جا سکے۔ اگرچہ ظاہری طور سے آپ کی قبر سے آگاہ تھے لیکن انہیں بھی اس کی اجازت نہ تھی کہ وہ اس راز کو فاش اور اظہار کریں۔ لیکن اس کے باوجود اہل تحقیق نے اس کی جستجو میں سعی کی اور اس بارے میں بحث و گفتگو کرتے رہے ہیں بعض قرائن اور امارات سے آپ کے دفن کی جگہ کی نشاندہی سے بتلایا ہے۔

بعض علماء نے کہا ہے کہ آپ جناب پیغمبرؐ کے روضہ میں ہی دفن ہیں۔ مجلسی نے محمد بن ہمام سے نقل کیا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ حضرت علیؑ نے جناب فاطمہؑ کو رسولؐ کے روضہ میں دفن کیا ہے لیکن قبر کے آثار کو بالکل

مٹا دیا۔ مجلسیؒ نے جناب لعد سے نقل کیا ہے کہ آپ نے کہا کہ جناب فاطمہؑ کی نماز جنازہ روضہ میں پڑھی گئی اور آپ کو رسولؐ کے روضہ میں ہی دفن کر دیا گیا۔

شیخ طوسی نے فرمایا ہے کہ بظاہر جناب فاطمہؑ کو جناب رسول خداؐ کے روضہ میں دفن کیا گیا ہے اس احتمال کے لئے جو دلیل لائی جا سکتی ہے وہ وہ روایت ہے کہ جو رسول خداؐ سے نقل کی گئی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ میری قبر اور میرے منبر کے درمیان جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔[1]

دوسری دلیل یہ ہے کہ لکھا ہے کہ حضرت علیؑ نے روضۂ پیغمبرؐ پر فاطمہؑ کی نماز پڑھی اور اس کے بعد پیغمبرؐ کو مخاطب کیا اور فرمایا میرا اور آپ کی دختر کا آپ پر سلام ہو جو آپ کے جوار میں دفن ہے۔

مجلسیؒ نے ابن بابویہؒ سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ میرے نزدیک یہ بات صحیح ہے کہ جناب فاطمہؑ کو اپنے گھر میں دفن کیا تھا اور جب بنی امیہ نے مسجد نبوی کی توسیع کی تو جناب فاطمہؑ کی قبر مسجد میں آگئی۔

مجلسیؒ نے محمد بن ابی نصر سے نقل کیا ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں نے جناب ابوالحسنؑ سے پوچھا کہ جناب فاطمہؑ کی قبر کہاں ہے تو آپ نے فرمایا کہ اپنے گھر میں مدفون ہیں اور بعد میں مسجد میں آگئی ہیں جب مسجد کی توسیع کی گئی۔

مؤلف کشف الغمہ لکھتے ہیں کہ مشہور یہ ہے کہ جناب فاطمہؑ کو بقیع میں دفن کیا گیا۔ سید مرتضیٰؒ نے بھی عیون المعجزات میں یہی قول اختیار کیا ہے

---

[1] بحار الانوار ج ۴۳ ص ۱۸۵ ۔

ابن جوزی لکھتے ہیں کہ یہ بھی کہا گیا ہے کہ جناب فاطمہؑ بقیع میں مدفون ہیں یہ مطلب ثابت ہے کیونکہ حضرت علیؑ نے چالیس تازہ قبریں بقیع میں بنائی تھیں اور جب بعض نے ان قبروں میں جناب فاطمہؑ کے جنازے کو نکالنے کا ارادہ کیا تو حضرت علیؑ خشمناک اور غضبناک ہو گئے تھے اور انہیں قتل کرنے کی دھمکی دی تھی۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان قبروں میں سے ایک قبر جناب زہراؑ کی تھی۔

۴۔ ابن جوزی لکھتے ہیں کہ بعض نے لکھا ہے کہ جناب فاطمہؑ کو عقیل کے گھر کے قریب دفن کیا گیا تھا آپ کی قبر سے راستے تک سات ذراع کا فاصلہ ہے۔ عبداللہ بن جعفر نے کہا ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ جناب فاطمہؑ کی قبر عقیل کے گھر کے قریب واقع ہے۔ ان چار احتمالات میں سے پہلا اور دوسرا احتمال ترجیح رکھتا ہے۔

ASSOCIATION ...
SHIA ITHNA ASHERI
JAMATE
MAYOTTE

حصہ ہفتم

حضرت زہراؑ کا جناب ابوبکر سے اختلاف
اور
اس کی تحقیق

واقعہ فدک اور جناب زہراؑ کا جناب ابوبکر سے اختلاف و نزاع صدر اسلام سے لے کر آج تک شیعہ علماء اور دانشمندوں کے درمیان مورد بحث و تحقیق رہا ہے۔ اس موضوع پر بہت زیادہ کتابیں لکھی جا چکی ہیں۔ ان تمام مباحث کا ذکر کرنا جب کہ اس کتاب کی غرض جناب فاطمہ کی زندگی کے ان واقعات کی تشریح کرنی ہے جو لوگوں کے لیے عملی درس ہوں، بہت زیادہ مناسبت نہیں رکھتا اور ہم پہلے بھی اس واقعہ پر مختصر طور پر اس کی طرف اشارہ بھی کر چکے ہیں لیکن بڑے لوگ ایک سطح کی معلومات نہیں رکھتے لیکن ان میں بعض حضرات محقق ہوا کرتے ہیں کہ جو چاہتے ہیں کہ اس حساس اور مہم موضوع پر جو صدر اسلام سے مورد بحث رہا ہے زیادہ تحقیق اور بحث کی جانب چاہئے اور اس واقعہ کو علمی لحاظ سے مورد بحث اور تحقیق قرار دیں ہوں، چاہیے لہٰذا ہم اس چیز کو مد نظر رکھ کر بہت تفصیل سے بحث کرتے ہیں کیونکہ اس موضوع میں وہ زیادہ دلچسپ ہیں تا کہ اس موضوع پر زیادہ بحث کی جائے۔

اختلاف اور نزاع کا موضوع

جو لوگ اس بحث میں وارد ہوئے ہیں اکثر نے صرف فدک کے بارے میں بحث کی ہے کہ گویا نزاع اور اختلاف کا موضوع صرف فدک ہی تھا۔ اسی وجہ سے یہاں پر کافی خیالات اور ابہام پیدا ہو گئے ہیں لیکن جب اصلی مدارک کا مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ اختلاف کا موضوع صرف فدک ہی میں منحصر نہیں ہے بلکہ بعض دوسرے امور میں بھی اختلاف اور نزاع موجود رہے۔ مثلاً

جناب عائشہ سے نقل کیا ہے کہ فاطمہ نے کسی کو ابوبکر کے پاس بھیجا اور اپنے باپ کی میراث کا مطالبہ کیا جناب فاطمہ نے اس وقت تین چیزوں کا مطالبہ کیا تھا۔ اول پیغمبر کے وہ اموال جو مدینہ میں موجود تھے۔ دوم فدک سوم خیبر کا باقیماندہ خمس۔ جناب ابوبکر نے جناب فاطمہ کو جواب دیا کہ پیغمبر نے فرمایا ہے کہ ہم میراث نہیں چھوڑتے جو کچھ ہم سے باقی رہ جائے وہ صدقہ ہوگا۔ آل محمد بھی اس سے ارتزاق کر سکیں گے۔ خدا کی قسم میں رسول خدا کے صدقات کو تغییر نہیں دوں گا اور اسی کے مطابق عمل کروں گا۔ جناب ابوبکر تیار نہ ہوئے کہ کوئی چیز جناب فاطمہ کو دیں اسی لیے جناب فاطمہ ان پر غضبناک ہوئیں اور آپ سے کنارہ کشی اختیار کر لی اور وفات تک ان سے گفتگو اور کلام نہ کیا۔۱؎

۱؎۔ شرح ابن ابی الحدید ج ۱۶ ص ۲۱۷

ابن ابی الحدید لکھتے ہیں کہ جناب فاطمہ نے جناب ابوبکر کو پیغام دیا کہ کیا تم رسول خدا کے وارث ہو یا ان کے رشتہ دار اور اہل ہو؟ جناب ابوبکر نے جواب دیا کہ وارث ان کے اہل اور رشتہ دار ہیں۔ جناب فاطمہ نے فرمایا کہ پس رسول خدا کا حصہ کیا ہوا؟ جناب ابوبکر نے کہا کہ میں نے آپ کے والد سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ خدا نے پیغمبر کے لئے طعمہ اور خوراک مقرر کی ہے اور جب اس کی روح قبض کر لیتا ہے تو وہ مال ان کے خلیفہ کے لئے قرار دے دیتا ہے میں آپ کے والد کا خلیفہ ہوں مجھے چاہئے کہ اس مال کو مسلمانوں کی طرف لوٹا دوں۔۱؎

عروہ سے نقل کیا ہے کہ حضرت فاطمہ کا اختلاف اور نزاع جناب ابوبکر سے فدک اور ذوی القربی کے حصے کے مطالبے کے سلسلے میں تھا لیکن جناب ابوبکر نے انہیں کچھ بھی نہ دیا اور ان کو خدا کے اموال کا جزو قرار دے دیا۔۲؎

جناب حسن بن علی بن ابی طالب فرماتے ہیں کہ جناب ابوبکر نے جناب فاطمہ اور بنی ہاشم کو ذوی القربی کے سہم اور حصے سے محروم کر دیا اور اسے سبیل اللہ کا جزو قرار دے دیا کہ اس سے جہاد کے لئے اسلحہ اور دوسری ضروریات خریدتے تھے۔۳؎

ان مطالب سے معلوم ہو جائے گا کہ حضرت فاطمہ فدک کے علاوہ بعض دوسرے موضوعات میں جیسے رسول خدا کے ان اموال میں جو مدینہ

۱؎۔ شرح ابن ابی الحدید ج ۱۶ ص ۲۱۹۔

۲؎۔ شرح ابن ابی الحدید ج ۱۶ ص ۲۳۱۔

۳؎۔ شرح ابن ابی الحدید ج ۱۶ ص ۲۳۱۔

میں تھے اور خیبر کے خمس سے جو باقی رہ گیا تھا اور غنائم سے رسول خدا کے کام آتا رہا [illegible] تقریبًا سب میں کچھ جناب ابوبکر کے ساتھ نزاع رکھتی نہیں لیکن بعد میں یہ مختلف موضوع خلط ملط کر دیئے گئے جس کی وجہ سے جناب فاطمہؑ کے اختلاف اور نزاع [illegible] رونما ہوگئے حقیقت اور اصل مقصد کے واضح [illegible] کے لئے ضروری ہے کہ تمام موارد نزاع کو ایک دوسرے سے علیحدہ اور جدا کیا جائے اور ہر ایک میں علیحدہ بحث اور تحقیق کی جائے۔

پیغمبرؐ کے شخصی اموال

پیغمبرؐ کی کچھ چیزیں [illegible] مال تھے جو آپ کی ذات کے ساتھ مخصوص تھے اور آپ کی [illegible] تھے جیسے مکان اور اس کے وہ کمرے کہ جن میں آپ [illegible] کی ازواج رہتی تھیں آپ کا شخصی [illegible] گھر کے سامان جیسے فرش [illegible] وغیرہ تلوار، زرہ [illegible] سواری کے جانور جیسے گھوڑے [illegible] اور دودھ دینے والے [illegible] پیغمبروں کے [illegible] مالک [illegible] کتابوں میں تفصیل کے ساتھ درج ہیں[1]

[illegible]

۱۔ مناقب شہر ابن آشوب ج ۱ ص [illegible] کشف الغمہ ج ۱ ص [illegible]

حسن بن علی وشاء کہتے ہیں کہ میں نے امام رضا علیہ السلام کی خدمت میں عرض کی کہ کیا رسول خدا نے فدک کے علاوہ بھی کوئی مال چھوڑا تھا؟ تو آپ نے فرمایا ہاں مدینہ میں چند باغ تھے جو وقف تھے اور چھ گھوڑے تین عدد ناقہ جن کے نام عضباء [illegible] دو عدد [illegible] جس کا نام [illegible] اور دلدل تھا، ایک عدد گدھا بنام یعفور دو عدد دودھ دینے والی گوسفند چالیس اونٹنیاں دودھ دینے والی ایک تلوار ذوالفقار نامی، ایک زرہ بنام ذات الفضول عمامہ بنام سحاب دو عدد [illegible] ایک انگوٹھی، ایک عدد [illegible] بنام [illegible] ایک فرش [illegible] کا [illegible] چمڑے کے تکیے ـــــ پیغمبرؐ یہ چیزیں رکھتے تھے آپ کے بعد تمام چیزیں جناب فاطمہؑ کی طرف سوائے زرہ، شمشیر، عمامہ اور انگوٹھی کے منتقل ہوگئیں تلوار، زرہ، عمامہ اور انگوٹھی حضرت علیؑ کو دیئے گئے[1]

پیغمبرؐ کے وارث آپ کی ازواج اور جناب فاطمہ زہراؑ تھیں۔ تاریخ میں اس کا ذکر نہیں آیا کہ پیغمبرؐ کے ان اموال کو ان کے ورثاء میں تقسیم کیا گیا تھا لیکن بظاہر اس میں کوئی شک نہیں کہ آپ کے مکانات آپ کی ازواج ہی کو دے دیئے گئے تھے کہ جن میں وہ آپ کے بعد رہتی رہیں۔ بعض نے یہ کہا ہے کہ پیغمبرؐ نے اپنی زندگی میں یہ مکانات اپنی ازواج کو بخش دیئے تھے اور اس مطلب کو ثابت کرنے کے لئے اس آیت سے استدلال کیا گیا ہے۔

وقرن فی بیوتکن ولا تبرجن [illegible]

۱۔ کشف الغمہ ج [illegible] ص [illegible]

میں انہیں دیکھ لینے دیا جہاں وہ پیغمبرؐ کی زندگی میں رہ رہی تھیں۔ جب خاندان کے دوسرے لوگوں میں سے کسی نے بھی اس لحاظ سے حق کا مطالبہ نہیں کیا اور سمجھا کہ آپ حضرت تاحیات رہنے دیکھا۔ خلاصہ یہ کہ کسی کو شک نہیں کرنا چاہیے کہ رسول خداؐ نے ان کے مکانوں کو چھوڑا ہے تو ورثا کی طرف منتقل ہوئے وراثت کے قانون اور آیات وراثت شامل ہوئیں۔

فدک

مدینہ کے مشرق میں ایک علاقہ ہے کہ جس کا نام فدک ہے مدینہ سے وہاں تک دو دن کا راستہ ہے۔ یہ علاقہ قدیم میں سرسبز و شاداب اور درختوں سے پر تھا۔ معجم البلدان والے لکھتے ہیں کہ اس علاقے میں کھجور کے بہت درخت تھے اور اس میں پانی کے چشمے تھے ... آج کل ... فدک کوئی ... ہے ... علاقہ ... قابل توجہ نہیں۔

علاوہ ... کے ... میں ... کو خیبر کا علاقہ فتح ہوگیا ... ہو کر کسی آدمی کو پیغمبرؐ کے پاس ... اور آپ سے صلح کرنے کی خواہش کی۔

... روایت میں نقل ہوا ہے کہ پیغمبر اکرمؐ نے ... کے پاس بھیجا ... اسلام قبول کرنے کی دعوت دی ... اسلام قبول ... صلح کرنے کی خواہش کا ... ان کی خواہش کو قبول فرمایا اور ان سے ایک صلح نامہ ...

... الاحلة ...

کہا گیا ہے کہ جو دو ... سے اس آیت میں حکم دیا ہے کہ ... میں رہو اور جاہلیت کے دور کی طرح باہر نہ نکلو۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ گھر ان کے تھے ... اس میں ... کا حق ... اس طرح دیا جاتا کہ تم پیغمبرؐ کے گھروں میں رہو ... حقیقت ... نہیں کہ یہ آیت اس مطلب کے ثابت کرنے کے لیے کافی نہیں ہے کیونکہ اس طرح کی نسبت دے دینا عربی گفتگو میں زیادہ ہوتی ہے اور عرف کسی چیز کا کسی طرف منسوب کر دینا اس کے مالک ہونے کی دلیل نہیں ہوا کرتا۔ مرد کی ملک کو اس کی بیوی اور اولاد کی طرف منسوب کیا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے تمہارا گھر، تمہارا ... تمہارا فرش، تمہارے ... حالانکہ ان تمام کا اصلی مالک ان کا باپ یا شوہر مرد ہوا کرتا ہے۔ کسی چیز کو منسوب کرنے کے لئے معمولی سی مناسبت بھی کافی ہوا کرتی ہے جیسے کہ ... مکان ... لیا ہو اس میں رہ لینے سے بھی کہا جاتا ہے تمہارا گھر، چونکہ پیغمبرؐ نے ہر ایک بیوی کے لئے ایک ایک کمرہ مخصوص کر رکھا تھا اس لئے کہا جاتا تھا جناب عائشہ کا گھر یا جناب ام سلمہ کا گھر یا جناب زینب کا گھر یا جناب ام حبیبہ کا گھر لہذا اس آیت سے یہ مستفاد نہیں ہوگا کہ پیغمبرؐ کے تمام ... ان کو بخش دیئے تھے۔ اس کے علاوہ اور کوئی بھی دلیل موجود نہیں جو یہ بتلائے کہ یہ مکان ان کی ملکیت میں تھا لہذا کہنا پڑے گا کہ ... سے ... بیوی ... کے طور پر ... سکتے ہیں ... احکام ... پیغمبرؐ کے احترام

... سورۂ احزاب آیت ۳۳۔

کو بر کیا اس صلح کی وجہ سے فدک کے یہودی اسلام کی حفاظت اور حمایت میں آ گئے ۔

صاحب فتوح البلدان لکھتے ہیں کہ یہودیوں نے اس صلح میں فدک کی آدھی زمین پیغمبرؐ کے حوالے کر دی تھی مسلمان یہ لکھتے ہیں کہ فدک کے تمام باغات اور اموال اور زمین کا نصف پیغمبرؐ کو دے دیا ۔

تاریخ گواہ ہے کہ اس صلح کی قرارداد کی رو سے جو فدک کے یہودیوں اور پیغمبرؐ کے درمیان قرار پائی تھی تمام زمین اور باغات اور اموال کا آدھا یہودیوں نے پیغمبرؐ کو دے دیا تھا یہ مال خالص پیغمبرؐ کی ذات کا ہو گیا کیونکہ جیسا کہ آپ ملاحظہ کر چکے ہیں یہ علاقہ بغیر جنگ کئے پیغمبرؐ کے ہاتھ آیا ہے اسلام کے قانون کی رو سے جو علاقہ بھی بغیر جنگ کئے فتح ہو جائے وہ پیغمبرؐ کا خالص مال ہوا کرتا ہے ۔

یہ قانون اسلام کے مسلم قانونوں میں سے ایک ہے اور قرآن مجید بھی یہی حکم دیتا ہے جیسے خداوند عالم قرآن مجید میں فرماتا ہے

وما افاء الله على رسوله منهم فما اوجفتم عليه من
خيل ولا ركاب ولكن الله يسلط رسله على من يشاء
والله على كل شيء قدير ما افاء الله على رسوله
من اهل القرى فلله وللرسول ۔

یعنی وہ مال کہ جو خدا نے اپنے پیغمبرؐ کے لئے عائد کر دیا ہے اور تم نے اس پر گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے لیکن اللہ اپنے پیغمبروں کو

۔ سورہ حشر آیت ۶ ۔

جس پر چاہتا ہے مسلط کر دیتا ہے اور خدا تمام چیزوں پر قادر ہے یہ اموال خدا اور اس کے پیغمبر کے لئے مخصوص ہیں ۔

اس بنا پر یہ بات روشن ہو جاتی ہے کہ فدک پیغمبرؐ کے خالص اموال سے تھا پیغمبرؐ زندہ تھے تو فدک کو پیغمبرؐ ہی اپنے خرچ میں لاتے تھے جیسا کہ آپ لکھتے ہیں آپ حق رکھتے تھے کہ جس جگہ کی مصلحت دیکھیں فدک کے مال کو خرچ کریں آپ اس سے حکومت کا ادارہ کرتے تھے بھی خرچ کرتے تھے اور کبھی اسلام کے اعلیٰ مصالح اور حکومت اسلامی کے مصالح اقتضا کرتے تو آپ کو حق تھا کہ فدک میں سے کچھ حصہ کسی کو بخش دیں تاکہ وہ اس کے منافع اور آمدنی سے فائدہ اٹھاتا رہے آپ کو حق تھا کہ فدک کے آباد کرنے کے عوض کسی کو بلاعوض یا معاوضہ پر بھی دے دیں اور آپ یہ بھی کر سکتے تھے کہ کسی کی اسلامی خدمات کے عوض اس سے کچھ حصہ بخش دیں اور یہ بھی کر سکتے تھے کہ فدک کی آمدنی سے حکومت اسلامی اور عمومی ضروریات پر خرچ کر دیں اور یہ بھی حق رکھتے تھے کہ اپنے خاندان کی ضروریات کے لئے فدک کا کچھ حصہ مخصوص قرار دے دیں ۔ بعض روایات سے ظاہر ہوتا ہے کہ آپ نے فدک کو اپنے اور اپنے خاندان کے معاش اور ضروریات زندگی کے لئے مخصوص کر رکھا تھا آپ نے فدک کی بعض بنجر زمین کو اپنے دست مبارک سے آباد کیا اور اس میں خرمے کے درخت لگائے ۔

ابن ابی الحدید لکھتے ہیں کہ جب متوکل عباسی نے فدک عبداللہ بن عمر بازیار کو بخش دیا تو اس میں اس وقت تک گیارہ خرمے کے وہ درخت موجود تھے جو جناب رسول خداؐ نے اپنے دست مبارک سے اس میں لگائے تھے

جب کبھی فدک جناب فاطمہؑ کی اولاد کے ہاتھ میں آتا تھا تو وہ اس کی آمدنی کے غریب و محتاجوں کو ہدیہ دیا کرتے تھے اور حاجی حضرات تبرک کے طور پر لے کر اس پر کافی احسان کیا کرتے تھے۔ جب بنی عباس فدک پر مسلط ہوا تو اس نے قثم بن امیہ کو حکم دیا کہ وہ تمام درخت کاٹ دے جب وہ درخت کاٹے گئے اور کاٹنے والا مزدور لوٹ آیا تو اسے فالج ہو گیا تھا[1]

معصومؑ کی عادت یہ تھی کہ فدک کی آمدنی سے اپنی اور اپنے خاندان کی ضروریات کے مطابق لے لیتے تھے اور جو باقی بچ جاتا تھا وہ بنی ہاشم کے فقراء اور ابن سبیل کو دے دیا کرتے تھے اور بنی ہاشم کے فقراء کی شادی کرانے کے اسباب بھی اسی سے مہیا کرتے تھے۔

فدک جناب فاطمہؑ کے پاس

ہم نے تاریخ کے اندر اختلاف جو جناب فاطمہؑ اور جناب ابوبکر کے درمیان پیدا ہوا وہ فدک کا معاملہ تھا۔ حضرت فاطمہؑ مدعی تھیں کہ رسول خداؐ نے اپنی زندگی میں فدک انہیں بخش دیا تھا لیکن جناب ابوبکر اس کا انکار کرتے تھے ابتداء میں تو جھگڑا ایک عادی امر شمار ہوتا تھا لیکن بعد میں اس نے ایسا سیاسی رنگ اختیار کیا اور اس حادثہ کی صورت اختیار کر لی جس کے آثار اور نتائج جامعہ اسلامی کے بہت دنوں تک دامن گیر ہو گئے اور اب بھی ہیں

[1] شرح ابن ابی الحدید ج ۱۶ ص ۲۱۶

اس مسئلہ پر جو بحث کی گئی ہے وہ بھی اسی طرح واضح اور روشن ہو جاتی ہے لہٰذا چند مطالب کی تحقیق ضروری ہے۔

پہلا مطلب کیا پیغمبرؐ کو دوسروں اور حکومت کے اموال میں سے بیٹی کو بخش دینے کا حق تھا یا نہیں؟ (واضح رہے کہ بعض علماء کا نظریہ یہ ہے کہ انفال فئی اور خمس وغیرہ جیسے اموال حکومت اسلامی کے مال شمار ہوتے ہیں اور حاکم اسلامی کی طرف سے ان پر کنٹرول کرتا ہے یہ اس کا ذاتی مال شمار نہیں ہوتا اسی نظریئے کے صاحب کتاب بھی معلوم ہوتے ہیں اگرچہ یہ نظریہ شیعوں کی اکثریت کے نزدیک غلط ہے اور جو دلائل ظاہر ہیں ان سے بھی یہ نظریہ غلط ثابت ہوتا ہے اور قرآن مجید کے ظاہر سے بھی اس نظریئے کی تردید ہوتی ہے کیونکہ ان تمام سے رسولؐ کا پیغمبرؐ اور امامؑ کا شخصی اور ذاتی مال ہونا معلوم ہوتا ہے منصب اور حکومت کا نہیں۔ صاحب کتاب اسی نظریئے کے مطابق فدک کے ہبہ کو حل کر رہے ہیں۔ مترجم)

شک ہے کہ کوئی یہ کہے کہ انفال اور دوسرے حکومت کے اموال عام مسلمانوں کے ہوتے ہیں اور حکومت کی زمین کو حکومت کی ملکیت میں ہی رہنا چاہیئے لیکن اسی کو عام ملت کے مصالح پر خرچ کرے۔ چونکہ پیغمبرؐ کے بارے میں ... اور لغزش سے معصوم تھے لہٰذا ... فدک کو جو کہ آپ کا ملک تھا اپنی بیٹی زہراؑ کو بخش دیا تھا۔

لیکن اس اعتراض کا جواب اس طرح دیا جا سکتا ہے کہ انفال اور اموال حکومت کی بحث ایک بہت وسیع دامن بحث ہے کہ جو ان اوراق میں تفصیل کے ساتھ تو بیان نہیں کی جا سکتی لیکن اسے مختصر اور خلاصہ کے طور پر کے

سے یہاں اس طرح بیان کیا جا سکتا ہے کہ اگر ہم مسلم بھی کر لیں کہ فدک بھی عام اور عمومی جو بیت المال تھا وہ اس کا تعلق حکومت اور ریاست کے سلطنت سے تھا یعنی اسلامی حکام نہ جانے تعلق رکھتا تھا لیکن پہلے جناب پیغمبر سے کہ ان اموال میں سے تھا جو معاشرے کے سربراہوں کے ساتھ تھا اور نصوص اسلامی کے مطابق وہ پیغمبر کی سرپرستی کے تحت ہے اس قسم کے اموال جو بغیر جنگ کے ہاتھ آئیں یہ پیغمبر کے خالص اختیار میں ہوتے ہیں اور جیسا مناسب سمجھیں خرچ کریں [illegible] آپ کا شخصی مال نہیں ہوتا تھا لیکن اس کا تعلق بھی حکام اسلامی اور حکومت سے ہوتا ہے جب بھی اس قسم کے مال کا عمومی حکومت سے ہو وہ دولت اور حکومت سے متعلق ہوتے ہیں بہت فرق ہوا کرتا ہے کیونکہ اس قسم کے مال کا اختیار پیغمبر کے ہاتھ میں ہے اور آپ اس قسم کے اموال میں تصرف کرنے میں محدود نہیں ہوا کرتے بلکہ آپ کو اس قسم کے اموال میں بہت وسیع اختیارات حاصل ہوا کرتے ہیں اور اس کے خرچ کرنے میں آپ اپنی مصلحت اندیشی اور صواب دید کے پابند اور مختار ہوتے ہیں یہاں تک کہ اگر عمومی مصلحت اس کا تقاضا کرے تو آپ اس کا کچھ حصہ کسی شخص کو یا کسی فرد کو دے بھی سکتے ہیں تاکہ وہ اس منافع سے بہرہ مند ہو اس قسم کے تصرفات کرنے میں اسلام میں کوئی اعتراض اور کوئی اشکال نہیں ہوگا بلکہ رسول خدا سے ایسی روایات حاصل ہیں کہ آپ نے [illegible] کے قطعات دیئے تھے کہ جسے اصطلاح میں اقطاع کہا جاتا ہے۔

بلاذری نے لکھا ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم نے زمین کے چند قطعات ـــــ جناب ابوبکر اور جناب عبدالرحمن بن عوف اور جناب [illegible] وغیرہ کو عنایت فرما

دیئے تھے۔[۱]

